



کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ
ABC CERTIFIED
Daily MASHRIQ QUETTA
اللہ ہی کے لیے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)
روزنامہ مشرق کوئٹہ
چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد
جلد 55 | بدھ 12 ربیع الاول 1448ھ 26 اگست 2026ء صفحات 10 | شمارہ 45
رجسٹرڈ BC-m-1 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345 081-2827344 | قیمت 40 روپے


## بھرتیوں میں میرٹ کو مقدم رکھا جائے گا، میر سرفراز بگٹی

**بلوچستان ریونیو اتھارٹی میں 19 افسران کی میرٹ پر تعیناتی کا عمل مکمل ہوگیا**

**توقع ہے کہ بی آر اے غیر ترقیاتی اخراجات کا بوجھ کم کریگی، تقریب سے خطاب**

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان ریونیو اتھارٹی میں بائر ایجوکیشن کمیشن کے ذریعے 19 افسران کی میرٹ پر تعیناتی کا عمل مکمل ہوگیا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے.......... بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

## بدخشان جھڑپوں میں پاک فوج کی موجودگی کا دعویٰ مسترد

**مسلح جھڑپیں افغانستان کے اندرونی سیکورٹی اور انتظامی مسائل ہیں، وزارت اطلاعات**

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزارت اطلاعات و نشریات نے.......... بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

## آبنائے ہرمز کو بارودی سرنگوں سے پاک کر دیا ہے، ٹرمپ

**امریکہ ایران کے خلاف مزید فوجی کارروائی کا امکان مسترد نہیں کر رہا، امریکی وزیر**

واشنگٹن (م ڈ) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کا کہنا ہے کہ آبنائے ہرمز کو بارودی سرنگوں سے پاک کر دیا گیا ہے اور امریکی فوج کی 'سپیس فورس' پوری آبنائے ہرمز کی.......... بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

## پی ٹی آئی کی توہین عدالت کی درخواست پر اعتراضات دور

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) بانی پی ٹی آئی عمران خان کی اسپتال منتقلی کے معاملے پر بانی پی ٹی آئی کی بہن کی توہین.......... بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

## فیلڈ مارشل کا دورہ کامیاب، نتائج جلد سامنے آنا شروع ہو جائینگے، ایران

**دونوں ممالک کے درمیان تعلقات مزید مضبوط بنانے اور باہمی تعاون کو وسعت دینے پر اتفاق کیا گیا، صدارتی دفتر**

تہران (م ڈ) ایرانی حکومت نے چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل عاصم منیر کے حالیہ دورے کو نتیجہ خیز اور سود مند قرار دے دیا۔ ایرانی صدارتی دفتر سے جاری بیان کے مطابق فیلڈ مارشل عاصم منیر کا ایران کا دورہ.......... بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

## عیدمیلادالنبیؐ آج عقیدت واحترام سے منائی جائیگی

**صوبہ بھر میں موبائل فون اور انٹرنیٹ سروس معطل رہے گی، ذرائع**

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) ملک بھر کی طرح بلوچستان اور کوئٹہ میں جشن.......... بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

## سرانان واقعہ کا زخمی چل بسا ہلاکتوں کی تعداد 6 ہوگئی

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) سرانان واقعہ میں زخمی ہونے والا شخص ہسپتال میں زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے چل بسا ہلاکتوں.......... بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

## عمر ایوب، زرتاج گل، مراد سعید، زلفی بخاری، شہباز گل، علی امین گنڈاپور و دیگر 9 مئی کے واقعات میں ملوث پائے گئے، عدالت

# انسدادِ دہشت گردی عدالت سے پی ٹی آئی کے 47 اشتہاری رہنماؤں کو 10،10 سال قید بامشقت کی سزا

## جائیدادیں ضبط کرنے کا حکم

**9 مئی جی ایچ کیو حملہ کیس میں تمام اشتہاری ملزمان کا علیحدہ ٹرائل چلایا گیا، انسدادِ دہشت گردی کی عدالت کے جج امجد علی شاہ نے فیصلہ جاری کیا**

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) راولپنڈی کی انسداد دہشت گردی عدالت راولپنڈی نے 9 مئی جی ایچ کیو حملہ کیس میں 47 اشتہاری ملزمان کو 10،10 سال قید اور.......... بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

**عیدمیلادالنبیؐ کے موقع پر آج روزنامہ مشرق کے دفاتر بند رہیں گے لہٰذا کل بروز جمعرات اخبار شائع نہیں ہوگا (ادارہ)**

## اپوزیشن عدم اعتماد لائے گی تو سہولت فراہم کریں گے، اسپیکر

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے کہا ہے کہ وزیر اعظم یا اسپیکر کے خلاف عدم اعتماد.......... بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

## مانگی ڈیم سانحہ، کمیشن نے معلومات کیلئے تاریخ میں توسیع کردی

**معلومات فراہم کرنے والوں کو مکمل کوائف کیساتھ آنے کی ہدایت**

کوئٹہ (خ ن) ضلع زیارت میں منگی ڈیم پمپنگ اسٹیشن پر دہشت.......... بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

## پٹرولیم مصنوعات کی دو روز کیلئے نئی قیمتیں مقرر

**پیٹرول 1 روپے 12 پیسے، ڈیزل 1 روپے 11 پیسے مہنگا**

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) حکومت نے پیٹرولیم مصنوعات کی.......... بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

## ہم انصاف دینے والے ججوں کے ساتھ کھڑے ہیں، علیمہ خان

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف کے بانی چیئرمین عمران خان سے ان کی بہن نورین نیازی نے اڈیالہ.......... بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

## نئے صوبوں پر بیانات سے اجتناب کیا جائے، نواز شریف

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) مسلم لیگ ن کے قائد نواز شریف نے پارٹی رہنماؤں کو نئے صوبوں پر بات کرنے سے.......... بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

## سعودی عرب کا پاکستان میں سرمایہ کاری میں دلچسپی کا اظہار

**تعلقات کو اسٹریٹجک اقتصادی شراکت داری میں تبدیل کرینگے، وزیر اعظم**

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیر اعظم شہباز شریف سے منصوبہ.......... بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

## بولان: سونا خان گاؤں میں سیلابی ریلے نے تباہی مچادی

بھاگ (آن لائن) ضلع بولان کے علاقے تحصیل بھاگ کے گاؤں سونا خان میں ندی نالوں سے آنے والے سیلابی ریلے نے بڑے پیمانے پر تباہی مچادی۔ سیلابی پانی گھروں میں داخل ہونے سے درجنوں مکانات.......... بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

## 5 اور 1 ہزار کے نوٹ کی لاگت 14 روپے، 10 کا نوٹ ختم کرنے کی تجویز

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اسٹیٹ بینک حکام نے سینیٹ کی قائمہ کمیٹی خزانہ میں بریفنگ کے دوران بتایا کہ 5 ہزار اور.......... بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

## پاکستان ایران مذاکرات میں اہم پیش رفت ہوئی، محسن نقوی

**ایرانی صدر کے ساتھ زیر بحث معاملات پر انتہائی تعمیری تبادلہ خیال کیا گیا، وزیر داخلہ**

اسلام آباد (م ڈ) وزیر داخلہ محسن نقوی نے منگل کو تہران کے.......... بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر



## مسلم باغ میں پیپلز پارٹی کو مضبوط بنانے کا عزم

منشور اور شہید بینظیر بھٹو کا پیغام گھر گھر پہنچانے کا عزم

حیات اللہ کاکڑ اور حافظان کاکڑ کا رابطہ تیز کرنے پر اتفاق



کوئٹہ، بلوچستان پشتون بیلٹ مینارٹی ایکشن الائنس کے صدر راج پراچہ، عادل آکاش و دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

## پشتون آباد میں لوڈشیڈنگ سے عوام مشکلات کا شکار

وولٹیج میں کمی بیشی سے زندگی اجیرن، بجلی کے آلات جلنا معمول بن گیا

علاقہ مکین کا بنیادی سہولیات کی عدم فراہمی پر خاموش احتجاج کا اعلان

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) پشتون آباد میں بجلی کی لوڈشیڈنگ سے عوام کا جینا دوبھر ہوگیا، کوئی پرسان حال نہیں، جبکہ وولٹیج میں کمی بیشی کے باعث بجلی سے چلنے والے آلات جلنا روز کا معمول بن گیا ہے۔ مشرق سروے ٹیم سے بات چیت کرتے ہوئے علاؤالدین ترین نے بتایا کہ ہمارے علاقے میں کروڑوں روپے کے فنڈز کے باوجود بجلی، گیس اور پانی جیسے عوام کے بنیادی حقوق سے محروم ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نالیوں اور سڑکوں کے نام پر کمیشن اور کرپشن جاری ہے، کروڑوں روپے کی سڑکوں کیلئے اربوں روپے کمانے کا ذریعہ بن گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سیاسی پارٹیوں نے خاموشی کا روزہ رکھ لیا ہے، علاقے میں بنیادی سہولیات کی فراہمی تک ہم خاموش احتجاج کے ساتھ میڈیا کے ذریعے عوام کو آگاہی مہم جاری رکھیں گے۔

## طلبہ پر فائرنگ کا واقعہ قابل مذمت ہے، پی ایس او

پشتونخوا اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن کا شفاف، غیر جانبدار تحقیقات کا مطالبہ

طلبہ کے پرامن احتجاج اور اظہار رائے کا حق تسلیم کیا جائے، مرکزی پریس ریلیز

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن کے مرکزی پریس ریلیز میں گزشتہ روز اسلام آباد میں طلبہ پر مبینہ طور پر وردی میں ملبوس ایک سرکاری افسر کی جانب سے فائرنگ کے واقعے کو نہایت افسوسناک، شرمناک اور قابل مذمت قرار دیا گیا ہے۔ پشتونخوا اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن کی مرکزی آرگنائزنگ باڈی نے واقعے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اسے طلبہ کے بنیادی، آئینی اور جمہوری حقوق پر سنگین حملہ قرار دیا۔ مرکزی تنظیم نے کہا کہ طلبہ کسی بھی معاشرے کا باشعور مستقبل کا معمار طبقہ ہیں، ان کے پرامن احتجاج، اظہار رائے اور اپنے جائز مطالبات کیلئے آواز بلند کرنے کے حق کو طاقت اور تشدد کے ذریعے دبانا کسی صورت قابل قبول نہیں۔ ریاستی اداروں کو شہریوں، بالخصوص طلبہ کے ساتھ قانون، آئین اور جمہوری اصولوں کے مطابق برتاؤ کرنا چاہیے۔ بیان میں کہا گیا کہ اسلام آباد کا یہ واقعہ ریاستی اختیارات کے استعمال، شہری آزادیوں اور پرامن احتجاج کے آئینی حق کے حوالے سے سنگین سوالات کو جنم دیتا ہے۔ ایسے واقعات سے نہ صرف عوام کا اعتماد مجروح ہوتا ہے بلکہ ریاستی اداروں کی ساکھ بھی متاثر ہوتی ہے۔ پشتونخوا اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن نے مطالبہ کیا کہ واقعے کی فوری، شفاف، غیر جانبدار اور آزادانہ تحقیقات کرائی جائیں، واقعے میں ملوث اہلکار کی شناخت اور ذمہ داری کا تعین کیا جائے اور اگر کسی اہلکار نے قانون سے تجاوز کیا ہے تو اسے قانون کے مطابق جواب دہ بنایا جائے۔ بیان میں واضح کیا گیا کہ ریاستی طاقت کا استعمال آئین و قانون کے دائرے میں رہتے ہوئے ہونا چاہیے، شہریوں اور طلبہ کو دبانے یا ان کے جائز جمہوری حقوق سلب کرنے کیلئے نہیں۔



کوئٹہ، میکانگی روڈ پر نوجوان کچرے میں اپنا رزق تلاش کر رہے ہیں

## تخت سرور چیک پوسٹ پر ٹرانسپورٹ کو لیٹ کرنے کی مذمت

گاڑیوں کو گھنٹوں روکنا ڈرائیوروں کیلئے معاشی مشکلات قرار دیا

حکام سے چیک پوسٹیں ختم اور بند راستے بحال کرنے کا مطالبہ

کوئٹہ (پ ر) افغان قومی موومنٹ کے بیان میں تخت سرور چیک پوسٹ پر بلوچستان سے پھل، سبزی اور دیگر اشیاء لے جانے والی مال بردار گاڑیوں کو روک کر چیکنگ کے نام پر ڈرائیور حضرات کو بلاجواز تنگ کرنے کی مذمت کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ ایف سی کی جانب سے ایسا ناروا رویہ عوام کے معاشی قتل کے مترادف ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ مال بردار گاڑیوں میں کروڑوں روپے کا پھل اور سبزی لدی ہوتی ہے جس کے خراب ہونے کا خدشہ رہتا ہے، جس کی وجہ سے گزشتہ روز ایک ڈرائیور برداشتہ ہوکر خود پر پٹرول چھڑک کر خودکشی کی کوشش پر مجبور ہوا، جو افسوسناک عمل ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ آئے روز ملک کی مختلف قومی و بین الاقوامی شاہراہوں پر قائم چیک پوسٹوں پر مال بردار گاڑیوں کو بلاجواز روک کر مختلف حیلے بہانوں کا سہارا لیتے ہوئے بھاری وزن رکھنے والی گاڑیوں کو کئی گھنٹے روکا جاتا ہے اور غریب ڈرائیوروں کو زدو کوب کیا جاتا ہے۔ اس قسم کی ظلم و زیادتی کے تدارک کیلئے اعلیٰ حکام صورتحال کا نوٹس لیتے ہوئے تمام قومی و بین الاقوامی شاہراہوں پر چیک پوسٹوں کے خاتمے اور بند راستوں کی فوری بحالی کیلئے اقدامات اٹھائیں۔

## شہید سکندر زہری یونیورسٹی کے مسائل حل کرائیں گے، امیر حمزہ زہری

حکومت کا وائس چانسلر کو مالی و انتظامی مسائل کیلئے مکمل تعاون کی یقین دہانی

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی مشیر بلدیات و دیہی ترقی نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری سے شہید سکندر زہری یونیورسٹی خضدار کے نئے تعینات ہونے والے وائس چانسلر ڈاکٹر سہراب بزنجو نے ملاقات کی۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ چیئرمین خضدار حاجی صلاح الدین زہری بھی موجود تھے۔ ملاقات کے دوران صوبائی مشیر بلدیات نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری نے ڈاکٹر سہراب بزنجو کو وائس چانسلر تعینات ہونے پر مبارکباد دی جبکہ شہید سکندر زہری یونیورسٹی خضدار کو درپیش مالی و انتظامی مسائل پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ صوبائی مشیر نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری نے وائس چانسلر کو یقین دہانی کرائی کہ یونیورسٹی کے مالی اور انتظامی مسائل کے حل کیلئے بلوچستان حکومت کی جانب سے مکمل تعاون جاری رکھا جائے گا۔ صوبائی مشیر نے کہا کہ تعلیم کے فروغ پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان نواب ثناء اللہ خان زہری کی کاوشوں سے شہید سکندر زہری یونیورسٹی خضدار کا قیام عمل میں آیا، جسے ہر صورت کامیاب اور فعال ادارہ بنا کر جھالاوان کے عوام کو معیاری تعلیم کی سہولیات فراہم کی جائیں گی۔

## سیرت النبی ﷺ پر عمل سے نیک معاشرہ تشکیل پائیگا

حضرت محمد ﷺ کی ولادت انسانیت کیلئے رحمت، ہدایت اور امن کا پیغام

کوئٹہ (آن لائن) پرائم منسٹر یوتھ پروگرام کے فوکل پرسن و پاکستان مسلم لیگ (ن) کے مرکزی سینئر رہنما چوہدری نعیم کریم نے عید میلاد النبی ﷺ کے پرمسرت موقع پر پوری امت مسلمہ، خصوصاً بلوچستان کے عوام کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ ولادت باسعادت حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ پوری انسانیت کیلئے رحمت، ہدایت اور امن کا پیغام ہے۔ مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے رابطہ آفس سے جاری بیان میں چوہدری نعیم کریم نے کہا کہ حضور اکرم ﷺ کی سیرت طیبہ اخوت، عدل، رواداری اور خدمت انسانیت کا عظیم نمونہ ہے۔ آج ہمیں بطور مسلمان اس عہد کی تجدید کرنا ہے کہ ہم اپنی انفرادی اور اجتماعی زندگی کو سیرت النبی ? کی روشنی میں سنواریں اور ایک پرامن، خوشحال اور انصاف پر مبنی معاشرہ تشکیل دیں۔ انہوں نے کہا کہ آج 12 ربیع الاول کا دن ہے جو کائنات کی تاریخ کا ایک روشن باب ہے، یہ وہ دن ہے جب سید المرسلین، خاتم النبیین حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت ہوئی۔ اس دن کی آمد سے عرب کی تاریک راتیں روشن ہوئیں اور دنیا کو ایسی ہستی ملی جس نے عدل، رحمت اور انسانیت کا درس دیا۔ آپ ? کی پیدائش نہ صرف مسلمانوں بلکہ پوری انسانیت کیلئے ایک عظیم نعمت تھی، اسی طرح یہ دن آپ ? کی دنیا سے پردہ پوشی کا بھی دن ہے۔ آپ ? کی زندگی کا ہر پہلو ہمارے لیے رہنمائی کا ذریعہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ نبوت سے قبل آپ ? کی زندگی بھی صداقت اور امانت کی مثال تھی اور آپ کو الصادق اور الامین کے لقب سے پکارا جاتا تھا۔ نبوت کے بعد آپ ? نے توحید کی دعوت دی، ظلم و جبر کا خاتمہ کیا اور ایسے معاشرے کی بنیاد رکھی جہاں ہر انسان کو اس کے حقوق ملے۔ آپ ? کی حیات طیبہ میں صبر، تحمل، عفو و درگزر اور اخلاق حسنہ کا اعلیٰ ترین نمونہ موجود ہے۔ آپ ? نے صرف روحانی اور اخلاقی تعلیمات ہی نہیں دیں بلکہ ایک کامیاب سیاسی نظام کی بھی بنیاد رکھی۔ مدینہ منورہ ہجرت کے بعد آپ ? نے مدینہ کی ریاست قائم کی جہاں مسلمانوں، یہودیوں اور دیگر قبائل کو میثاق مدینہ کے ذریعے ایک مشترک دستور کے تحت متحد کیا۔

## ناموس رسالت قانون پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا

جمعیت رہنماؤں کا قانون کے خلاف بیان پر کارروائی کا مطالبہ

مولانا فضل الرحمان سے تحفظ ختم نبوت کیلئے ملین مارچ کا مطالبہ

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علمائے اسلام ضلع کوئٹہ کے سابق سیکرٹری اطلاعات و امیر انجم المدارس یونٹ کلی چلتن ریسانی ہزار گنجی مولانا محمد طاہر توحیدی، جنرل سیکرٹری ڈاکٹر ظفر اللہ جنگ، سرپرست اعلیٰ مولانا راز محمد حسنی، مولانا شیخ عبد الحق، حاجی محمد سلیمان جنگ، قاری شاہ محمد، مولانا مفتی عبدالوہاب، حافظ عبدالحق ریگی، سینئر نائب امیر مولانا محمد صادق اور نائب امیر مولانا عبدالمنان سعادت نے کہا ہے کہ پاکستان اسلام کے نام پر بنا ہے، ناموس رسالت ? پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا اور ناموس رسالت ? کے دفاع کیلئے قادیانیت نواز قوتوں کا تعاقب جاری رہے گا۔



ڈپٹی کمشنر کوئٹہ ایسٹ مہراللہ انسداد پولیو اور ویکسینیشن مہم کے دوران سکولوں اور مدارس میں بچوں کو حفاظتی قطرے پلانے کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

## اقلیتی برادری کے زیر التوا معاملات نمٹانے کا مطالبہ

میڈیکل گرانٹس، اسکالرشپس اور معاونت میں تاخیر سے متاثرین مشکلات کا شکار

سیکرٹری اقلیتی امور کے دفتر میں کئی ماہ سے معاملات التوا کا شکار

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بلوچستان پشتون بیلٹ مینارٹی ایکشن الائنس کے صدر راج پراچہ اور رمیش بھٹی نے کہا ہے کہ حکومت کی جانب سے اقلیتی برادری کے میڈیکل گرانٹس، اسکالرشپس، مالی امداد اور دیگر جائز معاملات سیکرٹری اقلیتی امور کے پاس آ کر رکنے کی وجہ سے متاثرین اپنے علاج معالجے اور دیگر سہولیات سے مستفید ہونے سے قاصر ہیں، حکومت اس کا نوٹس لے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے ساتھیوں عادل آکاش، وکی بھٹی سمیت دیگر کے ہمراہ منگل کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ آئین پاکستان نے اقلیتوں کو مکمل حقوق فراہم کر رکھے ہیں، لیکن انتظامی امور کی انجام دہی کرنے والے حکام کی وجہ سے میڈیکل گرانٹس، اسکالرشپس، مالی معاونت اور دیگر بنیادی سہولیات کی عدم فراہمی کے باعث لوگوں کو حکومت کی جانب سے ملنے والی مراعات اور سہولتوں سے محرومی کا سامنا ہے اور وہ علاج معالجے سمیت دیگر حوالوں سے مشکلات کا شکار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کئی ماہ تک سیکرٹری آفس اور دیگر حکام کی جانب سے تاخیری حربے استعمال کرتے ہوئے معاملات پر کوئی کارروائی نہیں کی جاتی۔ انہوں نے کہا کہ ہم بار بار سیکرٹری آفس سے معلومات حاصل کرنے کیلئے جاتے ہیں لیکن کوئی شنوائی نہیں ہوتی، جس سے یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ تمام معاملات سیکرٹری آفس میں ہی التوا کا شکار کیوں ہیں۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ تمام زیر التوا کیسز کی فوری طور پر شفاف بنیادوں پر جانچ پڑتال کر کے مستحق افراد کو ان کا حق دیا جائے تاکہ مریضوں میں پائی جانے والی تشویش دور ہو سکے۔

### غیر قانونی واٹر کنکشنز کے خلاف کارروائی

کوئٹہ (خ ن) اسپیشل مجسٹریٹ واسا حبیب الرحمن کاکڑ نے گوالمنڈی چوک اور حاجی غیبی روڈ کے علاقوں میں غیر قانونی واٹر کنکشنز کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے متعدد کارخانوں کے غیر قانونی پانی کے کنکشنز منقطع کر دیے، جبکہ خلاف ورزی کے مرتکب پانچ کارخانوں کو سیل کر کے مالکان کو قانونی نوٹسز بھی جاری کر دیے گئے۔ تفصیلات کے مطابق واسا حکام کی جانب سے شہر میں غیر قانونی واٹر کنکشنز کے خلاف جاری کارروائی کے سلسلے میں اسپیشل مجسٹریٹ واسا حبیب الرحمن کاکڑ کی سربراہی میں گوالمنڈی چوک اور حاجی غیبی روڈ پر مختلف کارخانوں اور صنعتی یونٹس کا معائنہ کیا گیا۔ کارروائی کے دوران متعدد مقامات پر غیر قانونی طور پر حاصل کیے گئے واٹر کنکشنز کی نشاندہی ہوئی، جنہیں فوری طور پر منقطع کر دیا گیا۔ اس موقع پر ضابطوں کی خلاف ورزی کرنے والے پانچ کارخانوں کو سیل بھی کیا گیا، جبکہ متعلقہ مالکان اور انتظامیہ کو قانونی نوٹسز جاری کیے گئے۔ واسا حکام نے واضح کیا کہ پانی کے غیر قانونی استعمال اور غیر مجاز کنکشنز کسی صورت قابل قبول نہیں اور ایسے عناصر کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی جاری رہے گی۔

## صوبائی حکومت پانچ سال پورے کرے گی، خان محمد بزنجو

سرفراز بگٹی کی قیادت میں تمام حلقوں میں ترقیاتی کام جاری ہے، ثناء اللہ جنگ

صوبائی محکموں میں میرٹ پر ہزاروں نوجوانوں کو ملازمتیں فراہم کی گئیں، زبیر بزنجو

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی رہنماؤں حاجی خان محمد بزنجو، میر ثناء اللہ جنگ، اختر بلوچ، شاہجہان گجر اور زبیر بزنجو نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں مخلوط صوبائی حکومت عوام کے مسائل حل کرنے کیلئے دن رات کوشاں ہے اور ان شاء اللہ صوبائی حکومت اپنے پانچ سال پورے کرے گی۔ یہاں جاری ہونے والے ایک مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی کوششوں سے صوبے میں گزشتہ اڑھائی سال کے دوران جتنے ترقیاتی کام ہوئے ہیں، اس کی ماضی میں کوئی مثال نہیں ملتی۔ صوبے کے تمام حلقوں میں یکساں بنیادوں پر ترقیاتی کام ہو رہے ہیں جس سے عوام کی ایک بڑی تعداد مستفید ہو رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت بھی بلوچستان بھر میں اربوں روپے کی لاگت سے ترقیاتی منصوبوں پر تیزی سے کام جاری ہے اور وزیر اعلیٰ کی ہدایت پر سی ایم آئی ٹی اور دیگر ادارے ترقیاتی کاموں کی نگرانی کر رہے ہیں تاکہ منصوبے معیار کے مطابق مکمل ہو سکیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی متوسط طبقے کی جماعت ہے اور اسے یہ اعزاز حاصل ہے کہ جب بھی پارٹی برسر اقتدار آئی، ترقیاتی کاموں کا جال بچھایا گیا اور پڑھے لکھے نوجوانوں کو میرٹ پر نوکریاں فراہم کی گئیں۔ انہوں نے کہا کہ اب بھی وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی ہدایت پر تمام صوبائی محکموں میں میرٹ پر ہزاروں کی تعداد میں پڑھے لکھے نوجوانوں کو نوکریاں فراہم کی گئی ہیں جس سے لاکھوں گھروں کے چولہے جل رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی مخلوط حکومت وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں مضبوط اور مستحکم ہے، مخلوط صوبائی حکومت میں شامل تمام سیاسی جماعتوں کا وزیر اعلیٰ کو مکمل اعتماد حاصل ہے اور ان شاء اللہ صوبائی حکومت اپنے پانچ سال پورے کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان پاکستان پیپلز پارٹی کے جیالوں کے مسائل حل کرنے میں خصوصی دلچسپی رکھتے ہیں اور انہوں نے وزراء کو بھی سختی سے ہدایت کر رکھی ہے کہ کارکنوں کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جائیں۔

### ناموس رسالت کی پاسبانی کیلئے صحابہ کی پیروی ضروری ہے

کوئٹہ (اے این این) اہلسنت و جماعت کے رہنما اور فیضان اولیاء کے بانی ذوالفقار علی طارق قادری نے آستانہ عالیہ فیضان اولیاء میں آٹھویں محفل سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ عید میلاد النبی ? کا بابرکت موقع ہمیں صحابہ کرام کی عظیم محبت، عقیدت اور تحفظ ناموس رسالت کے اس جذبے کی یاد دلاتا ہے جس کے لیے انہوں نے اپنی جانوں تک کی قربانیاں پیش کیں۔ انہوں نے کہا کہ صحابہ کرام نے بارگاہ رسالت کی حرمت و ناموس پر جس طرح پہرہ دیا، آج پرفتن دور میں بھی اسی جذبہ ایمانی، محبت اور پہرے داری کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ دور میں ایک سوچی سمجھی سازش کے تحت دین اسلام میں انتشار پھیلانے اور مسلمانوں کو آپس میں تقسیم کرنے کی کوششیں کی جا رہی ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ سیکولر اور قادیانیت نواز عناصر دین اسلام کی جڑوں کو کمزور کرنے کی کوششوں میں مصروف ہیں، ایسے حالات میں امت مسلمہ بالخصوص اہل سنت کو اپنے عقائد، محبت رسول اور اسلامی اقدار کے تحفظ کے ساتھ اتحاد و یکجہتی کا مظاہرہ کرنا ہوگا۔

## عید میلاد کے جلوس سنی شیعہ اتحاد کی علامت ہیں

میلاد جلوسوں میں وحدت کمیٹی کے نعت خواں شریک ہوں گے

عشق رسول ﷺ سے وطن کو امن کا گہوارہ بنانے کی جدوجہد جاری

کوئٹہ (آن لائن) تحریک نفاذ فقہ جعفریہ بلوچستان کے ترجمان لسان تحریک طارق جعفری نے کہا ہے کہ عید میلاد النبی ? کے جلوس شوکت اسلام اور سنی شیعہ مثالی اتحاد کے عملی مظاہرے ہیں۔ قائد ملت جعفریہ آغا سید حامد علی شاہ موسوی کے قائم کردہ عالمگیر ہفتہ وحدت و اخوت کے سلسلے میں ہفتہ 12 ربیع الاول سے مذہبی جوش و جذبے اور ایمانی عقیدت کے ساتھ منایا جا رہا ہے۔ طارق جعفری نے باور کرایا کہ تحریک کی وحدت و اخوت کمیٹی کے نعت خواں میلاد کے جلوسوں میں شرکت کر کے گلہائے عقیدت پیش کریں گے۔ انہوں نے اس عہد کا اظہار کیا کہ عشق رسول ? کے جذبے سے وطن کو امن کا گہوارہ بنانے کیلئے جدوجہد جاری رکھیں گے۔ طارق جعفری نے کہا کہ محسن انسانیت حضرت محمد مصطفیٰ ? تمام انسانیت کیلئے رحمت بن کر تشریف لائے، جن کی پاکیزہ سیرت سراپا امن و سلامتی ہے، جبکہ دنیا بھر میں ہونے والی بدامنی اور دہشت گردی سیرت رسول ?، قرآن پاک، قرآنی تعلیمات، اہلبیت اطہار اور پاکیزہ صحابہ کبار کی تعلیمات سے دوری کا نتیجہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ پیغام محمدی ? کو عام کر کے دنیا بھر سے دہشت گردی کا خاتمہ کیا جا سکتا ہے، اس مقصد کیلئے پوری قوم کے متفقہ نیشنل ایکشن پلان کی تمام شقوں پر ارباب اقتدار مؤثر عملدرآمد یقینی بنائیں۔ حضور اکرم ? کی برکت سے جاہلیت کے اندھیروں میں بھٹکے انسانوں کو آبرومندی کے ساتھ جینے کا شعور ملا۔ طارق جعفری نے عہد کیا کہ میلاد النبی ? اور عزاداری عبادتوں کی روح ہیں، ان پاکیزہ جلوسوں اور وطن عزیز پاکستان کی آبرو پر مثالی سنی شیعہ اتحاد و یکجہتی سے ہرگز کوئی آنچ نہیں آنے دی جائے گی۔

### نال میں لوکل سرٹیفکیٹ ویریفکیشن سہولت دی جائے

کوئٹہ (آن لائن) نال میں لوکل سرٹیفکیٹ بنانے کی سہولت پہلے موجود نہیں تھی، جس کی وجہ سے نال کے لوگوں کو لوکل سرٹیفکیٹ بنانے کیلئے خضدار جانا پڑتا تھا۔ اب نال میں لوکل سرٹیفکیٹ بنانے کی سہولت فراہم کی گئی ہے، جو عوام کیلئے خوش آئند اقدام ہے۔ تاہم جن شہریوں نے اپنے لوکل سرٹیفکیٹ پہلے خضدار سے بنوائے تھے، جب وہ اپنے بچوں کے لوکل سرٹیفکیٹ بنوانے کیلئے درخواست دیتے ہیں تو انہیں اپنے سابقہ لوکل سرٹیفکیٹ کی ویریفکیشن کیلئے دوبارہ خضدار جانا پڑتا ہے۔ اس عمل سے شہریوں کا قیمتی وقت اور اضافی اخراجات ضائع ہوتے ہیں، خصوصاً دور دراز علاقوں سے آنے والے لوگوں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ نال کے عوامی حلقوں نے اے سی نال سے اپیل کی ہے کہ اس مسئلے کا نوٹس لیتے ہوئے خضدار جانے کے بجائے لوکل سرٹیفکیٹ کی ویریفکیشن کی سہولت بھی نال میں فراہم کی جائے تاکہ عوام کو غیر ضروری سفر، اخراجات اور وقت کے ضیاع سے نجات مل سکے۔

## تاجروں کا منصفانہ ٹیکس نظام بنانے کا مطالبہ

حقیقی آمدن کے مطابق ٹیکس ادائیگی اور ریٹرن جمع کرانے پر زور

سیلز ٹیکس، ووہولڈنگ ٹیکس اور دیگر معاملات میں مشکلات دور کی جائیں

کوئٹہ (این این آئی) مرکزی تنظیم تاجران بلوچستان کے ترجمان کاشف حیدری نے کہا ہے کہ تاجر برادری ٹیکس ادا کرنے سے گریزاں نہیں، تاہم ضروری ہے کہ ٹیکس کا نظام تاجروں کی حقیقی آمدن، کاروباری حالات اور زمینی حقائق کے مطابق ہو۔ ہر تاجر اپنی آمدن کے مطابق ٹیکس ریٹرن جمع کرائے اور قانون کے تحت جتنا ٹیکس بنتا ہے، وہ ادا کرے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ ٹیکس نظام کے تحت باقاعدگی سے گوشوارے جمع کرانے والے تاجر اسی طریقہ کار کے مطابق اپنی ریٹرن فائل کر سکتے ہیں، جبکہ نئی ٹیکس اسکیم کے دائرے میں آنے والے تاجر اس کی شرائط اور اپنے کاروباری حالات کو سامنے رکھتے ہوئے فیصلہ کریں کہ ان کیلئے کون سا طریقہ زیادہ مناسب ہے۔ کاشف حیدری نے کہا کہ نئی اسکیم میں ٹرن اوور کی بنیاد پر ایک فیصد ٹیکس اور کم از کم 25 ہزار روپے ٹیکس کی شرط رکھی گئی ہے، اس لیے تاجروں کیلئے ضروری ہے کہ وہ اپنی کاروباری صورتحال کا درست اندازہ لگاتے ہوئے ٹیکس کے حوالے سے فیصلہ کریں۔ ان کے مطابق اصل اہمیت اس بات کی ہے کہ تاجر اپنی حقیقی آمدن ظاہر کرے، ٹیکس ریٹرن جمع کرائے اور اپنی ذمہ داری کے مطابق ٹیکس ادا کرے۔ ... طبقے کو مشکلات کا سامنا ہے۔ ان معاملات پر تاجر تنظیم کی جانب سے اپنی آواز مؤثر انداز میں بلند کی جاتی رہے گی اور متعلقہ حکام کے سامنے تاجروں کے جائز تحفظات اور مطالبات پیش کیے جاتے رہیں گے۔ ترجمان نے کہا کہ ٹیکس کا ایسا نظام ہونا چاہیے جو پیچیدہ طریقہ کار اور غیر ضروری بوجھ کے بجائے آسانی اور شفافیت پر مبنی ہو۔ تاجروں کو اعتماد میں لے کر بنائی جانے والی پالیسیاں نہ صرف کاروباری طبقے کیلئے بہتر ثابت ہوں گی بلکہ ٹیکس نظام میں بھی بہتری اور شفافیت لانے میں مددگار ہوں گی۔ کاشف حیدری نے کہا کہ مرکزی تنظیم تاجران بلوچستان تاجروں کے جائز حقوق، کاروباری مفادات اور ایک قابل عمل ٹیکس نظام کیلئے اپنا مؤقف واضح انداز میں پیش کرتی رہے گی۔

### ژوب میں منظم گداگری پر شہریوں کا اظہار تشویش

کوئٹہ (یو این اے) عوام نے کہا ہے کہ مبینہ طور پر سندھ سے ژوب آنے والے افراد صبح کے وقت شہر کے مختلف چوکوں اور بازاروں میں رکشے کے ذریعے خواتین کو اتار کر لوگوں سے پیسے مانگتے ہیں۔ شہریوں کے مطابق اس طرح منظم انداز میں گداگری سے انہیں بھی مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ عوام نے ضلعی انتظامیہ، میونسپل کمیٹی اور متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ اس معاملے کا نوٹس لیا جائے، صورتحال کی مکمل جانچ کی جائے اور اگر یہ افراد غیر قانونی طور پر گداگری میں ملوث پائے جائیں تو قانون کے مطابق کارروائی کی جائے۔ شہریوں نے کہا کہ ژوب بازار کو منظم اور گداگری سے پاک رکھنے کیلئے مؤثر اقدامات کیے جائیں۔

### بچے کی تلاش میں مدد کی اپیل



چمن (نامہ نگار) ایک بچہ جس کا نام ضیاء الرحمن ولد لعل محمد گزشتہ 24 جولائی 2022 کو گھر سے نکلا ہے جو آج تا حال گھر نہیں پہنچا ہے۔ ضیاء الرحمن کی دماغی توازن بھی ٹھیک نہیں اگر کسی کو بھی ضیاء الرحمن کے حوالے سے معلومات ہوں تو 03183521112 پر اطلاع دیں۔

### یوم شہداء صحافت کا سیمینار 28 اگست کو ہوگا

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان یونین آف جرنلسٹس کے ایگزیکٹو کونسل کا اجلاس صدر بی یو جے منظور احمد رند کی صدارت میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں بی یو جے کے سینئر نائب صدر فرید اللہ خان، جنرل سیکرٹری شاہ حسین ترین، سیکرٹری فنانس عصمت امان سالانی، ممبران ایگزیکٹو کونسل سلیم شاہد، شہزادہ ذوالفقار، رضا الرحمن، غلام مرتضیٰ زہری اور عامر محمد خان نے شرکت کی۔ اجلاس میں یوم شہداء صحافت کیلئے انتظامات کا جائزہ لیا گیا اور شہداء صحافت کا دن بھرپور انداز میں منانے کیلئے انتظامات کو حتمی شکل دے دی گئی۔ اجلاس میں فیصلہ ہوا کہ 28 اگست بروز جمعہ بعد نماز جمعہ کوئٹہ پریس کلب میں بلوچستان کے شہید صحافیوں کی یاد میں سیمینار کا انعقاد کیا جائے گا، جس میں صحافیوں اور میڈیا ورکرز کے ساتھ وکلاء تنظیموں، انسانی حقوق کی تنظیموں کے رہنماؤں اور شہید صحافیوں کے اہل خانہ شرکت کریں گے۔ اس موقع پر اجلاس کے شرکاء نے تمام انتظامات مکمل کرنے کی منظوری دی اور کہا کہ بلوچستان کے صحافی آج بھی مشکل ترین حالات میں فیلڈ میں کام کر رہے ہیں جہاں ہر طرف سے انہیں خطرات لاحق ہیں۔

### نیشنل پارٹی رہنماؤں کی ملکی سیاسی صورتحال پر نشست

کوئٹہ (آئی این پی) نیشنل پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ میں نیشنل پارٹی کے رہنماؤں کی نشست ہوئی، جس میں ملک اور بالخصوص بلوچستان کی موجودہ سیاسی، معاشی اور سماجی صورتحال پر تفصیلی گفت و شنید کی گئی۔ نشست میں نیشنل پارٹی کے مرکزی سیکرٹری جنرل میر کبیر احمد محمد شہی، مرکزی سینئر نائب صدر میر شاہ حاصل بزنجو، مرکزی ترجمان علی احمد لانگو، مرکزی جوائنٹ سیکرٹری میران بلوچ، مرکزی کمیٹی کے اراکین میر عبدالخالق بلوچ، چیئرمین محراب بلوچ، خیر بخش بلوچ، حاجی اسلام بلوچ، چیئرمین میونسپل کمیٹی نال حاجی احمد نواز بلوچ، صوبائی انسانی حقوق سیکرٹری انیل غوری، ورکنگ کمیٹی کے رکن فدا بلیدی، حاجی نعیم شنگرئی، ریاض زہری سمیت دیگر رہنما موجود تھے۔ نشست میں ملک اور بلوچستان کی سیاسی صورتحال، معاشی مسائل، سماجی حالات اور عوام کو درپیش مشکلات کا جائزہ لیتے ہوئے مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

### احوال موسم

کوئٹہ (یو این اے) محکمہ موسمیات کے مطابق بلوچستان کے بیشتر اضلاع میں موسم گرم اور خشک رہنے کا امکان ہے، جبکہ مختلف علاقوں کا درجہ حرارت بھی جاری کر دیا گیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق کوئٹہ میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 35، قلات 31، زیارت 25، ژوب 35 اور چمن میں 36 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا۔ محکمہ موسمیات کے مطابق صوبے کے میدانی و گرم علاقوں میں سبی کا درجہ حرارت 39، تربت 41 اور کوئٹہ میں 42 ڈگری سینٹی گریڈ رہا، جبکہ ساحلی علاقوں گوادر اور جیوانی میں بالترتیب 31 اور 30 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا۔ محکمہ موسمیات نے شدید گرم اور خشک موسم کی صورتحال میں شہریوں کو احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کی ہدایت کی ہے۔

### آریا انسٹیٹیوٹ میں اسٹیتھک مرکز کا افتتاح

کوئٹہ (آن لائن) آریا انسٹیٹیوٹ میں جدید اسٹیتھک مرکز کا باقاعدہ افتتاح کر دیا گیا۔ افتتاحی تقریب میں چیف گیسٹ ایوب کھوسہ، آریا کے سی ای او ڈاکٹر سہیل خان سمیت معزز مہمانوں اور ماہرین نے شرکت کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر پلوشہ، ڈاکٹر سہیل اور ڈاکٹر مسرور نے ...

## الائیڈ ہیلتھ پروفیشنلز کیلئے ون ٹائم ریلیکسیشن کا مطالبہ

ڈاکٹر امین مندوخیل کی منظوری کیلئے خصوصی لیٹر تیار کرنے کی ہدایت

پروفیشنلز کی تینوں تنظیموں کے نمائندوں کی ڈی جی ہیلتھ سے اہم ملاقات



ایم ڈی بی ٹیوٹا کا گورنمنٹ کالج آف ٹیکنالوجی کے دورے کے موقع پر اسٹاف کے ہمراہ گروپ فوٹو

## جماعت اسلامی کا 29 اگست کو دھرنے کا اعلان

احتجاج میں بدامنی، مہنگائی اور بدعنوانی کیخلاف آواز اٹھائی جائے گی

بارڈرز و شاہراہوں کی بندش سے تجارت اور روزگار تباہ ہو رہے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) جماعت اسلامی بلوچستان کی جانب سے مولانا ہدایت الرحمن کی قیادت میں 29 اگست کو گورنر ہاؤس کے سامنے دھرنے کے اعلان کے ساتھ ہی ہر سطح پر تیاریاں شروع ہو گئیں۔ جماعت اسلامی بلوچستان کے زیر اہتمام بلوچستان کے سلگتے اجتماعی و قومی مسائل، بدامنی، بدعنوانی، بارڈرز اور شاہراہوں کی بندش، مہنگائی اور عوام کو درپیش دیگر مشکلات کے خلاف 29 اگست کو گورنر ہاؤس کوئٹہ کے سامنے دھرنے و احتجاج کی تیاریوں کے حوالے سے ذمہ داران کا اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں جماعت اسلامی بلوچستان کے صوبائی جنرل سیکرٹری مرتضیٰ خان کاکڑ، نائب امیر صوبہ و سیاسی کمیٹی کے صدر زاہد اختر بلوچ، مولانا عبدالکبیر شاکر اور امیر ضلع کوئٹہ عبدالنعیم رند نے شرکت کی، اب تک کی تیاریوں کا جائزہ لیا اور آئندہ کیلئے تقسیم کار کی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے رہنماؤں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام بدامنی، بدعنوانی، مہنگائی، بارڈرز اور شاہراہوں کی بندش سمیت سنگین مسائل سے دوچار ہیں، جبکہ عوام کے جائز معاشی، معاشرتی اور بنیادی حقوق مسلسل نظر انداز کیے جا رہے ہیں۔ بارڈرز اور سڑکوں کی بندش سے تجارت، روزگار اور کاروبار تباہ ہو رہے ہیں اور مہنگائی نے عام آدمی کی زندگی اجیرن بنا دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی بلوچستان کے عوام کو ان کے بنیادی حقوق دلانے، امن کے قیام، بدعنوانی کے خاتمے اور عوامی مسائل کے حل کیلئے ہر آئینی، جمہوری اور پرامن فورم پر آواز بلند کرے گی۔ 29 اگست کا دھرنا کسی ایک طبقے کا نہیں بلکہ بلوچستان کے عوام کے اجتماعی مسائل اور حقوق کی آواز ہے۔ رہنماؤں نے جماعت اسلامی کے تمام اضلاع، تحصیلوں اور یونٹس کے ذمہ داران و کارکنان کو ہدایت کی کہ دھرنے کی تیاریوں کو بھرپور انداز میں تیز کیا جائے اور عوام، تاجر برادری، ٹرانسپورٹرز، نوجوانوں اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کو دھرنے میں شرکت کی دعوت دی جائے۔ انہوں نے کہا کہ 29 اگست کو گورنر ہاؤس کوئٹہ کے سامنے بھرپور اور منظم احتجاج کے ذریعے حکمرانوں کو واضح پیغام دیا جائے گا کہ بلوچستان کے عوام بدامنی، بدعنوانی، مہنگائی، بارڈرز و شاہراہوں کی بندش اور اپنے حقوق کی پامالی مزید برداشت نہیں کریں گے۔ امن، روزگار، کاروبار، سستی اشیائے ضروریہ اور بنیادی حقوق بلوچستان کے عوام کا حق ہے، جس کے حصول کیلئے جدوجہد جاری رہے گی۔



کوئٹہ، اپ کا آئی پی ایچ یونٹ کی تقریب حلف برداری کے موقع پر قائدین اور کارکنوں کا گروپ فوٹو

## ریلوے گیٹ کیپروں کی 21 ماہ سے بند تنخواہیں

یونین نے ڈویژنل انجینئر سے تنخواہوں کی فوری ادائیگی کا مطالبہ کیا

ریلوے کالونی میں پانی صفائی کے مسائل فوری حل کرنے کی درخواست

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان ریلوے ورکرز یونین کوئٹہ ڈویژن کے وفد نے گزشتہ روز ڈویژنل انجینئر شاہنواز سے ان کے دفتر میں اہم ملاقات کی۔ اس موقع پر پاکستان ریلوے ورکرز یونین کوئٹہ ڈویژن کے صدر شیر محمد بلوچ، جنرل سیکرٹری محمد سلیم سرپرہ، چیف آرگنائزر سید محمد بگٹی، ڈپٹی چیئرمین حسن خان کھیتران، ڈپٹی چیف آرگنائزر احتشام حمید اور سینئر نائب صدر عرفان جان نے ڈی ای این کو گیٹ کیپروں کی 21 ماہ سے بند تنخواہوں کے سنگین مسئلے سے آگاہ کیا۔ یونین رہنماؤں نے کہا کہ طویل عرصے سے تنخواہوں کی عدم ادائیگی کے باعث ملازمین اور ان کے اہل خانہ شدید مالی مشکلات کا شکار ہیں۔ ڈی ای این شاہنواز نے مسئلے کو بغور سنا اور گیٹ کیپروں کی بند تنخواہوں کی ادائیگی کیلئے فوری اقدامات کرانے کی مکمل یقین دہانی کرائی۔ انہوں نے کہا کہ مزدور کا حق اسے ہر صورت ملنا چاہیے۔ وفد نے کوئٹہ ڈویژن کی ریلوے کالونی میں درپیش پانی اور صفائی کے مسائل سے بھی ڈی ای این کو آگاہ کیا اور کالونی کی بہتری کیلئے ٹھوس اقدامات کی درخواست کی۔ ملاقات کے آخر میں ڈی ای این شاہنواز نے یونین کے تمام نمائندوں کے ہمراہ گروپ فوٹو بھی بنوایا۔ پاکستان ریلوے ورکرز یونین کوئٹہ ڈویژن نے ڈی ای این شاہنواز کی مثبت سوچ، ایمانداری اور ریلوے ملازمین کے مسائل حل کرنے کے مخلصانہ جذبے کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہوئے امید ظاہر کی کہ ان کی قیادت میں ریلوے کے مسائل جلد حل ہوں گے۔



پشتونخوا میپ کے رہنما کبیر افغان کی ... کے صدر عبدالرحیم کاکڑ و دیگر تاجروں سے پشتون قومی جرگہ کے حوالے سے ملاقات کر رہے ہیں


**TENDER NOTICE**

**TSE-2627081176943 Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB.** The Executive Engineer Building Saddar invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2026 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates

**Tender Fee 2000 PKR and Bid Security2%**

| S.No | Name of Work/s | E/Cost |
|---|---|---|
| 1 | ESTABLISHMENT OF PEDAL COURTS IN AYUB STADIUM SPORTS COMPLEX AND AIRPORT ROAD QUETTAPSDP NO 5037 Z2026. Z2026.0386 | 29,850,620 |

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 3 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 20,895,434 PKR Amount in3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm Bid Security 2% of the Estimated Cost Tender Document Fee Rs 2000 in account of C-02716 Completed at Least 03 Projects of Similar Nature and complexity projects Cost 60% or above under taken in last 05 Years **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee,Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed 2,000 PKR **Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to 10 September, 2026during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by 10 September, 2026till 11:00 AM. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at 12:00 PM Address: Spini Road Quetta Phone no: 0817939397 Email: xen.building.saddar@gmail.com

**Executive Engineer (building) Saddar CW PP&H Department District Quetta**

DPRQ/PRQ No.1014/25-8-2026

**TENDER NOTICE**

**TSE-2627081177563 Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB.** The Executive Engineer (Roads) Communication Works, PP&H Department District Hub invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2026 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates

**Tender Fee 1500 PKR and Bid Security2%**

| S.No | Name of Work/s | E/Cost |
|---|---|---|
| 1 | CONSTRUCTION OF BLACK TOPPED ROAD HAJI CHATTA GOTH HUB. PSDP NO.1413/ Z2026.2615 (2026-2027). | 29,502,651 |

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 2 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 20,651,855 PKR Amount in3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee,Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed 1,500 PKR **Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to 14 September, 2026during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by 14 September, 2026till 12:00 PM. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at 01:00 PM Address: Behind Allied Bank MAIN RCD ROAD TEHSIL HUB DISTRICT HUB Phone no: 0853363462Fax no: 0853363122 Email: jamalkhan0345@gmail.com

**Executive Engineer (Roads) Communication Works, PP&H Department District Hub**

DPRQ/PRQ No.1015/25-8-2026

**TENDER NOTICE**

The FINANCE DEPARTMENT invites bids from eligible Bidders for supply of following items. TSE-2627081173721 Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB.

Tender Fee 3000 PKR

| S.No | Class of Object | Bid Security |
|---|---|---|
| 1 | Stationary (Total Item(s) Count: 64) | 135,000 PKR |

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** 3 Assignments of Similar Nature and Complexity 4,000,000 in Previous 3 Years Turn over of at least 3,800,000 PKR in 3 Subsequent Previous Years Presence in Active Tax Payer List Sales Tax Certificate The bidding firm must not be currently blacklisted by any procuring agency of Pakistan JV is not permissible Submission of the required Bid Security In case Bid Security is not found as required during financial evaluation the bidding firm shall be declared as in-eligible and non-responsive Submission of the required Bidding document Fee BPPRA EPPS paid White challan **Procedure Of Procurement:** Single Stage One Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee,Deposit at Call of amount 135,000 PKR specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed 3,000 PKR **Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to 10 September, 2026during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by 10 September, 2026till 12:30 PM. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at 01:30 PM Address: Room 20 Block 5 Civil Secretariat Quetta Phone no: 0814444444Fax no: 0812444655 Email: dg.finance@balochistan.gov.pk

**Section Officer(Admn:/ B&A) FINANCE DEPARTMENT**

DPRQ/PRQ No.1018/24-8-2026

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub
روزنامہ مشرق کوئٹہ و حب

# محکمہ بلدیات میں میرٹ و قواعد و ضوابط پر عملدرآمد یقینی بنایا جائے، رؤف بلوچ

ادارہ دیہی ترقی صوبے میں بنیادی ضروریات کی فراہمی اور بلدیاتی نظام کو موثر بنانے میں کلیدی کردار ادا کر رہا ہے

اجلاس میں موجودہ مالی سال کے اہداف، ترقیاتی منصوبوں، انتظامی امور، افرادی قوت اور دیگر امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا



## انصاف کی فوری و بروقت فراہمی اولین ترجیح ہے، ایس پی اوراوپلنڈی

سروس ڈیلیوری، میرٹ اور قانون کی بالادستی کو ہر صورت یقینی بنایا جائے

غیر قانونی سرگرمیوں کی روک تھام میں کوتاہی برداشت نہیں، حسن مشتاق سکھیرا

## 12 ربیع الاول محبت اور بھائی چارے کا پیغام ہے، ذوالفقار علی

عاشقان رسول ﷺ جلوس میں باوضو درود و سلام پڑھتے ہوئے شریک ہوں

## ڈپٹی کمشنر کولڈ چین کو ہر صورت برقرار رکھیں، ڈی ڈی ایچ او

## گورنمنٹ بوائز ہائی سکول اوتھل میں گروپ لرننگ ایکٹیویٹی کا انعقاد

## اسلام آباد میں جشن عید میلاد النبیؐ کے موقع پر فول پروف سیکورٹی

قانون نافذ کرنے والے اداروں کے دستے بھی معاونت کریں گے، آئی جی پولیس

تمام پولیس ٹیمیں اپنے متعلقہ علاقوں میں موثر گشت کریں گی، سید علی ناصر رضوی

# ٹیکس وصولی کے نظام کو مزید موثر، جدید اور شفاف بنائیں گے، عبداللہ نورزئی

## بھاگ، ادویہ کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ، غریب پریشان



# بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے سروے اور سکیم کی کوئی فیس نہیں، سینیٹر روبینہ خالد

## طبی عملے کی غیر حاضری برداشت نہیں کی جائیگی، ڈی سی زیارت

## موسیٰ خیل: ڈی ای او کا پرائمری سکول طور خان کا دورہ

## عید میلاد النبیؐ: جلوس کو مکمل سیکورٹی فراہم کی جائیگی، اے سی سوئی

## آپ کی حیات طیبہ عالم انسانیت کیلئے مشعل راہ ہے، مقررین

## حضرت محمد ﷺ دونوں جہانوں کیلئے رحمت بن کر آئے، اتحاد اہلسنت

آپ کی آمد انسانیت کے لیے امن اور محبت کا عظیم پیغام ہے، سید شجاع الحق

# جشن عید میلاد النبیؐ ہمیں تجدید عہد کا موقع فراہم کرتا ہے، محمد خان لہڑی

# نبی کریمؐ کی سیرت مبارکہ پوری انسانیت کیلئے بہترین نمونہ ہے، بلال مندوخیل

## ہرنائی: تین سال قبل چوری ہونیوالا ٹریکٹر برآمد

## اوتھل، گورنمنٹ بوائز اسکول کے مستحق طلباء میں یونیفارم تقسیم



## نبی کریمؐ کی تعلیمات پوری انسانیت کیلئے مشعل راہ ہیں، میر تاج

## بچوں کی ابتدائی عمر میں غذائیت انتہائی ضروری ہے، مقررین

## وندر، شکر گوٹھ میں جشن عید میلاد النبیؐ جلسے کا انعقاد


**TENDER NOTICE-CORRIGENDUM**

With reference to advertisement published in daily newspapers vide PRQ No.646/5-8-2026 The Chief Minister's Secretariat, Quetta invites bids from eligible Bidders for supply of following items. TSE-2627071140322 ONLY electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB

Tender Fee Not Required

| S.No | Class of Object | Bid Security |
|---|---|---|
| 1 | Public Sector Related Services (Total Item(s) Count: 1) | 2% |

Changed Area

| S.No | Step Name | Remarks |
|---|---|---|
| | The Remaining Terms & Conditions shall Remain Same. | |

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Eligibility Criteria for bidders may be seen in the Bidding Documents **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the undersigned from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by 01 September, 2026till 01:15 PM through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at 02:15 PM on EPPS System The bidders who have downloaded Bidding Document(s) before 19 August, 2026 are required to download the ammended Bidding Document(s). The Other terms and conditions shall remain same. Address: CM Secretariat,Quetta, Red Zone, Zarghoon Road, Quetta Phone no: 0819202267
Email: QA7002CMSecretariat@gmail.com

PRQ No.1059/25-8-2026

**Section Officer**
**Chief Minister's Secretariat, Quetta**

**TENDER NOTICE-CORRIGENDUM**

With reference to advertisement published in daily newspapers vide PRQ No.670/6-8-2026 The Chief Minister's Secretariat, Quetta invites bids from eligible Bidders for supply of following items. TSE-2627081151401 ONLY electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB.

Tender Fee Not Required

| S.No | Class of Object | Bid Security |
|---|---|---|
| 1 | Food Items (Total Item(s) Count: 62) | 2% |

Changed Area

| S.No | Step Name | Remarks |
|---|---|---|
| | The Remaining Terms & Conditions shall Remain Same. | |

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Eligibility Criteria for bidders may be seen in the Bidding Documents **Procedure Of Procurement:** Single Stage One Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the undersigned from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by 31 August, 2026till 01:30 PM through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at 02:30 PM on EPPS System The bidders who have downloaded Bidding Document(s) before 20 August, 2026 are required to download the ammended Bidding Document(s). The Other terms and conditions shall remain same. Address: CM Secretariat,Quetta, Red Zone, Zarghoon Road, Quetta Phone no: 0819202267
Email: QA7002CMSecretariat@gmail.com

PRQ No.1061/25-8-2026

**Section Officer**
**Chief Minister's Secretariat, Quetta**

**TENDER NOTICE**

**TSE-2627081167003 Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB.** The EXECUTIVE ENGINEER MAINTENANCE I DIVISION QUETTA invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2026 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates Tender Fee 1000 PKR and Bid Security 2%

| S.No | Name of Work/s | E/Cost |
|---|---|---|
| 1 | Annual & Special Repair of Bungalow No.C-18 at GOR Colony Quetta | 3,210,000 |

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 3 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 2,247,000 PKR Amount in3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm Registration with Pakistan Engineering council (PEC) C-6 and above (Up to 25 million)In Relevant Category And Specialized Code is CE10(i) (General Civil Engineering Works) CE10(vii) (General Buildings and Maintenance). **Procedure Of Procurement:** Single Stage One Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee,Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed 1,000 PKR **Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to 07 September, 2026during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by 07 September, 2026till 10:30 AM. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at 11:30 AM **Address:** EXECUTIVE ENGINEER MAINTENANCE I DIVISION QUETTA C&W Complex NEAR CHAMMAN PATAK MIR JAFAR KHAN JAMALI ROAD QUETTA
Phone no: 0812920243Fax no: Email: owaispervaiz64@gmail.com

DPRQ/PRQ No.1063/25-8-2026

**EXECUTIVE ENGINEER MAINTENANCE DIVISION-I QUETTA**

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق ومغرب (قرآن حکیم)

# مشرق

چیف ایگزیکٹو:۔پرنٹرو پبلشر سید ممتاز احمد نے ایم ای ایم (پرائیویٹ) لمیٹڈ کیلئے مشرق پریس سے چھپوا کر A-4 ماڈل ٹاؤن حالی روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔چیف ایگزیکٹو سید ممتاز احمد
ٹیلی فون نمبر:۔2821626-2821538-2829164 فیکس نمبرز:۔2835934-2830228
ای میل mashriqqta2008@gmail.com

بدھ 26 اگست 2026ء

## ملک بھر میں بجلی کا نظام بنیادی اصلاحات اور جدت کا متقاضی!!

گزشتہ روز قومی اسمبلی کے اجلاس میں ملک کے مختلف حصوں میں بجلی کی غیر اعلانیہ اور طویل لوڈشیڈنگ کا معاملہ ایک بار پھر زیر بحث آیا ہے، جہاں مختلف سیاسی جماعتوں سے تعلق رکھنے والے اراکین نے بجلی کے بحران کے مستقل اور جامع حل کا مطالبہ کیا۔ اراکین نے مختلف تجاویز بھی دی ہیں جو غور طلب ہیں ساتھ ہی اراکین قومی اسمبلی نے مطالبہ کیا ہے بجلی کے نظام میں ضروری اصلاح کی جائے بجلی آج کے دور میں محض ایک سہولت نہیں بلکہ زندگی، معیشت، صنعت، تجارت، زراعت، تعلیم اور روزگار کی بنیادی ضرورت بن چکی ہے۔ گھر کا چولہا، کاروبار کا پہیہ، صنعت کی مشین، زرعی ٹیوب ویل، ہسپتال کا نظام اور تعلیمی اداروں کی سرگرمیاں، سب کسی نہ کسی صورت بجلی سے وابستہ ہیں۔ ایسے میں جب کسی علاقے میں غیر اعلانیہ یا طویل لوڈشیڈنگ ہوتی ہے تو اس کے اثرات صرف چند گھنٹوں کی تاریکی تک محدود نہیں رہتے بلکہ پورا معاشی اور سماجی نظام متاثر ہوتا ہے۔ یہ حقیقت بھی اپنی جگہ موجود ہے کہ گزشتہ تین چار برس کے دوران ملک کے بعض علاقوں میں لوڈشیڈنگ کی صورتحال میں کسی حد تک بہتری آئی ہے۔ حکومت نے بجلی کی پیداوار، ترسیل اور تقسیم کے نظام میں بہتری کے لئے مختلف اقدامات کئے ہیں، جبکہ بجلی کی دستیابی میں اضافے کے باعث ماضی کی نسبت بعض علاقوں میں صورتحال بہتر دکھائی دیتی ہے۔ تاہم اس بہتری کو حتمی کامیابی قرار نہیں دیا جا سکتا کیونکہ بجلی کی طلب مسلسل بڑھ رہی ہے اور کئی مقامات پر رسد، ترسیل اور تقسیم کا نظام اس بڑھتی ہوئی ضرورت کے مطابق نہیں ہو پا رہا۔ آبادی میں اضافہ، شہروں کا پھیلاؤ، صنعتوں کی ضروریات، زرعی شعبے میں بجلی کا استعمال، گھریلو برقی آلات میں اضافہ اور گرمی کی شدت نے بجلی کی طلب کو مسلسل بڑھایا ہے۔ خاص طور پر موسم گرما میں ایئر کنڈیشنرز، پنکھوں، پانی کی موٹروں اور دیگر برقی آلات کے بڑھتے ہوئے استعمال سے بجلی کی طلب میں نمایاں اضافہ ہو جاتا ہے۔ اگر مستقبل کی ضروریات کو سامنے رکھتے ہوئے آج سے منصوبہ بندی نہ کی گئی تو آنے والے برسوں میں بجلی کا بحران مزید پیچیدہ ہو سکتا ہے۔ اس حوالے سے حکومت اور عوام دونوں کے لئے شمسی توانائی ایک امید کی کرن بن کر سامنے آئی ہے۔ یہ خوش آئند امر ہے کہ حکومت بھی متبادل توانائی بالخصوص شمسی توانائی کے فروغ کی طرف متوجہ ہوئی ہے اور عوام بھی تیزی سے سولر سسٹم کی جانب منتقل ہو رہے ہیں۔ ملک کے بیشتر علاقوں میں سورج کی روشنی وافر مقدار میں دستیاب ہے اور بلوچستان تو اس اعتبار سے غیر معمولی امکانات رکھتا ہے۔ اگر شمسی توانائی کو ایک مربوط قومی پالیسی کے تحت فروغ دیا جائے تو نہ صرف بجلی کی مجموعی طلب پر دباؤ کم کیا جا سکتا ہے بلکہ دور دراز علاقوں میں بجلی کی فراہمی کے مسائل بھی کسی حد تک حل ہو سکتے ہیں۔ تاہم سولر توانائی کو بجلی کے پورے نظام کا متبادل سمجھنے کے بجائے اسے قومی توانائی پالیسی کا اہم حصہ بنانا ہوگا۔ اس کے لئے مناسب نیٹ میٹرنگ پالیسی، گرڈ میں شمسی بجلی کی شمولیت، بیٹری اسٹوریج، کم لاگت سولر فنانسنگ اور عام صارف کے لئے آسان شرائط ضروری ہیں۔ اگر متوسط اور کم آمدنی والے گھرانے بھی سولر نظام سے فائدہ اٹھا سکیں تو قومی گرڈ پر دباؤ کم کرنے میں مدد مل سکتی ہے۔ دوسری جانب بجلی کے موجودہ نظام میں لائن لاسز، بجلی چوری، ناقص ترسیلی نظام، پرانے انفراسٹرکچر، غلط میٹر ریڈنگ اور انتظامی کمزوریوں جیسے مسائل بھی موجود ہیں۔ ان مسائل کا حل کئے بغیر محض بجلی کی پیداوار بڑھانے سے بحران مکمل طور پر ختم نہیں ہو سکتا۔ اگر ایک طرف بجلی پیدا کی جائے اور دوسری طرف ترسیل کے دوران اس کا بڑا حصہ ضائع ہو جائے تو قومی وسائل کا مطلوبہ فائدہ عوام تک نہیں پہنچے گا۔ یہاں قومی اسمبلی میں اٹھایا جانے والا ایک اہم نکتہ خصوصی توجہ کا مستحق ہے کہ کسی ایک صارف کی بجلی چوری کا خمیازہ پورے گاؤں یا علاقے کے عوام کو بھگتنا پڑے تو اس پالیسی پر ضرور غور ہونا چاہئے۔ بجلی چوری ایک جرم ہے اور اس کے خلاف سخت کارروائی ہونی چاہئے، لیکن اجتماعی سزا کسی بھی صورت میں مستقل حل نہیں۔ اگر ایک فرد یا چند افراد بجلی چوری کرتے ہیں تو متعلقہ اداروں کو جدید ٹیکنالوجی، میٹرنگ، نگرانی اور قانونی طریقہ کار کے ذریعے ذمہ دار افراد تک پہنچنا چاہئے۔ اسی طرح بجلی کے صارفین کو بھی اپنی ذمہ داری کا احساس کرنا ہوگا۔ بجلی چوری قومی معیشت کو نقصان پہنچانے کے ساتھ ساتھ ایماندار صارفین کے لئے بھی مشکلات پیدا کرتی ہے۔ جو لوگ باقاعدگی سے بل ادا کرتے ہیں، انہیں بجلی چوروں کے باعث اضافی بوجھ اٹھانا پڑتا ہے۔ اس لئے بجلی چوری کے خاتمے کے لئے حکومت، بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں اور صارفین تینوں کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ بلوچستان میں بجلی کی صورتحال خاص طور پر توجہ کی متقاضی ہے۔ یہ ایک عجیب اور افسوس ناک صورت حال ہے کہ صوبے کی بجلی کی طلب ملک کے بڑے صوبوں کے مقابلے میں بہت کم ہے، لیکن اس نسبتاً کم طلب کو بھی کیسکو پوری طرح پورا نہیں کر پا رہا۔ بلوچستان کے وسیع رقبے، دور دراز علاقوں اور بکھری ہوئی آبادی کے باعث بجلی کی ترسیل یقیناً ایک مشکل کام ہے، لیکن یہی مشکلات بہتر منصوبہ بندی اور جدید ٹیکنالوجی کے استعمال کا تقاضا کرتی ہیں۔ بلوچستان کے شہریوں کو بجلی کے بلوں کے حوالے سے بھی مختلف شکایات کا سامنا رہتا ہے۔ غلط ریڈنگ، غیر ضروری جرمانے، مختلف ٹیکسز اور بعض اوقات زائد بلنگ عوام کے لئے پریشانی کا باعث بنتی ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ میٹر ریڈنگ کے نظام کو شفاف اور جدید بنایا جائے، شکایات کے ازالے کا مؤثر نظام قائم کیا جائے اور صارف کو اس کی شکایت کا بروقت جواب ملے۔ بجلی کے بل میں شامل مختلف ٹیکسز اور سرچارجز بھی عام آدمی کے لئے ایک الگ مسئلہ بن چکے ہیں۔ ایک صارف جب بجلی کی قیمت کے ساتھ متعدد اضافی مدات دیکھتا ہے تو اسے یہ سمجھنا مشکل ہو جاتا ہے کہ وہ اصل میں بجلی کی کتنی قیمت ادا کر رہا ہے اور مختلف ٹیکسز کی مد میں کتنا بوجھ اٹھا رہا ہے۔ ضروری ہے کہ بجلی کے بل کو عام فہم بنایا جائے اور ہر چارج کی واضح وضاحت کی جائے تاکہ صارف کو معلوم ہو کہ اس سے کس مد میں رقم وصول کی جا رہی ہے۔ اس پورے شعبے میں اصلاح احوال کے لئے محض اعلانات کافی نہیں ہوں گے۔ ایک واضح، قابل عمل اور طویل المدتی بجلی پالیسی تشکیل دینی چاہئے جس میں پیداوار کے ساتھ ساتھ ترسیل، تقسیم، لائن لاسز، چوری، بلنگ، صارفین کی شکایات اور متبادل توانائی سمیت تمام پہلوؤں کو شامل کیا جانا چاہئے۔ ہر سال صورتحال کا جائزہ لینے کے بجائے کم از کم اگلے دس سے پندرہ برس کی ضروریات کو سامنے رکھ کر منصوبہ بندی کی ضرورت ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں کی کارکردگی بہتر بنانا بھی اشد ضروری ہے۔

## پاکستان موجودہ سازگار حالات کا فائدہ اٹھائے،طویل مدتی قرضہ لے

معاشیات



علی خضر

پاکستان کے بیرونی کھاتوں نے جنگ کے اثرات کو بغیر کسی بڑے دھچکے کے برداشت کر لیا ہے۔ ایران اور امریکا کے درمیان جاری تنازع کو تقریباً چھ ماہ گزر چکے ہیں اور خام تیل کی قیمتوں میں نمایاں اضافے کے باعث پٹرولیم درآمدی بل بڑھنے کے باوجود جاری کھاتہ خسارہ قابو میں رہا ہے۔ مالی سال 2026 کا اختتام معمولی خسارے کے ساتھ ہوا جبکہ بلند توانائی درآمدات کے باوجود جولائی میں جاری کھاتے کا خسارہ کم ہو کر 328 ملین ڈالر رہ گیا۔ ترسیلات زر میں مضبوطی اور خدمات کی برآمدات میں اضافے نے بیرونی دباؤ کے بڑے حصے کو جذب کر لیا۔ 2023 کے اوائل میں ڈیفالٹ کے قریب پہنچنے والی معیشت کے لیے یہ ایک نمایاں کامیابی ہے۔ مالیاتی صورتحال بھی زیادہ خراب نہیں ہوئی۔ مالی سال 2026 میں بجٹ خسارہ مجموعی قومی پیداوار (جی ڈی پی) کے 2.6 فیصد تک محدود رہا، جو 2004 کے بعد سب سے کم شرح ہے، جبکہ بجٹ میں مسلسل تیسرے سال بنیادی سرپلس ریکارڈ کیا گیا۔ جنگ کے دوران بھی مالیاتی استحکام برقرار رہا اور مالی سال کے آخری تین ماہ میں بجٹ خسارہ 1.9 فیصد رہا، جو نو سال میں کسی بھی مالی سال کی چوتھی سہ ماہی کی کم ترین شرح ہے۔ اسٹاک کے اعداد و شمار بھی سرمایہ کے بہاؤ کے ساتھ تبدیل ہوئے ہیں۔ جی ڈی پی کے تناسب سے عوامی قرضہ مالی سال 2023 کی بلند ترین سطح کے مقابلے میں نمایاں طور پر کم ہوا ہے، جبکہ بیرونی قرضے میں اس سے بھی تیزی سے کمی آئی ہے۔ اسی طرح مجموعی بیرونی قرضہ اور واجبات بھی مالی سال 2023 میں جی ڈی پی کے 43 فیصد سے زائد کی سطح سے کم ہو کر تقریباً 30 فیصد رہ گئے ہیں۔ اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے پاس زرمبادلہ کے ذخائر تقریباً 17.1 ارب ڈالر ہیں، جبکہ جنوری 2023 میں یہ محض 3.1 ارب ڈالر کی کم ترین سطح تک پہنچ گئے تھے۔

اس کے باوجود ان میں سے کسی پیش رفت نے ایسی معیشت کو جنم نہیں دیا جو ترقی کر رہی ہو۔ جی ڈی پی میں سرمایہ کاری کا حصہ تقریباً تاریخ کی کم ترین سطح کے قریب ہے۔ مالی سال 2022 کے بعد کسی بھی سال پیداوار میں 4 فیصد سے زیادہ اضافہ نہیں ہوا۔ بے روزگاری بڑھ رہی ہے، غربت بدستور بلند سطح پر ہے اور گھرانوں کی ایک بڑی تعداد اب بھی حقیقی آمدن کے لحاظ سے 2019 کے مقابلے میں کم کما رہی ہے۔ پاکستان نے خود کو معاشی جمود میں مستحکم کر لیا ہے۔ اس صورتحال کو جنم دینے والا طریقہ کار کوئی پراسرار معاملہ نہیں۔ حکومت کی جانب سے بڑے پیمانے پر قرض لینے کے باعث ملکی بینکاری نظام کی بیلنس شیٹ کی گنجائش کا بڑا حصہ حکومت کے استعمال میں آ گیا ہے، جس کے باعث دیگر شعبوں کے لیے محدود گنجائش باقی رہ گئی ہے۔ مرکزی بینک ایسے قرضوں میں توسیع کے بارے میں محتاط ہے جو درآمدی پلانٹ اور مشینری کی طلب میں اضافہ کرتے ہیں، اس لیے اسے ملکی سرمایہ کاری میں ایسے بڑے اضافے میں بھی زیادہ دلچسپی نہیں جو زرمبادلہ کے ذخائر پر دباؤ کا باعث بن سکتا ہو۔ چنانچہ بڑے پیمانے پر سرمایہ درکار رکھنے والی کمپنیوں کے لیے بیرونی ذرائع سے مالی اعانت حاصل کرنے کا رجحان بڑھتا جا رہا ہے۔ پاکستان کے خودمختار خطرے کے پروفائل کو دیکھتے ہوئے غیر ملکی قرض دہندگان بھی ہچکچاتے ہیں۔ یہی خطرے کا اضافی پریمیم براہ راست سرمایہ کاروں کو بھی بددل کرتا ہے۔ یوں یہ دائرہ مکمل ہو جاتا ہے۔ اس دائرے کو برقرار رکھنے کی وجہ صرف بیرونی قرضے کا حجم نہیں، نہ ہی اس کی اوسط مدت ادائیگی۔ پاکستان کے بیرونی سرکاری قرضے کی اوسط مدت پہلے ہی چھ سال سے زیادہ ہے۔ اصل مسئلہ ان زرمبادلہ کی ادائیگیوں کا ارتکاز ہے جو بار بار 12 ماہ کی مدت کے اندر واجب الادا ہو جاتی ہیں۔ قلیل مدتی بیرونی ادائیگیاں، جن میں زیادہ تر ڈپازٹس، کمرشل سہولتیں اور دوطرفہ قرضوں کی مدت میں توسیع شامل ہے، ایک دہائی قبل صرف 5 سے 7 [illegible]

[illegible] بڑھانا چاہیے جس کے دوران بیرونی زرمبادلہ کی واجب الادا ادائیگیوں کے لیے دوبارہ فنانسنگ درکار ہوگی۔ بانڈز پر ادا کیے جانے والے منافع کی شرح کثیر الجہتی اداروں کی جانب سے وصول کیے جانے والے چارجز سے زیادہ ہوگی۔ تاہم جہاں متبادل ایسا قرض ہو جس کی ہر 12 ماہ بعد دوبارہ [illegible] میں منتقل کرنے سے حاصل ہوگا، نہ کہ 8 یا 9 فیصد شرح پر قرض لے کر اسے غیر استعمال شدہ ذخائر کی صورت میں رکھنا اور اس سے نمایاں طور پر کم منافع کمانا۔ خودمختار قرضوں کی نسبتاً کم خطرے والی مدت اور ساخت سے پاکستان کے ہر منصوبے کو اچانک قابل فنانسنگ نہیں بنایا جا سکے گا

## مزاج بدل گئے

قرطاس



ناصف اعوان

[illegible] تعلق قائم کرنا کتنا مفید ہوگا اور کتنا نہیں یہ پہلے سوچا جانے لگا ہے۔ یہ انسانی معاشرہ کہلا سکتا ہے؟ اب جب شعور ترقی کر رہا ہے سوشل میڈیا کا جادو سر چڑھ کر بول رہا ہے۔ بیداری کی لہریں دل و دماغ کو جھنجھوڑ رہی ہیں مگر لوگ پھر بھی اپنی اناؤں کے حصار میں جانا چاہ رہے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ان میں انسانی ہمدردی کے جذبات سرد پڑنے لگے ہیں لہٰذا جس کے جی میں جو آ رہا ہے وہ کر رہا ہے۔ ہم دیکھتے ہیں کہ دودھ سمیت دیگر اشیائے خورونوش میں خطرناک حد تک ملاوٹ کی جا رہی ہے مگر کوئی محکمہ بھی اس پر قابو نہیں پا رہا کیونکہ وہ بھی اسی ماحول اور سوچ کے زیر اثر ہے۔ بات دراصل یہ ہے کہ سماجی برائیاں ہوں یا خرابیاں ان کی وجہ ہمارا یہ نظام زندگی ہے۔ لوگ سوچتے ہیں کہ جب اہل اختیار خود کسی اصول و ضابطے کی پروا نہیں کرتے تو وہ کیوں کریں۔ قانون کی حکمرانی کے بجائے حکمران حکمرانی ہوگی تو لازمی لوگوں میں طرح طرح کے خیالات پیدا ہوں گے۔

بہرحال ہمارا معاشرہ شکست و ریخت کا شکار ہے اس میں یکجہتی اور محبت کا جذبہ دھیرے دھیرے کم ہوتا جا رہا ہے جو ملکی استحکام اور ملکی معیشت کو متاثر کر رہا ہے مگر جنہیں اس بارے سوچنا ہے وہ اپنے الجھیڑوں میں پڑے ہوئے ہیں۔ اس کے باوجود ہر کسی کا فرض ہے کہ وہ اپنی نسلوں کو ایک بہتر سوچ دینے کے لئے اپنا کردار ادا کرے۔ عجیب بات ہے کہ رہتے ہم اکٹھے ہیں اور طوعاً کرہاً باہمی ضروریات بھی پوری کرتے ہیں تو بھی نہیں سمجھ رہے کہ آج کسی کو کوئی دھوکا دیں گے تو کل انہیں بھی ملے گا مگر ایسا نہیں سوچا جا رہا اور ہر کوئی اپنے انداز سے سوچ رہا ہے اور اس پر عمل کر رہا ہے جس سے سماجی مسائل میں اضافہ ہوتا چلا جا رہا ہے۔

یہ سلسلہ چلتا رہا تو بہت جلد ہمارے لئے انتہائی تکلیف دہ صورت حال پیدا کر دے گا بلکہ وہ صورت حال پیدا ہو چکی ہے کہ ہمسایہ اپنے پہلو میں رہنے والے کو اہم نہیں سمجھتا اس کے دکھ درد [illegible]

اب انعام ہیپر بھی لکھا ہو تو لوگ منکر جاتے ہیں جعلی چیک دے کر دھوکا دیتے ہیں۔ گاؤں میں کوئی بیمار پڑتا تو باری باری اہل دیہہ بیمار پرسی کرتے چلے آتے مشورے بھی دیئے جاتے کسی ماڑے کی مالی مدد بھی کر دی جاتی۔ دودھ میں ملاوٹ کا تو خیال بھی ذہن میں نہیں آتا تھا بلکہ جس گھر میں گائے بھینس نہیں ہوتی تھی اس کو کوئی نہ کوئی تھوڑا بہت دودھ مفت دے دیتا۔ صبح کے وقت لسی دی جاتی اس میں کوئی چھوٹا سا مکھن کا پیڑا ڈال دیا جاتا اس طرح جس کی زمین نہیں ہوتی تھی اگر وہ گندم اور چاول لینے آ جاتا تو خوشی خوشی اسے دے دیئے جاتے۔ یہ تھا برسوں پہلے کا معاشرہ اب ہر کوئی بدل چکا ہے جبکہ مغربی و یورپی معاشروں میں رحم دلی اور ہمدردی کوٹ کوٹ کر بھری ہوئی ہے کیونکہ انہیں انسانیت کی قدر ہے۔ ادھر ہیرا پھیری ہے۔ دوسروں کو نقصان پہنچانے اور حقوق سلب کرنے کے طریقے ایجاد کر لئے گئے ہیں۔

یہ درست ہے لوگوں کا مزاج اس لئے بھی تبدیل ہوا ہے کہ ہمارے جو حکمران ہیں وہ عوام کی کردار سازی کے لئے ضروری اقدامات نہیں کر رہے وہ انہیں انصاف روزگار مہنگائی اور بیماری سے نجات دلانے کے حوالے سے کوئی مؤثر کردار ادا نہیں کر پائے ان کی اہمیت و وجود کو انہوں نے آج تک تسلیم نہیں کیا ان کو شریک اقتدار ابھی نہیں کیا گیا ان کے بنیادی مسائل کو دانستہ حل کرنے کی کوشش نہیں کی گئی میرٹ پالیسی نہیں بنائی جا سکی۔ رشوت سفارش نے عام آدمی کی زندگی کو بے کیف بنا کر رکھ دیا ہے اسی لئے اکتاہٹ بیزاری اور احساس محرومی و بیگانگی نے انہیں آن گھیرا ہے جس سے کسی طور بھی سماجی بہتری نہیں آ سکتی۔ ان کی اخلاقیات بھی نہیں سنور سکتی لہٰذا ضروری ہو گیا ہے کہ حکمران سماج کو مہذب اور ذمہ دار بنانے کے لئے اپنا کردار ادا کریں کیونکہ اوپر سے صحت مند بدلاؤ آئے گا تو نیچے بھی عوام میں ایک مثبت عمل کی نمو ہو جائے گی!

## اس موضوع پر مزید لکھنے کی ہمت نہیں

برملا



نصرت جاوید

زندگی کی کئی دہائیاں صحافت کی نذر کر دینے کے باوجود خود کو مستقل کل تصور کرنے کی بیماری سے محفوظ رہا ہوں۔ بانی تحریک انصاف کی صحت کے بارے میں سپریم کورٹ کے تین رکنی بنچ میں سرکاری طور پر تشکیل دیے ڈاکٹروں کی مرتب کردہ جو رپورٹ جمع کروائی گئی تھی اسے غور سے پڑھنے کے بعد رائے زنی کی جسارت کی۔ وجہ اس کی فقط میرا فشار خون کا مریض ہونا تھا۔ اسے قابو میں رکھنے کے لئے گزشتہ دس برسوں سے ناشتے کے ساتھ ڈاکٹروں کی تشخیص کردہ ایک گولی استعمال کرتا رہا ہوں۔ تقریباً ایک سال قبل مگر اچانک یہ دریافت ہوا کہ میرا بلڈ پریشر اکثر بے قابو ہو جاتا ہے۔ اس کا غیر معمولی اتار چڑھاؤ مجھے فالج یا دل کا مریض بھی بنا سکتا ہے۔ مناسب تشخیص کے لئے مختلف الانواع ٹیسٹوں سے گزرنا پڑا۔ رب کا صد شکر کہ دل فی الوقت میری عمر کے حساب سے صحت مند ٹھہرایا گیا۔ فالج کا خطرہ ٹالنے کے لئے مگر خون پتلا کرنے والی گولیوں کے علاوہ دل کی صحت برقرار رکھنے کو نئی ادویات تشخیص ہوئیں۔ دل و دماغ پر حاوی تشویش کو قابو میں رکھنا بھی ایک اور دوائی کے استعمال سے یقینی بنانے کی کوشش ہوئی۔ بلڈ پریشر کو معمول میں رکھنے کیلئے میری ادویات بدل دی گئیں۔ یہ محض اتفاق تھا کہ عمران خان صاحب کو بلڈ پریشر کے لئے جو دوا سرکاری میڈیکل بورڈ نے تجویز کی تھی وہ میرے بھی زیر استعمال ہے۔ اس کی قوت/طاقت یا ڈوز خان صاحب کے لئے تجویز ہوئی دوا سے مگر زیادہ ہے۔ دل کی صحت کا تعین کرنے کے مختلف ٹیسٹوں کے جن مراحل سے گزرنا پڑا ان کی بدولت دریافت ہوا کہ مذکورہ تناظر میں ای سی جی کے علاوہ آپ کے جسم کے مختلف مقامات پر بخار ماپنے جیسے ڈھکن نما آلات لگا کر دل کا جائزہ لیا جاتا ہے۔ اس کو ایکو ٹیسٹ کہتے ہیں۔ اس ٹیسٹ کے بعد آپ کو تیز قدم اٹھاتے ہوئے ایک مشین پر چلنا پڑتا ہے۔ اسے سٹریس ٹیسٹ کہا جاتا ہے۔ مذکورہ ٹیسٹوں سے قبل مجھے آگاہ کر دیا گیا تھا کہ دل کی صحت کا ان دو کے باوجود درست اندازہ نہ لگایا جا سکا تو ایک اور ٹیسٹ بھی ہو سکتا ہے جسے سی ٹی انجیو گرافی کہا جاتا ہے۔ اس کی مگر معالجین نے ضرورت محسوس نہ کی۔

ریگولر اور سوشل میڈیا پر چھائے ''تحقیقی صحافیوں'' کا ہجوم ہمیں آج تک سمجھا نہیں پایا کہ عمران خان صاحب کے بلڈ پریشر کے جائزے کے بعد ڈاکٹروں نے ایکو اور سٹریس ٹیسٹوں کی ضرورت محسوس کی یا نہیں۔ اس کے علاوہ یہ بات بھی واضح نہیں کہ بانی تحریک انصاف کا بلڈ پریشر سی ٹی انجیو گرافی کا بھی تقاضا کرتا ہے یا نہیں۔ ''تحقیقی صحافیوں'' کی رہنمائی سے محروم سپریم کورٹ کے تین رکنی بنچ نے گزرے منگل کے روز مگر یہ تحریری حکم صادر کیا کہ عمران خان کی صحت کا جائزہ لینے کے لئے انہیں اسلام آباد کے ایک معروف نجی ہسپتال منتقل کیا جائے۔ بے شمار پاکستانیوں کی طرح مجھ سادہ لوح نے توقع باندھی کہ مذکورہ حکم پر حکومت کھلے دل سے عمل درآمد کو تیار ہوگی۔ جمعرات اور جمعہ کی درمیانی رات مگر انہیں شفا کے بجائے سرکاری طور پر چلائے پمز ہسپتال لے جایا گیا۔

وہاں ہوئے معائنے کے چند گھنٹوں بعد انہیں جیل واپس پہنچا دیا گیا۔ حکومت نے شفا کے بجائے پمز لے جانے کا فیصلہ کیوں کیا؟ اگر وہاں لے ہی گئے تھے تو 16 ستمبر تک بانی تحریک انصاف کو اسی ہسپتال میں سپریم کورٹ کے حکم کے مطابق کیوں نہیں رکھا گیا۔ ان سوالوں کے تشفی بخش جوابات کے لئے ہمیں سپریم کورٹ ہی کی جانب دیکھنا ہوگا جس کے روبرو حکومت کے خلاف توہین عدالت کی درخواست دائر کر دی گئی ہے۔

پمز میں ان کے مختصر قیام کے حوالے سے مگر ایک ''بریکنگ نیوز'' نے دعویٰ کیا کہ مذکورہ ہسپتال میں سی ٹی انجیو گرافی کے لئے 2022ء کے برس سے نصب مشین کام نہیں کر رہی تھی۔ چند صحافیوں نے تاہم مذکورہ مشین کی عدم دستیابی کی خبر جھٹلاتے ہوئے یہ دعویٰ کیا کہ 2022ء سے سی ٹی انجیو گرافی کے لئے پمز میں نصب مشین ہرگز مفلوج نہیں ہے۔ اس کا کنٹرول مگر ریڈیالوجی والوں کے پاس ہے اور وہاں کے ڈاکٹر اور طبی عملہ عمران خان کو پمز لانے کے وقت موجود نہیں تھے۔

مجھے ہرگز خبر نہیں کہ طبی اعتبار سے بانی تحریک انصاف کی سی ٹی انجیو گرافی درکار تھی یا نہیں۔ سپریم کورٹ کے روبرو توہین عدالت کی سماعتوں کے دوران مگر یہ ثابت ہو گیا کہ مذکورہ ٹیسٹ ہر صورت لازمی تھا تو حکومت کو بھرپور خجالت کا یقینی طور پر سامنا کرنے پڑے گا۔ ایک بات اگرچہ طے ہے اور وہ یہ کہ 2022ء سے سی ٹی انجیو گرافی کے لئے پمز میں جو سہولت موجود ہے وہ عمران خان کی جمعرات اور جمعہ کی درمیانی رات مذکورہ ہسپتال میں موجودگی کے دوران میسر نہیں تھی۔ وہ میسر ہوتی تو وزیر اعظم کو سیکرٹری اسٹیبلشمنٹ کی قیادت میں ہنگامی طور پر ایک انکوائری ٹیم بنانے کی ضرورت محسوس نہ ہوتی جو 2022ء سے پمز میں قائم سی ٹی انجیو گرافی سے متعلق معاملات کا تفصیلی جائزہ لے۔ سی ٹی انجیو گرافی کے نظام کا مفلوج یا عمران خان کی پمز موجودگی کے دوران دستیاب نہ ہونا مجھے بانی تحریک انصاف کے طبی مسائل کے علاوہ ایک اور اہم پہلو پر پریشانی سے غور کو مجبور کر رہا ہے۔ اسلام آباد ہی نہیں اس کے گردونواح میں موجود بے تحاشہ دیہات اور چھوٹے شہروں سے سنگین طبی امراض کا شکار ہوئے ذلتوں کے مارے عوام پمز ہسپتال ہی لائے جاتے ہیں۔ یہ سوچتے ہوئے دل کانپ گیا کہ ہنگامی حالت میں وہاں پہنچے مریض کے لئے سی ٹی انجیو گرافی کی فوری ضرورت محسوس ہو تو اس کے لواحقین کس عذاب سے گزرتے ہوں گے۔ مذکورہ معاملے پر سوچتے ہوئے ایک بار پھر خود کی بطور صحافی ملامت کو مجبور ہوا۔ گھر بیٹھے عالمی امور کے ماہر ہوئے مجھ دو نمبری دانشور کو یہ خبر ہی نہیں تھی جس شہر میں 1975ء سے مسلسل قیام پذیر ہوں وہاں کے مرکزی ہسپتال میں سی ٹی انجیو گرافی کے لئے لازم تصور ہوئے نظام کا کیا عالم ہے۔

اپنے ملک میں صحت عامہ کے بنیادی مسائل پر توجہ دینا صحافت کی بنیادی ذمہ داریوں میں شامل ہے۔ ہم اسے کس حد تک نبھا رہے ہیں؟ اس سوال کا جواب جمعرات اور جمعہ کی درمیانی رات مل چکا ہے۔ فرض کیا بانی تحریک انصاف اس رات وہاں نہ لائے جاتے تو ہمیں علم ہی نہ ہوتا کہ پمز میں سی ٹی انجیو گرافی کے لئے 2022ء سے قائم نظام اور مشینوں کی کیا حالت ہے۔ اپنی غفلت کا مجرموں کی طرح اعتراف کرنے کے بعد اس موضوع پر مزید لکھنے کی ہمت نہیں۔

## رائی کا پہاڑ بنانا

منظرنامہ



راشد رحمان

قید سابق وزیراعظم عمران خان کے نجی اسپتال (شفا اسپتال) میں طبی معائنے اور علاج سے متعلق سپریم کورٹ کے 18 اگست 2026 کے حکم پر پیدا ہونے والی ہنگامہ خیزی بظاہر ایک غیر محفوظ 'ہائبرڈ' یعنی اسٹیبلشمنٹ کے حلیف والی حکومت کی جانب سے معاملے کو ضرورت سے کہیں زیادہ طول دینے کے مترادف ہے۔ اگر حکومت کے اس موقف میں کسی حد تک وزن تسلیم بھی کر لیا جائے کہ سپریم کورٹ کے حکم سے دیگر تمام ایسے قیدیوں کی جانب سے بھی اسی نوعیت کی طبی سہولتوں کے مطالبات کی راہ کھل سکتی ہے جنہیں طبی امداد درکار ہے، تب بھی اس معاملے کو سپریم کورٹ کے حکم کی روح اور الفاظ کی خلاف ورزی کیے بغیر کہیں بہتر انداز میں نمٹایا جا سکتا تھا۔ اگر عمران خان کو سرکاری اسپتال (پمز) منتقل کرنے کے حکومتی فیصلے کا نتیجہ وہی نکلا جو سامنے آیا، یعنی وہ صحت مند پائے گئے اور یوں انہیں دوبارہ جیل منتقل کر دیا گیا، تو یہ نتیجہ اخذ کرنا بے جا نہیں ہوگا کہ شفا اسپتال میں نجی طبی معائنے کا نتیجہ بھی شاید یہی نکلتا اور حکومت کو ممکنہ طور پر توہین عدالت کی کارروائی کا سامنا نہ کرنا پڑتا۔ بالخصوص اس لیے کہ یکم اگست کو تجویز کردہ کمپیوٹڈ ٹوموگرافی انجیوگرافی (سی ٹی اے) بھی نہیں کرائی گئی۔ موجودہ صورت حال میں، اور عمران خان کی بہن عظمیٰ خان کے طبی معائنے کے بعد اس بیان کو مدنظر رکھتے ہوئے کہ ان کے بھائی خیریت سے ہیں، حکومت کے بارے میں یہی کہا جا سکتا ہے کہ اس نے بلاوجہ خود کو سبکی سے دوچار کیا۔ اپنے ہی ہاتھوں اپنے لیے ایسی غیر ضروری مشکلات پیدا کرنا حکومت کے موقف کو کسی طور فائدہ نہیں پہنچاتا۔ احترام کے ساتھ عرض ہے کہ 18 اگست کے سپریم کورٹ کے حکم میں بھی عجلت کا ایک تاثر نمایاں تھا، جسے بعد کے طبی معائنے نے زائل کر دیا۔ یہ تسلیم کیا جا سکتا ہے کہ عمران خان کی کئی ماہ سے جاری تنہائی نے ان کی صحت پر اثر ڈالا ہوگا، جس میں بلند فشار خون، ذہنی اذیت اور دائیں آنکھ کے مسئلے سے پیدا ہونے والی پریشانی بھی شامل ہے۔ تاہم عدالت بظاہر پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کی جانب سے عمران خان کی طبی حالت جانچنے، ان کی تنہائی ختم کرنے، اہل خانہ سے ملاقاتوں اور بیٹوں سے فون پر گفتگو کی اجازت کے لیے دائر کی جانے والی بار بار کی درخواستوں پر کارروائی میں اپنی سابقہ سست روی کا ازالہ کرنے کے لیے بے چین نظر آئی۔

عمران خان کو شفا اسپتال منتقل کرنے کی ہدایت، جیسا کہ پی ٹی آئی کی بار بار کی درخواستوں میں بھی مطالبہ کیا گیا تھا، بظاہر دوسرے قیدیوں پر اس کے ممکنہ اثرات کو مدنظر نہیں رکھتی تھی، جو اسی نوعیت کی سہولتوں کا مطالبہ کر سکتے ہیں۔ خبر لکھے جانے تک تین قیدی اسی بنیاد پر عدالت سے رجوع کر چکے ہیں اور ممکن ہے یہ سلسلہ یہیں نہ رکے۔ پاکستان میں سیاسی حیثیت رکھنے والے اہم قیدیوں کے ساتھ روا رکھے جانے والے سلوک کا ریکارڈ اچھا نہیں۔ اس دلیل کو ثابت کرنے کے لیے صرف نواز شریف کے ساتھ ہونے والے سلوک کو یاد کرنا کافی ہے، جو ستم ظریفی سے عمران خان کی حکومت نے روا رکھا تھا۔ انہیں اپنی بیمار اہلیہ سے ملاقات کی اجازت نہیں دی گئی اور وہ ان سے ملے بغیر ہی انتقال کر گئیں۔ بعد ازاں جب طبی معائنے سے ان کے خون میں پلیٹ لیٹس کی تعداد سے متعلق سنگین پیچیدگیاں سامنے آئیں تو ارباب اختیار نے انہیں لندن جانے اور علاج کرانے کی اجازت دے دی۔

## صوبائی حکومتوں کے بجٹ نتائج

اقتصادیات



ڈاکٹر حفیظ پاشا

پاکستان کی چاروں صوبائی حکومتیں وفاقی حکومت کے ساتھ مل کر مجموعی سرکاری اخراجات میں ایک نمایاں حصہ رکھتی ہیں۔ مالی سال 2025-26 میں مجموعی سرکاری اخراجات 23,087 ارب روپے رہے، جن میں صوبائی حکومتوں کے مجموعی اخراجات 8,627 ارب روپے تھے۔ تاہم اگر وفاقی حکومت کی جانب سے 6,947 ارب روپے کی قرضوں کی ادائیگی کو نکال دیا جائے تو ملک بھر میں خدمات کی فراہمی کے اخراجات میں صوبائی حکومتوں کا حصہ بڑھ کر 53.4 فیصد ہو جاتا ہے۔ لہٰذا یہ بات پیش نظر رکھنا ضروری ہے کہ صوبائی حکومتوں کی بجٹ کارکردگی بنیادی خدمات کی فراہمی اور ان کے معیار کے حوالے سے انتہائی اہم ہے، جن میں تعلیم، صحت، آبپاشی، سڑکوں کا نیٹ ورک، فراہمی آب اور صفائی ستھرائی شامل ہیں۔ مالی سال 2025-26 بھی خاص اہمیت کا حامل ہے۔ اس سال وفاقی اور صوبائی حکومتوں کے مجموعی بجٹ خسارے کو مالی سال 2024-25 میں جی ڈی پی کے نسبتاً بلند 5.4 فیصد سے کم کر کے جی ڈی پی کے ریکارڈ کم 2.6 فیصد کی سطح پر لایا گیا۔ سوال یہ ہے کہ بجٹ خسارے میں اس نمایاں کمی میں صوبائی حکومتوں کا حصہ کتنا رہا؟ ابتدائی طور پر چاروں صوبائی حکومتوں کی مجموعی بجٹ کارکردگی کا جائزہ لیا گیا ہے، جس کے بعد ہر صوبائی حکومت کی کارکردگی کا الگ الگ جائزہ پیش کیا گیا ہے۔

چاروں صوبائی حکومتوں نے مالی سال 2025-26 میں ٹیکس وصولیوں میں نسبتاً اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔ اپنے ٹیکس محصولات میں 23.5 فیصد کا نمایاں اضافہ ہوا، جو وفاقی ٹیکس وصولیوں میں صرف 10 فیصد اضافے کے مقابلے میں خاصا بہتر ہے۔ اس کا نتیجہ یہ نکلا کہ صوبائی ٹیکسوں کا جی ڈی پی سے تناسب بالآخر تقریباً ایک فیصد تک پہنچ گیا، جو مالی سال 2024-25 میں جی ڈی پی کے تقریباً 0.8 فیصد کے قریب تھا۔ مگر صوبائی ٹیکس نظام اب بھی آمدنی کے ایک ہی ذریعے، یعنی خدمات پر سیلز ٹیکس پر بہت زیادہ انحصار کرتا ہے۔ مالی سال 2025-26 میں صوبائی ٹیکس آمدنی میں خدمات پر سیلز ٹیکس کا حصہ 64 فیصد سے زائد رہا۔ دیگر ممکنہ طور پر ترقی پسند اور زیادہ محصولات فراہم کرنے والے ٹیکس، جیسے زرعی آمدنی ٹیکس، جائیداد پر کیپٹل ویلیو ٹیکس اور شہری غیر منقولہ جائیداد ٹیکس اب بھی انتہائی کم ترقی یافتہ ہیں۔ آئی ایم ایف پروگرام کے تخمینوں کے مطابق مالی سال 2026-27 میں صوبائی ٹیکس آمدنی جی ڈی پی کے 1.4 فیصد تک پہنچ جانی چاہیے۔ اس سے بنیادی خدمات کے دائرہ کار میں توسیع اور ان کے معیار میں بہتری ممکن ہوگی۔ اخراجات کے پہلو پر نظر ڈالیں تو یہاں بھی ایک مثبت پیش رفت سامنے آئی ہے۔ چاروں صوبائی حکومتوں کے مجموعی اخراجات میں ترقیاتی اخراجات کا حصہ 27.5 فیصد سے بڑھ کر 31 فیصد سے زائد ہو گیا ہے۔ جاری اخراجات میں اضافے کی شرح کو بھی 7 فیصد سے کم رکھنے میں کچھ کامیابی حاصل ہوئی، جبکہ ترقیاتی اخراجات میں تقریباً 23 فیصد اضافہ ہوا۔ صوبائی آمدنی میں نسبتاً تیز رفتار اضافے اور جاری اخراجات میں اضافے کو محدود رکھنے کے نتیجے میں چاروں صوبائی حکومتوں کے مجموعی نقد سرپلس میں 57 فیصد سے زائد کا نمایاں اضافہ ہوا۔ مالی سال 2025-26 میں یہ جی ڈی پی کے 1.3 فیصد تک پہنچ گیا، جبکہ مالی سال 2024-25 میں یہ جی ڈی پی کا 0.8 فیصد تھا۔ اس سے مجموعی بجٹ خسارے میں کمی لانے میں نمایاں مدد ملی۔ تاہم بہتری کا بڑا حصہ وفاقی بجٹ خسارے میں نمایاں کمی کی وجہ سے آیا۔

اب ہم ہر صوبائی حکومت کی مالیاتی کارکردگی کے نمایاں پہلوؤں کا جائزہ لیتے ہیں۔ صوبائی حکومتوں کی آمدنی میں نان ٹیکس ریونیو کا حصہ مالی سال 2025-26 میں 471 ارب روپے پر بدستور کم رہا، مگر اچھی خبر یہ ہے کہ چاروں صوبائی حکومتوں نے مجموعی طور پر مالی سال 2025-26 میں نان ٹیکس آمدنی میں 50 فیصد سے زائد اضافہ ریکارڈ کیا۔ آبپاشی کے پانی کے نرخوں اور شاہراہوں کے ٹولز سے اضافی آمدنی کے اب بھی نمایاں امکانات موجود ہیں۔ مجموعی طور پر مالی سال 2025-26 میں صوبائی حکومتوں کا وفاقی این ایف سی منتقلی، گرانٹس اور قرضوں پر انحصار کچھ کم ہوا ہے۔ صوبائی آمدنی میں وفاقی منتقلی کا حصہ 86 فیصد سے کم ہو کر 84 فیصد سے بھی نیچے آ گیا ہے۔ آنے والے برسوں میں اس عمل کو جاری رہنا چاہیے۔ پنجاب حکومت کی کارکردگی کی نمایاں خصوصیت نقد سرپلس میں نمایاں اضافہ ہے، جو مالی سال 2024-25 میں 348 ارب روپے سے بڑھ کر مالی سال 2025-26 میں 914 ارب روپے ہو گیا، یعنی 162 فیصد سے زائد اضافہ ہوا۔ یہ کامیابی بنیادی طور پر جاری اخراجات میں اضافے کو 8 فیصد تک محدود رکھنے اور اپنی آمدنی میں 35 فیصد اضافے کے باعث حاصل ہوئی۔ مجموعی طور پر صوبائی نقد سرپلس کا 63 فیصد پنجاب حکومت نے پیدا کیا۔

سندھ حکومت کی اپنی آمدنی میں 25 فیصد اضافہ ہوا۔ درحقیقت اس وقت صوبائی ٹیکسوں سے سب سے زیادہ آمدنی سندھ کو حاصل ہو رہی ہے، جو 593 ارب روپے ہے جبکہ پنجاب حکومت کے صوبائی ٹیکس محصولات 496 ارب روپے رہے۔ جاری اخراجات میں اضافے کو صرف 6 فیصد تک محدود رکھا گیا اور وسائل کو ترقیاتی اخراجات کی جانب منتقل کیا گیا، جن میں مالی سال 2025-26 کے اختتام تک 28 فیصد اضافہ ہوا۔ مجموعی طور پر سندھ حکومت کے نقد سرپلس میں 24 فیصد اضافہ ہوا۔ خیبر پختونخوا حکومت کی کارکردگی نسبتاً محدود رہی۔ صوبائی ٹیکس محصولات میں ایک فیصد کمی ہوئی۔ وفاقی گرانٹس اور قرضوں میں اس سے بھی زیادہ، یعنی 11 فیصد کمی ہوئی، جبکہ این ایف سی منتقلی میں صرف 2 فیصد اضافہ ہوا۔ یہ واضح نہیں کہ خیبر پختونخوا کو این ایف سی سے ملنے والی رقم میں اضافے کی شرح اتنی کم کیوں رہی، جبکہ مجموعی طور پر این ایف سی منتقلی میں 12 فیصد اضافہ ہوا ہے۔

اسی پالیسی پر عملدرآمد کرتے ہوئے جاری اخراجات میں اضافے کو صرف 2 فیصد تک محدود رکھا گیا جبکہ ترقیاتی اخراجات میں 35 فیصد کا نمایاں اضافہ کیا گیا۔ مجموعی طور پر نقد سرپلس میں 7 فیصد کی واقع ہوئی۔ بلوچستان حکومت کے بجٹ کے عمل میں بھی یہی مسئلہ نظر آتا ہے، جہاں وفاقی گرانٹس اور قرضوں میں 32 فیصد کی نمایاں کمی ہوئی جبکہ این ایف سی منتقلی میں صرف 2 فیصد اضافہ ہوا۔ اپنی آمدنی اور جاری و ترقیاتی اخراجات دونوں میں معتدل اضافہ ہوا۔ نتیجتاً نقد سرپلس میں 82 فیصد کی بڑی کمی واقع ہوئی۔ مالی سال 2025-26 کے نتائج سے ظاہر ہوتا ہے کہ پنجاب اور سندھ کی دو بڑی صوبائی حکومتوں اور خیبر پختونخوا اور بلوچستان کی دو چھوٹی صوبائی حکومتوں کے درمیان مالیاتی کارکردگی کا فرق بڑھتا جا رہا ہے۔

## صحت اور سیاست



خورشید ندیم

یہ اچھی خبر ہے کہ عمران خان صاحب تندرست و توانا ہیں۔ ان کی ایک آنکھ کو جو بیماری لاحق ہوئی تھی وہ بھی بتدریج رخصت ہو رہی ہے۔ ایک انجکشن اور لگے گا اور وہ بھی پوری طرح درست ہو جائے گی۔ الحمدللہ۔

یہ خبر ہم نے ان کی بہن کی زبان سے سنی جو خود بھی ڈاکٹر ہیں۔ انہوں نے جس مسرت کے ساتھ یہ خبر سنائی اس نے خان صاحب کی صحت کے بارے میں پھیلی افواہوں کا خاتمہ کر دیا۔ اگر حکومتی ترجمان یہ کہتا تو قیل و قال کی گنجائش پیدا ہو سکتی تھی۔ مجھے یہ جان کر خوشی ہوئی۔ اس سے بھی یہ معلوم ہوا کہ انہیں جیل میں علاج کی سہولت میسر ہے۔ صحت کے مسائل کو انسانی نظر سے دیکھنا چاہیے، سیاست کی نظر سے نہیں۔ ڈاکٹر عظمیٰ صاحبہ کی گفتگو سے یہ بھی واضح ہو گیا کہ عمران خان صاحب کی صحت کے بارے میں بے پر کی اڑائی جا رہی تھی۔ کسی نے انہیں مار دیا۔ کسی نے اندھا بنا دیا۔ اور کچھ نے تو ایسا زہر کھلانے کا شوشہ بھی چھوڑ دیا جو دھیرے دھیرے اثر کرتا ہے۔ فشار خون کا متوازن ہونا بتا رہا ہے کہ یہ بھی ایک افسانہ تھا، دیگر افسانوں کی طرح۔ اب لازم ہے کہ سیاست کو صحت سے الگ کر کے دیکھا جائے۔ سیاست کی باگ ہم نے تہذیب، نظریات اور اقدار کے ہاتھ سے لے کر جذبات کے ہاتھ میں تھما دی۔ جذبات بھی ایسے جو کسی قدر کو خاطر میں نہیں لاتے۔ اس کا حتمی نتیجہ ہمارے سامنے آ چکا۔ ہماری سیاست اب اصولی اختلاف نہیں، ذاتیات کی اسیر ہو گئی ہے۔ ایک دوسرے کی ذات کو زیر بحث لانا، ذاتی اخلاقیات کو موضوع بنانا، پست زبان کا استعمال، جھوٹی کہانیوں کا انتساب، یہ سب اس بازار سیاست کا مال ہے۔ اس کے علاوہ اس دکان پر اب شاید ہی کچھ مل سکے۔ کچھ وقت پہلے صرف ایک جماعت کی اس پر اجارہ داری تھی۔ اس کی برتری آج بھی موجود ہے کہ اس فن میں اس کا کوئی حریف پیدا نہیں ہو سکا۔ لیکن اتنی تبدیلی اب ضرور آ گئی ہے کہ وہ بلامقابلہ جیت نہیں سکتی۔ دوسری جماعتیں بھی حسب توفیق اپنے فن کا مظاہرہ کرتی ہیں۔ اور تو اور مذہبی جماعتوں کے کارکن بھی اب کم نہیں۔ ذرا مولانا فضل الرحمٰن اور حافظ نعیم الرحمٰن صاحب یا ان کی جماعتوں کے بارے میں کچھ کہہ کر دیکھیں۔ سوشل میڈیا کے اکاؤنٹس پر لفظوں سے جو نقش و نگار بنیں گے آپ تنہائی میں بھی دیکھیں تو خود سے شرمندہ ہوں۔

سیاستدان بھی بیمار ہوتے ہیں۔ انہیں علاج کی ضرورت ہوتی ہے۔ اگر سیاست کو ذاتیات سے جدا رکھا جائے تو کوئی معقول آدمی اس کا انکار نہیں کر سکتا۔ اگر وہ قیدی ہیں تو بھی اس حق سے محروم نہیں۔ اگر ہم سیاست اور علاج کو الگ کر سکیں تو اس معاملے میں کسی تنازع کا پیدا ہونا غیر ضروری ہے۔ لوگ نواز شریف صاحب اور خان صاحب کی صحت کا موازنہ بھی کر رہے ہیں۔ نواز شریف صاحب کی علالت و بیماری ایک مانی ہوئی بات ہے۔ ان کے چہرے پر لکھا ہے۔ یہی معاملہ زرداری صاحب کا بھی ہے۔ انہیں دیکھ کر کوئی یہ نہیں کہہ سکتا کہ وہ صحت مند ہیں۔ نواز شریف صاحب کا جب علاج ہوا تو وہ ان کی ضرورت تھی۔ عمران خان ماشاء اللہ ہمیشہ صحت مند رہے ہیں۔ عمر بھر صحت ان کی پہلی ترجیح رہی۔ سیاست کے مصروف ترین دنوں میں بھی انہوں نے اپنی ورزش بھی قضا نہیں کی۔ صحت کے ساتھ وہ خوراک کے معاملے میں بھی بہت محتاط ہیں۔ اسی لائف سٹائل کی وجہ سے وہ بیماریوں سے محفوظ رہے۔ انہیں کچھ روحانی عوارض ضرور لاحق ہوئے لیکن اس وقت میں اپنی بات جسمانی صحت کی حد تک محدود رکھنا چاہتا ہوں۔ جسمانی بیماریوں کے حوالے سے ان کی کوئی تاریخ نہیں۔ تاہم جو آدمی کل بیمار نہیں تھا، لازم نہیں کہ آج بھی بیمار نہ ہو۔ اگر کوئی ایسی علامت ہے تو ڈاکٹر سے مشورہ لازم ہے۔ یہ بات بہت اہم نہیں ہے کہ ان کا علاج کہاں ہوتا ہے۔ اگر ڈاکٹروں کی ٹیم مستند ہے اور اس میں ان کا اپنا طبیب بھی شامل ہو جاتا ہے تو اس پر کوئی اعتراض نہیں ہونا چاہیے۔

عمران خان صاحب کے مسائل نفسیاتی ہیں۔ ان کے اثرات ان کے جسم پر بھی مرتب ہو سکتے ہیں۔ کہا جا رہا ہے کہ انہیں اخبار اور ٹی وی کی سہولت میسر نہیں۔ ملاقاتوں پر بھی پابندی ہے۔ اس پابندی کو کئی دن ہو گئے ہیں۔ اس سے ان کا متاثر ہونا فطری ہے۔ پھر ان پر فرسٹریشن کا غلبہ ہے کہ ان کی سیاسی جماعت اور ایک صوبائی حکومت بانجھ ثابت ہوئی۔ وہ انہیں رہا کرانے کے لیے حکومت پر دباؤ نہیں ڈال سکے۔ رہائی کے معاملے میں وہ بے بسی کی تصویر ہیں۔ یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ ان کا جسم اس کے اثرات سے محروم رہے۔ یہ تو ان کا لائف سٹائل کام آیا اور ان کے جسم نے ان نفسیاتی مسائل سے بہت کم اثر قبول کیا۔ تاہم یہ نہیں کہا جا سکتا کہ کوئی اثر نہ لیا ہو۔ اس پر مستزاد یہ کہ ان کی بڑھتی ہوئی عمر۔ وقت کے ساتھ پہلوانوں کے جسم بھی ناتواں ہونا شروع ہو جاتے ہیں۔ آج وہ جسے ظلم کہہ رہے ہیں، وہ یہی مسائل ہیں۔ تنہائی سب سے بڑا مسئلہ ہے۔ کتابیں البتہ انہیں مل رہی ہیں جو تنہائی کا بہترین علاج ہے۔ تاہم کتاب انسانی صحبت کا متبادل نہیں۔ میرا احساس ہے کہ تحریک انصاف میں اگر بیرسٹر گوہر جیسے متحمل مزاج لوگوں کو موقع دیا جائے تو تنہائی کا یہ مسئلہ حل ہو سکتا ہے۔ یہ عمران خان صاحب کی بدنصیبی ہے کہ انہیں دانشمند لوگوں کی رفاقت کم ہی میسر ہے۔ جس دور میں جہانگیر ترین جیسے لوگ ان کے ساتھ تھے وہ ان کی فتوحات کا دور تھا۔ جب انہوں نے ایسے لوگوں سے چھٹکارا پایا، ان کے مسائل بڑھتے چلے گئے۔ وہ ان لوگوں میں گھرتے چلے گئے جن کے پاس عقل و بصیرت نام کی کوئی شے نہیں پائی جاتی۔ ان کی سیاست نے مفاہمت کے دروازے بند کیے اور خان صاحب کے لیے مشکلات میں اضافہ کیا۔

یہ صورت حال بدل سکتی ہے۔ اقتدار کی سیاست میں جس کے ہاتھ میں طاقت ہوتی ہے اس سے معاملہ کرنا پڑتا ہے۔ اچھے سیاستدان وہی ہوتے ہیں جو عوامی طاقت کو ایک خوف کے طور پر استعمال کرتے ہیں۔ خود کو ریاست کے بالمقابل نہیں لا کر کھڑا کرتے۔ اس بات کو سمجھنے کے لیے مولانا فضل الرحمٰن کے اسلوب سیاست سے استفادہ کرنا چاہیے۔ جماعت اسلامی یہ تجربہ کر چکی۔ ان کی احتجاجی طاقت کا ایک خوف اور بھرم تھا۔ جب اس نے انفرادی حیثیت میں انتخابات میں حصہ لینے کا فیصلہ کیا تو یہ خوف دم توڑ گیا۔ تحریک انصاف نے ناکام احتجاجی تحریکیں چلا کر اپنا بھرم اور خوف ختم کر دیا۔ ریاست پر یہ واضح ہو چکا کہ وہ احتجاج سے عمران خان کو رہا نہیں کرا سکتے۔ دانشمندی یہ ہے کہ اب تحریک انصاف کوئی اور راستہ اختیار کرے۔ اب اس کا ہدف صرف یہ ہو کہ عمران خان کا علاج ہو اگر وہ بیمار ہیں اور ان کی رہائی کے لیے ریاست کا دل پسیجے۔ یہ کام دانشمندی سے ہوگا زور سے نہیں۔

## اتنی مختصر کہاں غم کی شام

اظہار خیال



ایاز امیر

کیسی نفسیاتی حالت قوم کی بن گئی ہے کہ ہر ترک کی حق کے پیچھے لگ جاتی ہے۔ ہسپتال منتقلی کا ناٹک صرف پی ٹی آئی سے نہیں ہوا بلکہ پوری قوم سے ہوا کیونکہ سب ہی اس بات میں آ گئے تھے کہ سپریم کورٹ کا حکم آیا ہے تو ضرور کچھ نہ کچھ بات ہوگی۔ ہسپتال منتقلی بھی ہو جائے گی اور شاید معتوب جماعت کے اچھے دن آنے والے ہیں۔ تجزیہ کاروں کی صرف اب کھیپ نہیں رہی یوٹیوب کی مہربانی سے اب تو ایک پوری فوج تیار ہو چکی ہے۔ کچھ دن یہ فوج بھی اسی کام پر لگی رہی کہ بس اب کچھ بڑا ہونے والا ہے۔ لیکن جو ہوا اور جس انداز سے ہوا وہ قوم کیلئے ایک سبق ہے۔

بنیادی سبق یہ کہ جب تک کوئی سیاسی زلزلہ نہ آئے سیاسی حقیقتیں جوں کی توں رہتی ہیں۔ اقتدار کا اصل کیا ہے اور اقتدار کی نمائش کیا ہے سب کو پتا ہے۔ گو واضح مجبوریوں کی وجہ سے سب کچھ بیان نہیں کیا جا سکتا۔ جو اصل اقتدار ہے اس کا بنیادی تضاد کس سے ہے؟ اڈیالہ کے قیدی سے اور اس کی جماعت سے۔ جماعت سے بھی اس لیے کہ مخصوص قیدی کی جماعت ہے نہیں تو جس قسم کی باقی قیادت ہے وہ اصل اقتدار کیلئے کوئی مسئلہ نہیں۔ یہ کوئی انقلابی جماعت تو ہے نہیں، لیڈر کی وجہ سے جماعت کا ایک مخصوص حلیہ بن گیا تھا جو کہ اصل والوں کی آنکھ میں کھٹکتا ہے۔ دوسری بڑی حقیقت ملک کی یہ ہے کہ ہمارے ہاں اقتدار کسی کے سامنے جوابدہ نہیں، کسی کے تابع نہیں۔ ایسے میں حکم سپریم کورٹ کا چلنا تھا یا اقتدار کے مالکوں کا؟ لہٰذا وہی کچھ ہوا جو مالکوں کی مرضی اور منشا کے مطابق تھا۔ لیکن قوم بھٹک گئی۔ حق آتے دکھائی دی اور اس کے پیچھے لگ گئی۔ لیکن اب قوم ہوش میں آ گئی ہوگی کہ بنیادی حقیقتیں جوں کی توں ہیں اور ان میں کوئی تبدیلی نہیں آئی۔ نہ اقتدار والوں کی سوچ میں کوئی تبدیلی آئی ہے۔

ڈاکٹر عظمیٰ کا رونا' جو ان کے ساتھ بیتی اس پوری روداد کا بیان کرنا۔ پھر میں کیسے ایک کمرے میں بٹھایا گیا پھر کسی اور کمرے میں لے جایا گیا۔ سرسری سا معائنہ ہسپتال کے راستے اندھیرے میں ڈوبے ہوئے۔ کہاں یہ حقیقت اور کہاں وہ خیالی منظر کہ شفا میں رکھا جائے گا اور دیکھ بھال ہوگی۔ ڈاکٹر عظمیٰ بہت کچھ کہہ گئیں جو میری دانست میں انہیں نہیں کہنا چاہیے تھا۔ ذہنی ٹارچر کا بار بار ذکر یہ کہنا کہ تنہائی کی وجہ سے ذہنی اضطراب اور بلڈ پریشر کا بڑھ جانا' بار بار کے اس ذکر کی کیا ضرورت تھی؟ یہ سن کر اہل ستم کی خوشیوں کی انتہا نہ رہی ہوگی۔ اہل ستم کیلئے ڈاکٹر عظمیٰ کا رونا اور ذہنی ٹارچر کا ذکر کرنا اس امر کی تصدیق ہوگی کہ جو کچھ کیا جا رہا ہے کامیاب ثابت ہو رہا ہے۔ پھر مصر کے صدر مرسی کا ذکر کہ اسی طریقے سے در زنداں ان کی زندگی ختم ہوئی' میرے خیال میں بالکل ہی نامناسب تھا۔ کیونکہ جہاں یہ سن کر ہمدردی رکھنے والوں کے دل بوجھل ہوئے ہوں گے اہل ستم تو شاداں ہوں گے۔ اپنے جذبات پر کچھ ضبط کرنا چاہیے تھا۔ عجیب جماعت ہے' کوئی تو لیڈر وہاں ہوتا ڈاکٹر عظمیٰ کو بتانے کیلئے کہ کتنا کہا جائے اور کن پہلوؤں کو زبان پر نہ لایا جائے۔ پھر یہ کہنا کہ میں نے ان سے کہا کہ ان سب کو دیکھ لیں گے' یہ تو پھر غیر محتاط گفتگو ہوگی اور اس وقت معتوب جماعت کو اگر کچھ چاہیے وہ احتیاط اور دانش ہے۔

پھر یہ جو روش ہے کہ ہر موقع پر کسی تحریک کا ذکر کرنا۔ احتجاج اور تحریک کے کتنے اعلان ہوئے ان سے حاصل کیا ہوا؟ جس کا یہ مطلب نہیں کہ حوصلے پست ہو جائیں اور جدوجہد ترک کر دی جائے۔ لیکن اتنا تو دیکھا جائے کہ کس موقع پر کیا کرنا ہے اور کیا کارگر ثابت ہو سکتا ہے۔ اقتدار کی اصل نوعیت سب جانتے ہیں۔ ظاہری حکومتیں کتنی بااختیار ہیں اور ان کی اپنی طاقت کیا ہے وہ بھی سب پر واضح ہے۔ پشاور سے کوئی جلوس نکلے تو جیسا کہ کئی بار دیکھا جا چکا ہے وہ ایک حد تک ہی آگے پہنچ پاتا ہے اور پھر واپسی کا سامان باندھنا پڑتا ہے۔ جب صورتحال ایسی ہو جیسا کہ اس وقت پاکستان میں ہے تو مجبوریوں کا ادراک ہونا چاہیے تاکہ جدوجہد تو جاری رہے لیکن دیوار میں سر نہ مارا جائے۔ حکمت اور معاملہ فہمی کی ضرورت ہے تاکہ جس صورتحال میں جماعت پھنس چکی ہے اس سے نکلنے کا کوئی راستہ نظر آئے۔ اتنی بات تو سمجھی جائے کہ جو کچھ ذوالفقار علی بھٹو ضیا رجیم کیلئے تھے وہی کچھ اڈیالہ کے قیدی موجودہ صورتحال میں ہیں۔ انگریزی کا لفظ ہے Existence یعنی وجود۔ یہ وجود کی جنگ ہے' یا تم یا ہم۔ جہاں یہ صورتحال ہو وہاں ارادے لمبے ہو جاتے ہیں۔ صدر مرسی والی بات بھی صحیح میرا اعتراض تو صرف یہ ہے کہ صحیح ہونے کے باوجود اس کا ذکر غیر دانشمندانہ تھا۔

ایوب خان کا دور لمبا تھا ضیاء الحق کا اس سے بھی کچھ زیادہ۔ مشرف کا اتنا لمبا نہ تھا اور جیسا کہ نظر آ رہا ہے موجودہ دور کسی لحاظ سے بھی اختصار کی نوید نہیں دے رہا۔ ہوتا یہ ہے کہ اقتدار کا تختہ الٹ جائے جیسا کہ بھٹو کے ساتھ ہوا اور ہمارے سامنے عمران کے ساتھ ہوا ہے تو سیاسی حرارت اتنی پیدا ہوتی ہے اور ڈھول اتنی اونچی کہ آگے کچھ نظر نہیں آتا۔ بھٹو کے ساتھ یہ ہوا اور یہاں بھی یہی ہوا۔ بہرحال سوچ بچار کی ضرورت ہے۔ پاکستانی سیاست کی ہمیشہ کمزوری رہی ہے کہ سیاستدانوں کی سوچ کچھ زیادہ ہی وکیلانہ بن جاتی ہے۔ آئین اور قانون کا تسلیل کچھ زیادہ ہی سروں پر چڑھا لیا جاتا ہے۔ جانتے ہوئے کہ ہماری ریاست میں آئین اور قانون کی حیثیت کیا ہے۔ ذوالفقار علی بھٹو نے سپریم کورٹ کا راستہ نہیں اپنایا تھا؟ چار روز وہاں خود اپنی وکالت کی' کیا حاصل ہوا انہیں؟ اس ہسپتال ڈرامہ کے بعد ڈاکٹر عظمیٰ کی طرف سے توہین عدالت کی کارروائی سپریم کورٹ میں کی جا رہی ہے۔ ضرور کرنی چاہیے لیکن اس سے حاصل کیا ہوگا؟ تحریک والوں کو آپس میں بیٹھ کر کچھ سوچ بچار کرنی چاہیے۔ اور بات بات پر یہ جو ایک دوسرے پر الزام تراشیوں کا سلسلہ ہے کہیں تو ختم ہو۔

مشکل صورتحال کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ سب سے بڑی اور مقبول جماعت کو دوسرے لیڈروں کا سہارا لینا پڑ رہا ہے۔ ان لیڈروں کی نیت پر کوئی شک نہیں لیکن پی ٹی آئی کیلئے وہ کچھ حاصل نہیں کر سکتے۔ کے پی کے میں پی ٹی آئی کی اپنی حکومت ہے۔ وہ ویسے بھی حساس صوبہ ہے زوروں سے وہاں شورش برپا ہے۔ المیہ دیکھیں پی ٹی آئی کا کہ سیاسی سوچ کے حامل جو لوگ ہونے چاہئیں اس کے پاس نہیں ہیں۔ اس لیے جماعت مارے مارے پھر رہی ہے۔ جہاں تک بہنوں کا تعلق ہے وہ قصور وار نہیں ٹھہرائی جا سکتیں کیونکہ انہوں نے تو جذباتی باتیں ہی کرنی ہیں۔

فی الحال تو اتنا ہی ہو جائے کہ کتب' اخبارات اور ٹی وی کی رسائی بحال ہو' ملاقاتیں کھل جائیں۔ ہجوم نہ ہو نہ وکلا کی لائنیں ہوں۔ ایک دو وکیل ہفتہ وار ملیں' بہنیں مل سکیں اندرون جیل بشریٰ بی بی کے حالات میں بھی کچھ نرمی آئے۔ باہر جو ہونا ہے ہوتا ہے۔

# اجتماعی نوعیت کے ترقیاتی منصوبوں کو ترجیح دے رہے ہیں، کمشنر خضدار

ترقیاتی منصوبے مقررہ مدت میں مکمل کرنے کے ساتھ ساتھ ان کے معیار کو بھی ہر صورت یقینی بنایا جائے

**منصوبوں کی تکمیل میں غفلت برداشت نہیں، منصوبوں کو معیار اور مقررہ مدت کے مطابق مکمل کیا جائے**

خضدار (ن ح) کمشنر خضدار ڈویژن قادر بخش پرکانی کی زیر صدارت (PSDP) 2025 اور 2026 کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا جس میں خضدار ڈویژن کے متعلقہ محکموں کے سربراہان اور افسران نے شرکت کی [illegible] نے مزید ہدایت کی کہ آئندہ اجلاس میں ایسے منصوبوں کی بھی نشاندہی کی جائے جن کی تکمیل سے عوام کو فوری اور زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کیا جا سکے۔ اجلاس کے اختتام پر مختلف ترقیاتی منصوبوں کی رفتار تیز کرنے، نگرانی کے نظام کو مزید مؤثر بنانے اور عوامی مفاد کو اولین ترجیح دینے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔



ساؤتھ ڈیرہ بگٹی، ڈی سی زوہیب الحق منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

## خضدار یوفون نیٹ ورک صارفین کیلئے وبال جان بن گیا

خضدار (بیورو رپورٹ) خضدار یوفون نیٹ ورک صارفین کیلئے وبال جان بن گیا عرصہ دراز سے یوفون سم استعمال کرنے والے صارفین یوفون نیٹ ورک سے جان چھڑانے کیلئے دوسرے کمپنیوں کے سم لگانا شروع کر دی خضدار کے علاقہ یوی کھنڈ خیر آباد، شاہوانی آباد، سلطان آباد مینگل آباد و دیگر ایریا میں یوفون کے ٹاور کئی سالوں سے کام نہیں کر رہا ہے اور ٹاور بند نیٹ ورک مکمل سلو ہے صارفین بیزاری کا اظہار کر کے یوفون سم کو دوسرے نیٹ ورک میں کنیکٹ کیا جا رہا ہے ان خیالات کا اظہار خضدار یوفون نیٹ ورک کے صارفین نے میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا ان کا کہنا تھا کہ یوفون کمپنی میں صارفین کی تعداد دن بدن بڑھنے سے کمپنی نے اپنے صارفین کو بہترین نیٹ ورک مہیا کرنے میں بری طرح ناکام ہوئی ہے خصوصاً خضدار شہر میں یوفون نیٹ ورک نہ ہونے کے برابر ہے صارفین کی موبائل بیٹریز خراب اور سلو نیٹ ورک کی وجہ ضائع ہو جاتی ہے

## خضدار، سیف شاخ جھل مگسی، گنداواہ، نوتال روڈ کی حالت ابتر

**لوگوں کو سفر میں مشکل، چار سالوں میں روڈ کا کام مکمل نہ ہو سکا ہے**

خضدار (بیورو رپورٹ) سیف شاخ جھل مگسی، گنداواہ اور نوتال روڈ کی حالت زار ابتر ہے جس کی وجہ سے لوگوں کو سفر کرنے میں بہت مشکل پیش آ رہی ہے علاقہ کے عوامی نمائندوں کی ناقص کارکردگی کی وجہ سے چار سالوں میں روڈ کا کام مکمل نہ ہو سکا ہے ان خیالات کا اظہار بلوچستان عوامی پارٹی کے رہنماؤں میر امداد باریجو، میر جنگان مگسی، رحمت اللہ مینگل نے ذرائع ابلاغ کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا یہ مسئلہ صرف جھل مگسی گنداواہ و نوتال تک محدود نہیں ہے بلکہ مکران خضدار سمیت دیگر شہروں سے سفر کیلئے آنے والے ٹرانسپورٹروں مسافروں کو سخت دقت اور پریشانی کا سامنا کرنا پڑتا ہے گزشتہ چار سالوں سے لوگ کچے سڑک پر سفر کر کے بیزار آ چکے ہیں سیف شاخ جھل مگسی اور گنداواہ و نوتال تک کچے سڑک پر سفر کریں میں لوگوں کو اپنی گاڑیوں کی ریپئرنگ کرنے پر لاکھوں روپے خرچ کرنا پڑ رہا ہے اور اس روٹ پر سفر کرنا بھی خطرناک جھل مگسی ٹو نوتال کی صورتحال بہت خراب ہے عام غریب لوگ اپنے حق کیلئے آواز بلند نہیں کر سکتا ہے چار سال ہو رہا ہے ابھی تک یہاں کے مقامی لوگوں کیسی بیاہ کرنے کی جرات نہ کی ہے جھل مگسی گنداواہ دنیا کی جدید سہولتوں سے یکسر محروم ہے 75 سالوں سے جھل مگسی پر مسلط نوابی سسٹم نے لوگوں کو غلام بنا رکھا ہے لوگ اپنے بنیادی حق کیلئے آواز بلند کرنے سے گھبرا چکے ہیں عوام کو سیاسی طور پر آواز بلند کرنے کی اجازت نہیں ہے جس کی وجہ سے وہ اپنی بنیادی سہولتوں سے محروم ہو گئے ہیں۔ دگو سیف شاخ سے جھل مگسی، گنداواہ اور نوتال کا روڈ چار سالوں سے ڈوریشن کی وجہ سے سخت خراب ہے اور سفر کرنے کے قابل نہیں ہے

## 12 ربیع الاول کی مناسبت سے نعتیہ محفل و مشاعرہ کا انعقاد

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) بلوچستان رائٹرز فورم کی جانب سے 8 ادبی تنظیموں کے اشتراک سے 12 ربیع الاول 1448ھ کی پرنور مناسبت سے ایک پروقار نعتیہ محفل و مشاعرہ کا انعقاد کیا گیا۔ یہ روح پرور محفل پروفیسر جوہر بنگلزئی کے غریب خانہ، گلی گلیشن، حاجی احمد بخش لہڑی اسٹریٹ کوئٹہ میں منعقد ہوئی۔ محفل کی صدارت براہوئی زبان کے نامور شاعر و ادیب استاد صابر ندیم قادری نے فرمائی۔ مہمان خصوصی پروفیسر محمد انور زیب تھے جبکہ مہمانوں کی میزبانی کا شرف پروفیسر جوہر بنگلزئی کو حاصل رہا۔ محفل کا آغاز جاوید ساجد بنگلزئی کی تلاوت کلام پاک سے ہوا اس کے بعد مختلف ادبی تنظیموں سے وابستہ شعراء نے بارگاہ رسالت میں گلہائے عقیدت پیش کیے۔ شریک شعراء اور ان کی ادبی تنظیمیں استاد صابر ندیم قادری۔ شاشان انجمن شعراء بلوچستان، کوئٹہ پروفیسر محمد انور زیب براہوئی ادبی سوسائٹی ساڑ، عزیز سیوت ادبی دیوان بلوچستان، کوئٹہ حیدر آتش شاشان انجمن شعراء بلوچستان، کوئٹہ پروفیسر جوہر بنگلزئی بلوچستان سوشل اکیڈمی، ڈیرہ مراد جمالی عمر گل سخاوت ادبی کاروان، کوئٹہ سلام صائم سخاوت ادبی کاروان، کوئٹہ جاوید ساجد بنگلزئی براہوئی ادبی سوسائٹی، ڈیرہ مراد جمالی نصیر آباد براہچ براہوئی زبان کے شعراء نے براہوئی زبان میں نعت رسول مقبول اور درود و سلام پیش کر کے حاضرین سے بے پناہ داد حاصل کی۔ صدارتی خطاب کرتے ہوئے استاد صابر ندیم قادری نے کہا کہ آج 12 ربیع الاول 1448ھ "رحمت اللعالمین حضرت محمد کی ولادت باسعادت کا دن ہے۔ یہ اسلامی تاریخ کا سب سے مبارک دن ہے۔ 571 عیسوی میں عام الفیل کے سال مکہ مکرمہ میں حضور کی ولادت سے کائنات کے لیے ہدایت، رحمت اور نجات کے دروازے کھل گئے۔

## حضور اکرم کی سیرت طیبہ پوری انسانیت کیلئے مشعل راہ ہے

چھتر (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی صحبت پور کے ضلعی صدر میر محمد یعقوب خان کھوسہ نے جشن عید میلاد النبی کے بابرکت موقع پر اہل اسلام کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ 12 ربیع الاول تاریخ انسانیت کا وہ عظیم اور بابرکت دن ہے جب اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب حضرت محمد مصطفیٰ کو رحمت بنا کر دنیا میں مبعوث فرمایا انہوں نے کہا کہ حضور اکرم کی سیرت طیبہ پوری انسانیت کے لیے مشعل راہ ہے۔ آپ نے انسانوں کو محبت، اخوت، مساوات، عدل و انصاف، برداشت اور رواداری کا درس دیا۔ آج معاشرے میں امن و استحکام اور بھائی چارے کے فروغ کے لیے ہمیں سیرت نبوی کے سنہری اصولوں کو اپنی عملی زندگی کا حصہ بنانا ہوگا میر محمد یعقوب خان کھوسہ نے کہا کہ جشن عید میلاد النبی محض خوشی منانے کا موقع نہیں بلکہ اس عہد کی تجدید کا دن بھی ہے کہ ہم حضور نبی کریم کی تعلیمات پر عمل کرتے ہوئے اپنے کردار اور معاشرے کو بہتر بنانے کی کوشش کریں گے انہوں نے کہا کہ امت مسلمہ کو موجودہ حالات میں اتحاد، اتفاق، محبت اور باہمی احترام کی اشد ضرورت ہے انہوں نے کہا کہ نبی کریم نے انسانیت کو امن، محبت اور بھائی چارے کا ایسا درس دیا جو قیامت تک پوری انسانیت کے لیے رہنمائی کا ذریعہ ہے۔ ہمیں چاہیے کہ اختلافات کو بالائے طاق رکھتے ہوئے ایک دوسرے کے حقوق کا احترام کریں اور معاشرے میں امن و رواداری کو فروغ دیں میر محمد یعقوب خان کھوسہ نے جشن عید میلاد النبی کے موقع پر ملک و قوم کی سلامتی، ترقی و خوشحالی اور امت مسلمہ کے اتحاد کے لیے خصوصی دعا کرتے ہوئے کہا کہ اللہ تعالیٰ اس بابرکت دن کے صدقے پاکستان کو امن و استحکام عطا فرمائے



پنجگور، ماں کے دودھ کی اہمیت و افادیت کے حوالے سے منعقدہ سیمینار سے ڈی ایچ او ڈاکٹر عابد علی ریکی و دیگر خطاب کر رہے ہیں

## ڈھاڈر، میلاد مصطفیٰ کا مرکزی جلوس مدرسہ انوار باہو سے نکالا جائے گا

**ذکر مصطفیٰ کی محافل سجا کر نبی آخر الزماں سے اظہار عقیدت پیش کیا جائے گا**

ڈھاڈر (نمائندہ خصوصی) ڈھاڈر۔ جشن عید میلاد النبی کی تیاریاں مکمل مساجد اور عمارتوں پر چراغاں میلاد مصطفیٰ کا مرکزی جلوس مدرسہ انوار باہو سے نکالا جائے گا عاشقان رسول میں جوش و خروش دنیا بھر کی طرح سرور کائنات حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی یوم ولادت باسعادت کے موقع پر عاشقان رسول کا جوش و خروش عروج پر ہے بارہ ربیع الاول کے حوالے سے تمام تیاریاں مکمل کر لی گئی ہیں مساجد اور عمارتوں کو سجا دیا گیا رات بھر حضور کی شان میں نعت رسول اور ذکر مصطفیٰ کی محافل سجا کر نبی آخر الزماں سے اظہار عقیدت پیش کیا جائے گا جشن عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم کا مرکزی جلوس مدرسہ انوار باہو ڈھاڈر سے علامہ مولانا علی نواز القادری اور سادات کرام کی قیادت میں نکالا جائے گا اس کے علاوہ مشکاف پیر دو پاسی تخاری اور شاہی چوک سے جشن میلاد کے جلوس بھی مرکزی جلوس میں شامل ہو کر مدرسہ غوثیہ سلطانیہ پہنچیں گے جہاں پر علاقے کے مقامی نعت خواں اپنے اللہ کے حبیب کی شان اقدس میں گلہائے عقیدت پیش کریں گے جبکہ علماء کرام حضرت محمد مصطفیٰ کی دنیا میں آمد و رسالت پر روشنی ڈالیں گے اختتامی دعا کے بعد خیرات فی سبیل اللہ کا اہتمام کیا جائے گا

## بجلی کے پول، 11 ہزار وولٹ کی تاریں گرنے سے سپلائی معطل

**شہریوں کو شدید گرمی میں مشکلات کا سامنا، آدھا شہر تاریکی میں ڈوب گیا**

اوستہ محمد (نامہ نگار) اوستہ محمد کیسکو کی ترقی کے دعوے دھرے کے دھرے رہ گئے معمولی ہوا کے باعث بجلی کے پول اور 11 ہزار وولٹ کی تاریں گرنے سے اوستہ محمد کے بڑے حصے میں بجلی کی سپلائی معطل ہو گئی، جس کے باعث شدید گرمی میں شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا اور آدھا شہر تاریکی میں ڈوب گیا۔ شہریوں کے مطابق اوستہ محمد کو منی صنعتی زون کی حیثیت حاصل ہے، تاہم کیسکو کی مبینہ غفلت اور عدم توجہی کے باعث شہر میں 11 ہزار وولٹ اور ایل ٹی لائنوں کی تاریں بوسیدہ اور ناکارہ ہو چکی ہیں، جو معمولی ہوا اور موسمی شدت بھی برداشت نہیں کر پاتیں۔ بجلی کی طویل بندش کے باعث کاروباری سرگرمیاں بھی متاثر ہوئیں جبکہ گھریلو صارفین، تاجر برادری اور صنعتی یونٹس کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ شہریوں نے کیسکو کے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ اوستہ محمد میں بوسیدہ بجلی کے پولز اور تاروں کو فوری طور پر تبدیل کیا جائے اور بجلی کی فراہمی کا نظام جدید خطوط پر استوار کیا جائے تاکہ معمولی ہوا کے باعث بار بار بجلی کی بندش کا سلسلہ ختم ہو سکے۔ کئی روز گزر جانے کے باوجود شہر کے مختلف علاقوں کی بجلی کی سپلائی بحال نہ ہو سکا بجلی کی عدم دستیابی کی وجہ سے شدید گرمی میں صارفین بلبلا اٹھے اور شہر میں پینے کے صاف پانی کی قلت پیدا ہو گیا تاہم سٹی لائن سپرینڈنٹ میر ہزار خان بوہڑ نے فوری طور پر اقدامات کرتے ہوئے شہر کے مختلف علاقوں کی سپلائی بحال کر دی جبکہ بوسیدہ تاروں اور بجلی کے پول کی مرمت اور بجلی کی سپلائی بحال کرنے کے لیے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کیے جا رہے ہیں



اوستہ محمد، صوبائی مشیر سردار بابا غلام رسول خان عمرانی صوبائی وزیر محمد صادق عمرانی و دیگر محبت فقیر عمرانی کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

## خضدار، مہنگائی نے غریب، متوسط طبقے کا جینا حرام کر دیا ہے

نو منتخب افسران میں تقرری کے لیٹرز تقسیم کیے اور انہیں مبارکباد دیتے ہوئے محنت، لگن، دیانت داری اور ریاست سے غیر مشروط وفاداری کے ساتھ اپنی ذمہ داریاں ادا کرنے کی ہدایت کی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان ریونیو اتھارٹی صوبے کے معاشی مستقبل میں کلیدی کردار ادا کرنے کی صلاحیت رکھتی ہے۔ صوبے کے وسائل کا ایک بڑا حصہ غیر ترقیاتی اخراجات کی نذر ہو جاتا ہے، جس کے باعث عام بلوچستانی کی فلاح و بہبود کے لیے محدود وسائل دستیاب رہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان ریونیو اتھارٹی سے توقع ہے کہ وہ صوبے کے ریونیو میں اضافہ کرتے ہوئے کم از کم غیر ترقیاتی اخراجات کا بوجھ کم کرنے کے لیے خاطر خواہ وسائل پیدا کرے گی۔ غیر ترقیاتی اخراجات میں کمی سے بچنے والے وسائل کو عوامی فلاح، تعلیم، صحت، بنیادی سہولیات اور دیگر ترقیاتی ترجیحات پر خرچ کیا جا سکے گا۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ انہوں نے وزارت اعلیٰ کا منصب سنبھالنے کے روز اول ہی بلوچستان کے عوام سے وعدہ کیا تھا کہ سرکاری ملازمتیں فروخت نہیں ہوں گی اور بھرتیوں میں میرٹ کو ہر صورت مقدم رکھا جائے گا۔ محکمہ تعلیم میں 14 ہزار 500 سے زائد اساتذہ کی بھرتیاں میرٹ پر کی گئیں اور بلوچستان ریونیو اتھارٹی میں افسران کی حالیہ تعیناتی اسی پالیسی کا عملی تسلسل ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان ریونیو اتھارٹی میں میرٹ کی سطح کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ ان کے اپنے ضلع ڈیرہ بگٹی سے بھی کوئی امیدوار کامیاب نہیں ہو سکا۔ بھرتی کے پورے عمل میں کسی بھی ایم پی اے، بیوروکریٹ یا کسی بھی افسر سے کوئی دباؤ نہیں ڈالا گیا اور تقرریاں سو فیصد میرٹ پر عمل میں لائی گئیں۔ وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے میرٹ کو یقینی بنانے پر صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی، چیئرمین بلوچستان ریونیو اتھارٹی عبداللہ خان نورزئی اور پوری ٹیم کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ شفاف اور میرٹ پر مبنی بھرتیاں ہی نوجوانوں کا ریاستی اداروں پر اعتماد بحال کرنے کا مؤثر ذریعہ ہیں۔ انہوں نے نو منتخب افسران سے کہا کہ بلوچستان ریونیو اتھارٹی کے نوجوان افسران خلوص، محنت، لگن اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کے ساتھ طے شدہ اہداف کے حصول کے لیے کام کریں۔ آئندہ مالی سال کے اہداف میں نمایاں بہتری کا حصول ان کا پہلا امتحان ہوگا۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ ریاست سے غیر مشروط اخلاص ہر سرکاری افسر کا طرۂ امتیاز ہونا چاہیے۔

**بقیہ 4 — دعویٰ مسترد**

طالبان کے ترجمان ذبیح اللہ مجاہد کی جانب سے پاکستان کے خلاف عائد کیے گئے الزامات کو گمراہ کن، من گھڑت اور بے بنیاد قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ بدخشان میں جاری مسلح جھڑپیں افغانستان کے اپنے اندرونی سیکیورٹی اور انتظامی مسائل کی عکاسی کرتی ہیں۔ وزارت اطلاعات و نشریات کے فیکٹ چیک کے مطابق افغان طالبان کے ترجمان ذبیح اللہ مجاہد نے افغان میڈیا کو انٹرویو دیتے ہوئے دعویٰ کیا کہ بدخشان میں ہونے والے مسلح تصادم میں پاک فوج بھی موجود تھی۔ وزارت نے اس دعوے کو مسترد کرتے ہوئے اسے پاکستان کے خلاف بے بنیاد پروپیگنڈا قرار دیا ہے۔ وزارت اطلاعات کے مطابق دستیاب آزادانہ رپورٹس سے ظاہر ہوتا ہے کہ بدخشان میں جاری جھڑپیں افغانستان کے اندر موجود سیکیورٹی اور انتظامی چیلنجز سے جڑی ہوئی ہیں۔ وزارت کے فیکٹ چیک میں کہا گیا ہے کہ ان واقعات کو پاکستان سے جوڑنے کے لیے کوئی قابل اعتماد ثبوت پیش نہیں کیا گیا۔ وزارت اطلاعات و نشریات کا کہنا ہے کہ دستیاب آزادانہ رپورٹس بدخشان میں ہونے والی جھڑپوں کو افغان طالبان کی حکومت کیخلاف اندرونی مسلح مزاحمت کے تناظر میں بیان کرتی ہیں۔ ایسے واقعات کو بیرونی مداخلت کا رنگ دینے کی بجائے افغانستان کے داخلی حالات اور وہاں موجود سیکیورٹی چیلنجز کا جائزہ لینا ضروری ہے۔ پاکستانی وزارت اطلاعات کے مطابق پاکستان نے مسلسل ایک پرامن، مستحکم اور خوشحال افغانستان کی حمایت کی ہے۔ پاکستان کی پالیسی واضح ہے کہ ایک مستحکم افغانستان نہ صرف افغان عوام بلکہ پورے خطے کے امن و استحکام کے لیے ضروری ہے، جبکہ پاکستان کو اپنے پڑوسی ملک کو غیر مستحکم کرنے میں کوئی دلچسپی نہیں۔ وزارت نے افغان طالبان رجیم پر زور دیا کہ وہ پاکستان پر الزام تراشی کے بجائے اپنی حکمرانی کے نتیجے میں پیدا ہونے والے مسائل پر توجہ دے اور افغانستان میں امن و استحکام کے لیے مؤثر اقدامات کرے۔

**بقیہ 5 — ٹرمپ**

نگرانی کر رہی ہے۔ امریکی صدر نے سوشل نیٹ ورک ٹروتھ سوشل پر لکھا کہ بحریہ نے انہیں مطلع کیا ہے کہ آبنائے ہرمز کے بین الاقوامی پانیوں میں موجود تمام بارودی سرنگیں یا تو ہٹا دی گئی ہیں یا انہیں دھماکے سے تباہ کر دیا گیا ہے۔ صدر ٹرمپ نے یہ بھی لکھا کہ انھوں نے ایران کو آگاہ کر دیا تھا کہ بارودی سرنگیں بچھانے کی کوشش کرنے والے کسی بھی بحری جہاز کو فوری اور منظم طریقے سے تباہ کر دیا جائے گا، اور اگر ایران نے اس حکم کی خلاف ورزی کی تو اس کے ساتھ وہی سلوک کیا جائے گا جو کوہ کلنگ اور تین دیگر جوہری تنصیبات کے ساتھ کیا گیا تھا۔ صدر ٹرمپ بارہا کہہ چکے ہیں کہ آبنائے ہرمز ان کا مکمل کنٹرول ہے اور انھوں نے اس آبنائے کو امریکی علاقہ قرار دیا ہے۔ ایرانی حکام کا کہنا ہے کہ اس آبی گزرگاہ میں جہازوں کی آمد و رفت صرف ایرانی کنٹرول اور نگرانی میں ہی انجام پاتی ہے۔ دریں اثنا، امریکی وزیر دفاع پیٹ ہیگسیتھ نے کہا ہے کہ امریکا ایران کے خلاف مزید فوجی کارروائی کا امکان مسترد نہیں کر رہا اور ضرورت پڑنے پر دوبارہ حملے کیے جا سکتے ہیں۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق ریاست وسکونسن کے شہر اوشکوش میں دفاعی صنعت سے وابستہ کارکنوں سے خطاب کے بعد صحافیوں سے گفتگو کے دوران امریکی وزیر دفاع سے جب پوچھا گیا کہ کیا ایران کے خلاف فوجی حملے فی الحال روک دیئے گئے ہیں تو انہوں نے واضح جواب دیتے ہوئے کہا کہ ایسا نہیں ہے۔ ان کے مطابق اگر مزید فوجی کارروائی کی ضرورت پڑی تو امریکا حملے کرنے سے گریز نہیں کرے گا۔

**بقیہ 6 — پی ٹی آئی**

عدالت کی درخواست اعتراض لگا کر واپس کر دی گئی۔ سپریم کورٹ رجسٹرار آفس نے توہین عدالت درخواست پر اعتراض عائد کر دیے، ذرائع نے کہا کہ توہین عدالت کے الزام کا سامنا کرنے والے فریقین کیساتھ الزامات کی فہرست فراہم نہیں کی گئی۔ بیرسٹر گوہر نے سپریم کورٹ کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ سپریم کورٹ کے 18 اگست کے فیصلے پر عمل درآمد نہیں ہوا، ہم نے توہین عدالت کی درخواست جلد سماعت کے لیے مقرر کرنے کی استدعا کی۔ ان کا کہنا تھا کہ عوامی سہولت سینٹر پر میری رجسٹرار سپریم کورٹ سے ملاقات ہوئی، رجسٹرار سپریم کورٹ نے بتایا ہماری درخواست پر اعتراض عائد کیا گیا ہے، ہمیں توہین عدالت کی درخواست کی فائل واپس کر دی گئی ہے۔ چیئرمین پی ٹی آئی نے کہا کہ ہم اعتراض دور کر کے توہین عدالت کی درخواست دوبارہ دائر کریں گے، ہم چاہتے ہیں وہی بنچ آج ہی تشکیل دے دیا جائے تاکہ جمعرات کو سماعت ہو جائے۔ بیرسٹر گوہر نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کی صحت بہت ضروری ہے، برائے مہربانی بانی پی ٹی آئی کی فیملی ممبران سے ملاقات کرا ئیں، ہم اپنا وعدہ پورا کر چکے ہیں۔ بعد ازاں پی ٹی آئی کی توہین عدالت کی درخواست پر اعتراضات کو دور کر دیا گیا، ذرائع نے کہا کہ پی ٹی آئی کی جانب سے رجسٹرار سپریم کورٹ کی جانب سے عائد اعتراض کو دور کر کے درخواست دوبارہ دائر کر دی گئی۔

**بقیہ 7 — تعداد 6 ہوگئی**

کی تعداد 6 ہو گئیں۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز سرانان کے علاقے میں نامعلوم ملزمان کی جانب سے فائرنگ کر کے 5 افراد کو قتل کر دیا گیا تھا جن کا تعلق پنجاب سے بتایا جا رہا تھا ذرائع کے مطابق مذکورہ افراد 2 روز قبل کوئٹہ آئے تھے اور فائرنگ کے نتیجے میں 5 افراد موقع پر ہی ہلاک اور ایک زخمی ہو گیا تھا زخمی ہونے والا الخدمت منگل کو اسپتال میں زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے چل بسا ہلاکتوں کی تعداد 6 ہو گئی۔ مارے جانے والے افراد میں سے 3 افراد اشرف علی، زمان اور علی احمد کا تعلق فورٹ منرو کے علاقے سے بتایا جاتا ہے جن کی میتیں گزشتہ روز ضروری کارروائی کے بعد ان کے آبائی علاقوں کو روانہ کر دی گئی ہیں۔

**بقیہ 8 — عید میلاد النبیؐ**

عید میلاد النبی نہایت عقیدت و احترام اور مذہبی جوش و جذبے سے منایا جائے گا۔ کوئٹہ میں متعدد جلوس مرکزی جلوس میں شامل ہوں گے انتظامیہ کی جانب سے جلوس کی سیکورٹی کے لئے فول پروف انتظامات کئے گئے ہیں جلوس کے روٹ کو منگل کی دوپہر سیل کر دیا گیا۔ اور کوئٹہ سمیت صوبہ بھر میں موبائل فون اور انٹرنیٹ سروس معطل رہے گی۔ سیکورٹی پر 2700 سے زائد اہلکاروں کو تعینات کیا گیا ہے علماء کرام جلوس کی قیادت کرتے ہوئے جلوس کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے حضور پاک کی ولادت کے حوالے سے ان کی زندگی اور سیرت پر روشنی ڈالیں گے۔

**بقیہ 9 — توسیع کردی**

گرد حملے اور پولیس اہلکاروں کی قیمتی جانوں کے المناک نقصان کے حوالے سے عدالتی انکوائری مندرجہ بالا موضوع کے حوالے سے مطلع کیا جاتا ہے کہ مورخہ 24.08.2026 کو معزز انکوائری کمیشن، جو ضلع زیارت میں منگی ڈیم پمپنگ اسٹیشن پر دہشت گرد حملے اور پولیس اہلکاروں کی قیمتی جانوں کے المناک نقصان کی تحقیقات کے لیے تشکیل دیا گیا ہے نے ایک حکم جاری کیا ہے، جو معلومات اور ضروری کارروائی کے لیے منسلک ہے۔ کمیشن کے حکم کی روشنی میں معلومات/شہادتیں جمع کرانے اور رجسٹریشن کے لیے مقررہ آخری تاریخ، یعنی 28.08.2026 کو دفتری اوقات کے دوران، بڑھا کر 03.09.2026 دفتری اوقات تک کر دیا گیا ہے۔

**بقیہ 10 — قیمتیں مقرر**

نئی قیمتوں کا اعلان کر دیا۔ پیٹرولیم ڈویژن نے 26 اور 27 اگست کیلئے پیٹرولیم مصنوعات کی نئی قیمتوں کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔ پیٹرولیم ڈویژن کی جانب سے جاری اعلامیے کے مطابق پیٹرول کی قیمت میں ایک روپے 12 پیسے کا اضافہ کیا گیا ہے جس کے بعد پیٹرول کی نئی قیمت 343 روپے 10 پیسے فی لیٹر ہو گئی۔

**بقیہ 11 — وزیر اعظم**

محمد آل سعود کی سربراہی میں سعودی عرب کے کاروباری وفد نے ملاقات کے دوران زراعت، بندرگاہوں، شاہراہوں، ہوائی اڈوں کی آؤٹ سورسنگ، رئیل اسٹیٹ، توانائی، بجلی کی تقسیم اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کے شعبوں میں سرمایہ کاری کے مواقع میں دلچسپی کا اظہار کیا۔ وزیر اعظم آفس سے جاری بیان میں کہا گیا کہ وزیر اعظم شہباز شریف سے پاک۔ سعودی مشترکہ بزنس کونسل کے چیئرمین منصور بن محمد آل سعود کی قیادت میں اعلیٰ سطح کے سعودی کاروباری وفد نے وزیر اعظم ہاؤس میں ملاقات کی اور اس دوران وزیر اعظم نے خادم الحرمین الشریفین شاہ سلمان اور ولی عہد و وزیر اعظم محمد بن سلمان کے لیے اپنی جانب سے دلی احترام اور نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ وزیر اعظم نے پاکستان اور سعودی عرب کے مابین دیرینہ اور برادرانہ تعلقات کا ذکر کرتے ہوئے دونوں برادر ممالک کے درمیان اقتصادی تعاون اور سرمایہ کاری کے فروغ کے مختلف امکانات پر تبادلہ خیال کیا۔ سعودی وفد کا خیر مقدم کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ ولی عہد و وزیر اعظم محمد بن سلمان کے وژن کے مطابق پاکستان سعودی عرب کے ساتھ اپنے اقتصادی تعلقات کو باہمی مفاد پر مبنی اسٹریٹجک اقتصادی شراکت داری میں تبدیل کرنے کا خواہاں ہے۔ اس حوالے سے وزیر اعظم نے منصور بن محمد آل سعود کے پاکستان کے سابقہ دوروں کا بھی ذکر کیا اور امید ظاہر کی کہ ان کا موجودہ دورہ گزشتہ بات چیت کو آگے بڑھانے اور مختلف شعبوں میں مفاہمتی یادداشتوں اور معاہدوں پر دستخط کی راہ ہموار کرے گا۔ منصور بن محمد آل سعود نے زراعت، بندرگاہوں، شاہراہوں، ہوائی اڈوں کی آؤٹ سورسنگ، رئیل اسٹیٹ، توانائی، بجلی کی تقسیم اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کے شعبوں میں سرمایہ کاری کے مواقع میں دلچسپی کا اظہار کیا۔

**بقیہ 12 — محسن نقوی**

دورے کے اختتام پر کہا ہے کہ پاکستان اور ایران کے درمیان مذاکرات میں اہم پیش رفت ہوئی ہے، جن میں ایران کے خلاف امریکا اور اسرائیل کی جنگ اور امن کی جانب پیش رفت کے راستے پر توجہ مرکوز کی گئی۔ پاکستانی فوج کی جانب سے آرمی چیف فیلڈ مارشل عاصم منیر اور ایرانی قیادت کے درمیان ملاقات کے حوالے سے جاری بیان میں کہا گیا کہ دونوں فریقوں کے درمیان مذاکرات میں مزید کشیدگی روکنے کے اقدامات، آبنائے ہرمز کو دوبارہ کھولنے اور تنازع کے فوری خاتمے پر گفتگو کی گئی۔

**بقیہ 13 — اسپیکر**

کی تحریک لانا اپوزیشن کا حق ہے، اگر اپوزیشن عدم اعتماد کی تحریک لائے گی تو اسے سہولت فراہم کریں گے۔ پارلیمنٹ کے احاطے میں زیتون کا پودا لگانے کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے سردار ایاز صادق نے کہا کہ اسپیکر کی ذمے داری نہیں کہ ایوان کا کورم مکمل کرے، کورم مکمل کرنا حکومت اور اپوزیشن دونوں کی ذمے داری ہے۔ اسپیکر قومی اسمبلی نے کہا کہ اجلاس میں بہتری آئی اور تمام لوگ موجود تھے، امید ہے کہ آئندہ اجلاس میں مزید بہتری آئے گی اور کورم مکمل ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ یہ فورم اپنے اپنے علاقوں کے مسائل پر بات کرنے کے لیے ہے، اسے خالی چھوڑنا مناسب نہیں، اپوزیشن نے پارلیمنٹ میں قانون سازی سے متعلق اتحاد کیا ہے جو اچھی چیز ہے۔ سردار ایاز صادق نے کہا کہ پاکستان تحریک انصاف کے کمیٹیوں سے استعفے میں نے ابھی تک قبول نہیں کیے، میری یہی خواہش ہے کہ میں کمیٹیوں سے پاکستان تحریک انصاف کے استعفے قبول نہ کروں۔

**بقیہ 14 — علیمہ خان**

جیل میں جا کر ملاقات کی اور علیمہ خان نے کہا ہے کہ عدالتوں کو ہی بانی پی ٹی آئی کو ریلیف دینا ہے۔ نورین نیازی اڈیالہ جیل میں عمران خان سے ملاقات کے بعد واپس فیکٹری ناکے پہنچیں جہاں انہوں نے میڈیا کے نمائندوں اور کارکنوں کے سوالوں کے جواب نہیں دیے اور گفتگو کیے بغیر روانہ ہوئیں۔ اس موقع پر علیمہ خان نے اڈیالہ جیل نے میڈیا سے گفتگو میں کہا کہ بانی پی ٹی آئی کی بچوں سے ابھی تک بات نہیں کرائی گئی ہے، یہ توہین عدالت ہے، میری اور ڈاکٹر عظمیٰ کی ملاقات بھی نہیں کرائی گئی اور یہ بھی توہین عدالت ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم تو عدالت کے احکامات کے مطابق چل رہے ہیں، پتا نہیں حکومت کو کس بات کا ڈر ہے، ہم عدالت کے حکم کے مطابق کوئی بات نہیں کر رہے ہیں۔

**بقیہ 15 — تباہی مچادی**

متاثر ہوئے اور کئی گھر مکمل طور پر منہدم ہو کر ملبے کا ڈھیر بن گئے سیلابی ریلے کے باعث متاثرہ خاندانوں کی جمع پونجی اور گھریلو سامان پانی کی نذر ہو گیا، جبکہ کئی خاندان بے گھر ہو کر کھلے آسمان تلے زندگی گزارنے پر مجبور ہیں۔ متاثرین کا کہنا ہے کہ سیلاب نے ان سے ان کا گھر، سامان اور جمع پونجی سب کچھ چھین لیا ہے، اس مشکل گھڑی میں انہیں فوری امداد کی ضرورت ہے۔ متاثرہ خاندانوں نے صوبائی حکومت، ضلعی انتظامیہ سے اپیل کی کہ متاثرین کے لیے فوری طور پر خیمے، راشن، پینے کا پانی اور دیگر ضروری سامان فراہم کیا جائے تاکہ انہیں مزید مشکلات سے بچایا جا سکے۔

**بقیہ 16 — نواز شریف**

روک دیا اور حتمی پالیسی کا انتظار کرنے کی ہدایت دے دی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق ذرائع نے بتایا کہ نواز شریف نے پارٹی رہنماؤں کو ہدایت کی ہے کہ نئے صوبوں سے متعلق بیانات دینے اور تبصروں سے فی الحال اجتناب کیا جائے اور پارٹی کی حتمی پالیسی کا انتظار کیا جائے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ پارٹی قیادت نے فیصلہ کیا ہے کہ نئے صوبوں کے معاملے پر مسلم لیگ ن اپنی حتمی پالیسی خود واضح کرے گی اور اس حوالے سے باضابطہ اعلان پارٹی کی جانب سے کیا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق پارٹی رہنماؤں کو ہدایت کی گئی ہے کہ حتمی پالیسی سامنے آنے تک نئے صوبوں کے معاملے پر کسی قسم کا بیان دینے سے گریز کریں۔

**بقیہ 17 — 10 کا نوٹ**

1 ہزار روپے کے نوٹ کو تیار کرنے پر 14 روپے لاگت آتی ہے، 5 ہزار کا نوٹ 20 سال پہلے بنایا تھا اب نیا نوٹ اگلے 20 سال کیلئے ڈیزائن کر رہے ہیں، ایک تجویز ہے 10 روپے کے نوٹ کو ختم کریں اس کی لاگت زیادہ پڑتی ہے، ملک میں اب سب سے چھوٹا کرنسی نوٹ 20 روپے کا ہوگا سینیٹر سلیم مانڈوی والا کی زیر صدارت قائمہ کمیٹی خزانہ کا اجلاس ہوا۔ چیئرمین کمیٹی نے کہا کہ 2 سال پہلے ڈپٹی گورنر اسٹیٹ بینک کو 5 ہزار روپے کے تین نوٹ دیے تھے، تین نوٹوں میں سے ایک جعلی تھا اسٹیٹ بینک حکام جعلی نوٹ نہیں پکڑ سکے سلیم مانڈوی والا نے کہا کہ اسٹیٹ بینک حکام نے 2 سال بعد 5 ہزار روپے کے تینوں نوٹ آج تک واپس نہیں کیے۔ چیئرمین کمیٹی سلیم مانڈوی والا کے ریمارکس پر کمیٹی میں قہقہے لگ گئے۔ انہوں نے مزید کہا کہ نئے کرنسی نوٹوں کے ڈیزائن کنسلٹنٹ کو چھپائی کا کنٹریکٹ دے دیا گیا ہے

**بقیہ 18 — فضل الرحمٰن**

جاتا ہے، قرآن کریم کے ساتھ حکمت کا ذکر ہے، حکمت سے مراد رسول اللہ کی سنت بھی ہے۔ انہوں نے کہا کہ رسول اللہ کا ہر قول و فعل کتاب و سنت کا حصہ ہے، صحابہ کرامؓ کی زندگی ہمارے لیے معیار ہے، انہیں حق نہ سمجھنے والا گمراہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے انسان کو اس کی استطاعت کے مطابق مکلف بنایا ہے، کامیابی یا ناکامی ہماری ذمہ داری نہیں، دین کے لیے محنت کرنا ہماری ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ اقتدار بذات خود مقصود نہیں، اقتدار کا مقصد عدل و انصاف کا نفاذ ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ ظلم و جبر کے مقابلے میں عدل و مساوات کا نظام رسول اللہ کی تعلیم ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکمرانوں کو اللہ اور رسول کے فیصلوں اور احکامات کا احترام کرنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ اسلامی دنیا قدرتی وسائل اور معدنی ذخائر سے مالا مال ہے۔ انہوں نے کہا کہ 18 ویں ترمیم اب حلق کا کانٹا بنی ہوئی ہے، این ایف سی معاہدہ کے تحت وسائل صوبوں کے پاس جاتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آئین ٹوٹ گیا تو نئی آئین ساز اسمبلی بنانی پڑے گی، پھر انتشار پھیلے گا جسے سنبھالنا مشکل ہو جائے گا، ہر ادارے کا اختیار متعین ہے۔ انہوں نے کہا کہ ریاست بھی ماں ہے، ماں تو سب کو جوڑتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں کہتا ہوں کہ ریاست کو ماں بناؤ، قوم کو ایک بناؤ۔ انہوں نے کہا کہ ملک کے دفاع کو ہم ناگزیر سمجھتے ہیں، تیس سال سے ملک میں دہشتگردی کے خلاف آپریشن چل رہا ہے۔ مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ دہشتگردی کم نہیں ہو رہی ہے بلکہ بڑھ رہی ہے، اس کا مطلب ہماری حکمت عملی ناکام ہے۔ انہوں نے کہا کہ کابینہ کا اختیار کسی اور کے پاس نہیں جانا چاہیے، اس کے اثرات وفاقی اداروں پر پڑ سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ خیر خواہی یہ ہے کہ ہم کھل کر بات کریں، ہم پارلیمنٹ میں جو بات کرتے ہیں وہ عوام تک نہیں پہنچ پاتی۔ مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ معلوم نہیں آج الیکٹرانک میڈیا ہماری آواز عوام تک پہنچا رہا ہو گا؟

**بقیہ 19 — میر سلیم احمد کھوسہ**

پر ہونے والی پیش رفت منصوبوں کی تکمیل کیلئے مقررہ ٹائم فریم اور درپیش مالی و تکنیکی مشکلات اور دیگر متعلقہ امور کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی اس موقع پر سیکرٹری مواصلات و تعمیرات بابر خان نے کہا کہ صوبے میں جاری وفاقی منصوبے انتہائی اہمیت کے حامل ہیں جن کی تکمیل سے صوبے کے بنیادی ڈھانچے میں نمایاں بہتری آئے گی اور ترقی کے عمل میں ایک نئی رفتار پیدا ہوگی انہوں نے کہا کہ محکمہ مواصلات و تعمیرات کی جانب سے ان منصوبوں پر پیش رفت کا تسلسل کے ساتھ جائزہ لیا جا رہا ہے تاکہ ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل کو یقینی بنایا جا سکے سیکرٹری مواصلات و تعمیرات بابر خان نے مزید کہا کہ منصوبوں کی راہ میں حائل مالی یا تکنیکی نوعیت کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کے لئے ہر ممکن اقدامات کئے جا رہے ہیں تاکہ ترقیاتی کام مقررہ مدت کے اندر مکمل ہوں اور عوام کو ان کے ثمرات جلد از جلد حاصل ہو سکیں اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم احمد کھوسہ نے کہا کہ نامساعد حالات کے باوجود ترقیاتی منصوبوں کو جاری رکھنا اور انہیں تکمیل کی جانب لے جانا قابل تحسین اقدام ہے انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ وفاقی منصوبوں پر کام کی رفتار میں مزید تیزی لائی جائے اور منصوبوں کی بروقت تکمیل میں حائل تمام رکاوٹوں کو دور کرنے کیلئے بھرپور اقدامات کئے جائیں صوبائی وزیر نے کہا کہ یہ منصوبے صوبے کے عوام کیلئے انتہائی اہمیت رکھتے ہیں

**بقیہ 20 — مولانا عبدالرحمان رفیق**

کی جان و مال محفوظ نہیں کوئٹہ میں بے گناہ شہریوں اور سرانان میں نہتے مزدوروں سمیت دیگر اضلاع میں آئے روز بے گناہ عوام کی ٹارگٹ کلنگ کے واقعات حکومت اور انتظامیہ کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہیں انہوں نے کہا کہ قتل و غارت گری اور بدامنی کا مسلسل بڑھتا ہوا سلسلہ اس امر کا واضح ثبوت ہے کہ حکومتی رٹ عملاً کمزور ہو چکی ہے عوام کو جان و مال کا تحفظ فراہم کرنے کے بنیادی فریضے میں حکومت اور انتظامیہ کی ناکامی انتہائی افسوسناک اور قابل تشویش ہے ٹارگٹ کلنگ کے بڑھتے ہوئے واقعات کے باوجود عملی اقدامات کا فقدان اور حکام کی خاموشی عوام میں بے چینی اور اضطراب کو مزید بڑھا رہی ہے رہنماؤں نے کہا کہ چیک پوسٹوں کی بھرمار اور سخت سیکورٹی اقدامات کے دعوؤں کے باوجود اگر قاتل آزادانہ طور پر شہریوں کو نشانہ بنا رہے ہیں تو یہ حکومتی سیکورٹی پالیسی اور انتظامی کارکردگی پر ایک سنجیدہ سوال ہے۔ عوام کو محض جگہ جگہ چیک پوسٹوں اور دعوؤں کی نہیں بلکہ عملی طور پر امن، تحفظ اور قانون کی بالادستی کی ضرورت ہے انہوں نے حکومت اور انتظامیہ سے مطالبہ کیا کہ کوئٹہ سرانان اور صوبے کے دیگر علاقوں میں ٹارگٹ کلنگ اور بدامنی کے واقعات کا فوری سدباب کیا جائے قاتلوں اور ان کے سہولت کاروں کو قانون کے کٹہرے میں لایا جائے اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے ٹھوس اقدامات کئے جائیں۔

**بقیہ 21 — غلام رسول عمرانی**

سردار بابا غلام رسول عمرانی نے اپنے خصوصی پیغام میں کہا کہ عید میلاد النبی ہمیں اس بات کا موقع فراہم کرتی ہے کہ ہم اپنی زندگیوں کو نبی کریم کی تعلیمات کے مطابق ڈھالنے کا عہد کریں۔ آپ نے انسانیت کو مساوات، برداشت، رواداری، حقوق العباد کی ادائیگی اور مظلوموں کی مدد کا درس دیا، جن اصولوں پر عمل پیرا ہو کر ایک پرامن اور خوشحال معاشرہ تشکیل دیا جا سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ نبی کریم کی سیرت طیبہ ہمارے لئے مشعل راہ ہے، ہمیں چاہیے کہ میلاد النبی کی خوشیاں منانے کے ساتھ ساتھ آپ کی تعلیمات کو اپنی عملی زندگی کا حصہ بنائیں۔ معاشرے میں مذہبی ہم آہنگی، رواداری اور بھائی چارے کو فروغ دیں اور ایک دوسرے کے حقوق کا احترام کریں۔

**بقیہ 22 — قیمتوں میں اضافہ**

کا امکان ہے جو جولائی کی 9.21 فیصد شرح سے زیادہ ہوگی۔ یہ شرح ایک سال قبل ریکارڈ کی گئی 3 فیصد افراط زر کے مقابلے میں نمایاں اضافہ ہوگی جس کی وجہ اشیا کی قیمتوں میں اضافے کے ساتھ ناموافق بنیادی اثر بھی ہے۔ ادارہ شماریات کے مطابق جولائی 2026 میں پاکستان کی ہیڈلائن افراط زر کی شرح سالانہ 9.2 فیصد رہی۔ اسماعیل اقبال سیکیورٹیز نے اگست میں ماہانہ افراط زر میں 1.2 فیصد اضافے کا تخمینہ لگایا ہے جبکہ ٹاپ لائن سیکیورٹیز نے 1.06 فیصد ماہانہ اضافے کی پیش گوئی کی ہے۔ ٹاپ لائن سیکیورٹیز نے کہا کہ اگست میں غذائی افراط زر میں ماہانہ 1.82 فیصد اضافے کا امکان ہے جس کی بنیادی وجہ پیاز کی قیمتوں میں 48 فیصد، انڈوں میں 10 فیصد، دال چنے میں 7 فیصد اور گندم کی قیمت میں 6 فیصد اضافہ ہے۔ اسی طرح اسماعیل اقبال سیکیورٹیز کے مطابق ماہانہ کنزیومر پرائس انڈیکس میں اضافے میں غذائی اشیا کا حصہ تقریباً 70 بیسس پوائنٹس رہنے کا امکان ہے جس کی وجہ پیاز، مرغی، انڈے، آلو، دالوں اور تازہ سبزیوں کی قیمتوں میں اضافہ ہے۔ بروکریج ہاؤس کے مطابق سیلابی معمول پر آنے کے بعد اس اضافے کا بیشتر حصہ ختم ہونے کا امکان ہے۔ ٹرانسپورٹ اخراجات سے بھی مہنگائی میں ایک اور نمایاں اضافے کا خدشہ ہے۔

**بقیہ 23 — عبدالقہار خان ودان**

نظام خان، ضلعی سینئر معاون جمشید دوتانی ضلع معاون سیکرٹری صادق عسکر، علاقائی سیکرٹری حاجی اکبر خان نے خطاب کیا جبکہ اسٹیج سیکرٹری کے فرائض علاقائی سینئر معاون سیکرٹری رحمت افغان نے سرانجام دیئے۔ مقررین نے کہا کہ ملک اور بالخصوص پشتونخوا وطن میں پشتونوں پر مسلط بدامنی کی صورتحال مزید ناقابل برداشت ہو چکی ہے۔ ج

**بقیہ 24 — سرفراز بگٹی**

عید میلاد النبیؐ ہمیں اس عظیم ہستی کی تعلیمات پر عمل پیرا ہونے کی یاد دہانی کراتی ہے جنہوں نے انسانیت کو جہالت، ظلم اور ناانصافی کے اندھیروں سے نکال کر علم، عدل اور اخوت کی روشنی عطا کی۔ نبی کریمؐ نے معاشرے کے کمزور طبقات، یتیموں، مسکینوں، خواتین اور ضرورت مندوں کے حقوق کے تحفظ پر خصوصی زور دیا میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ نبی کریمؐ کی حیات مبارکہ ہمارے لیے ایک مکمل ضابطہ حیات ہے۔

**بقیہ 25 — شاہد رند**

نہیں کیا گیا ایک بیان میں شاہد رند نے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے روز اول سے واضح کر رکھا ہے کہ سرکاری ملازمتیں فروخت نہیں ہوں گی اور نوجوانوں کو ان کا حق صرف میرٹ کی بنیاد پر دیا جائے گا۔ اسی پالیسی کے تحت محکمہ تعلیم میں 4,500 اور محکمہ خزانہ میں 111 آسامیوں پر بھی شفاف اور میرٹ پر بھرتیاں کی گئی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان ریونیو اتھارٹی میں 19 افسران کی حالیہ تقرریاں بھی اسی میرٹ پر مبنی پالیسی کا تسلسل ہیں۔ ان بھرتیوں میں وزیر اعلیٰ بلوچستان کے آبائی ضلع سے ایک بھی امیدوار کا کامیاب نہ ہونا اس امر کا واضح ثبوت ہے کہ بھرتی کے عمل میں کسی بھی قسم کی سیاسی یا انتظامی مداخلت نہیں کی گئی۔

**بقیہ 26 — حنیف عباسی**

سیاست میں سیاسی مخالفت کو جانتے دیتا ہوں لیکن ذاتی مخالفت کو نہیں، جو الفاظ بانی پی ٹی آئی نے مولانا کے لئے استعمال کیے تھے میرے رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں۔ وفاقی وزیر کا کہنا ہے کہ وہ سیاسی مخالفت کرتے ہیں کوئی بات نہیں لیکن انہوں نے آپ کی ذات پر کیچڑ اچھالا۔

**بقیہ 27 — مولانا ہدایت الرحمان**

کے لوگوں کو سیرت پاک ﷺ کا مطالعہ اور اس پر عمل کرنا چاہئے۔ قرآن و سیرت سے دوری کی وجہ سے آج ہم مشکلات کا شکار ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے گوادر یونیورسٹی میں سیرت النبی ﷺ کے حوالے سے منعقدہ ایک شاندار تقریب سے بطور مہمان خصوصی خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب سے گوادر یونیورسٹی کے پرو وائس چانسلر ڈاکٹر منظور احمد، پروفیسر رحیم بخش مہر اور معروف بلوچی مصنف اسلم تگرانی نے بھی خطاب کیا۔

**بقیہ 28 — اسرار اللہ خان زہری**

اسرار اللہ خان زہری نے کہا کہ موجودہ دور میں جب معاشرہ مختلف مسائل کا شکار ہے ایسے وقت میں سیرت طیبہ کو اپنانا ہی نجات کا راستہ ہے ان کا کہنا تھا کہ بلوچستان ہمیشہ سے صحابہ کرام، اولیاء اور صوفیاء کی سرزمین رہی ہے اور یہاں کے لوگ رسول اللہ ﷺ سے دلی عقیدت رکھتے ہیں انہوں نے زور دیا کہ ربیع الاول کا مہینہ صرف جشن کا مہینہ نہیں بلکہ اپنے کردار کو نبی کریم ﷺ کی سیرت کے مطابق ڈھالنے کا مہینہ ہے سابق وفاقی وزیر نے کہا کہ نبی کریم ﷺ نے انسانیت کو ظلم کے اندھیروں سے نکال کر علم اور محبت کی روشنی عطا کی انہوں نے کہا کہ آج ہمیں اپنی صفوں میں اتحاد پیدا کرنے کی ضرورت ہے تاکہ ہم ایک پرامن اور خوشحال بلوچستان کی تعمیر کر سکیں میر اسرار اللہ زہری نے کہا کہ غریبوں کے حقوق کا تحفظ، یتیموں کی کفالت اور مظلوموں کی آواز بننا ہی حقیقی عشق رسول ہے انہوں نے بلوچستان نیشنل پارٹی کے کارکنوں پر زور دیا کہ وہ ماہ ربیع الاول میں محافل درس اور فلاحی سرگرمیوں کا اہتمام کریں انہوں نے کہا کہ نوجوان نسل کو سیرت النبی ﷺ سے روشناس کرانے کیلئے مدارس اور تعلیمی اداروں میں خصوصی پروگرام منعقد کیے جائیں میر اسرار اللہ خان زہری نے آخر میں انہوں نے تمام اہل اسلام کو نبی رحمت ﷺ کی ولادت کی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ یہ دن ہمیں اپنے آپ کو بہتر انسان بنانے کا عہد کرنے کا دن ہے۔

**بقیہ 29 — کمیٹی کی رپورٹ**

ٹل 2 یا 3 چھوٹی ڈسکوز میں تقسیم کرنے کی فزیبلٹی کا جائزہ لینے کی ذمہ داری سونپی گئی تھی۔ کمیٹی نے نتیجہ اخذ کیا کہ دونوں کمپنیوں کی موجودہ حیثیت برقرار رکھتے ہوئے نجکاری کی جائے، کیونکہ ان کی بائفرکیشن سے نجکاری کے عمل میں مزید تاخیر کا خدشہ ہے۔ ٹیکنیکل کمیٹی کے چیئرمین نجکاری کمیشن کے ایڈوائزر (پاور) ساجد اکرم تھے، جبکہ دیگر ارکان میں پاور ڈویژن کے جوائنٹ سیکریٹری (نجکاری) غلام رسول، نیشنل الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی (نیپرا) کے ایڈیشنل ڈائریکٹر (ٹیرف) عمران حفیظ اور پاور پلاننگ اینڈ مانیٹرنگ کمپنی (پی پی ایم سی) کے مینیجنگ ڈائریکٹر عابد لودھی شامل تھے۔ کمیٹی کو لیسکو اور میپکو کو چھوٹی کمپنیوں میں تقسیم کرنے کی فزیبلٹی کا جائزہ لینے، نیشنل الیکٹریسٹی پلان، پاور پالیسی اور جاری نجکاری پروگرام کے تناظر میں اس ری اسٹرکچرنگ کے اسٹریٹجک فوائد و نقصانات کا تجزیہ کرنے اور ماضی میں ایسی کسی کمیٹی کی تشکیل اور اس کی سفارشات کا جائزہ لینے کا ٹاسک دیا گیا تھا۔ دریں اثنا، نجکاری کمیشن نے لیسکو اور میپکو کی پرائیویٹ سیکٹر کی پارٹیسپیشن کے لیے فنانشل ایڈوائزری سروسز فراہم کرنے کی غرض سے فنانشل ایڈوائزری کی ہائرنگ کا فیصلہ کیا ہے۔ کمیشن نے متعلقہ تجربہ رکھنے والی انفرادی کمپنیوں یا کنسورشیمز سے اس پراسیس میں حصہ لینے کے لیے پروپوزلز طلب کیے ہیں۔ میپکو 1998 میں انکارپوریٹ کیا گیا تھا اور یہ جنوبی پنجاب کے 13 ایڈمنسٹریٹو ڈسٹرکٹس کو بجلی فراہم کرتی ہے۔ تقریباً 8.76 ملین کنزیومرز کے ساتھ یہ کنزیومرز بیس کے لحاظ سے ملک کی سب سے بڑی پاور ڈسٹری بیوشن کمپنی ہے۔ اس کا نیٹ ورک 82,000 کلومیٹر سے زائد ڈسٹری بیوشن لائنز اور 780 سے زیادہ گرڈ اسٹیشنز پر مشتمل ہے

**بقیہ 30 — علی پرویز ملک**

دو دہائیوں سے تاخیر کا شکار ہے۔ ایران نے اپنی طرف پائپ لائن پاکستان کی سرحد تک بچھا دی ہے، تاہم یہ سوال موجود ہے کہ پابندیاں ختم ہونے پر پاکستان ایرانی گیس لینے کے لیے تیار ہے یا نہیں۔ سینیٹر طلال محمود نے پوچھا کہ پاکستان نے اپنی طرف پائپ لائن بچھانے کی حتمی تیاری مکمل کی ہے اور کیا پاکستان ایرانی گیس فوری طور پر اپنے نظام میں شامل کر سکتا ہے؟ پابندیاں ختم ہونے کے بعد پائپ لائن فعال ہونے میں کتنا وقت لگے گا؟ انہوں نے مزید سوال کیا کہ ایران نے تیاری کر لی ہے تو پاکستان نے گیس وصولی کے لیے کیا تیاری کی ہے، منصوبے پر عملی پیش رفت کہاں تک پہنچی اور کیا ایرانی گیس کی ترسیل کے لیے انفرا اسٹرکچر مکمل کر لیا گیا ہے؟ پابندیاں ختم ہونے کی صورت میں کیا ایرانی گیس فوری دستیاب ہو سکے گی؟ وفاقی وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک نے توجہ دلاؤ نوٹس پر جواب دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان پر پابندیاں موجود ہیں، اس لیے عملی اقدامات نہیں کیے جا رہے۔ ایران پاکستان گیس پائپ لائن پر دونوں فریقین دوستانہ ماحول میں حل ڈھونڈ رہے ہیں۔

**بقیہ 31 — جمال شاہ کاکڑ**

ایسے رویے انہیں ذہنی دباؤ کا شکار کر رہے ہیں اور بعض افراد انتہائی قدم اٹھانے پر مجبور ہو جاتے ہیں جمال شاہ کاکڑ نے سندھ پولیس سے مطالبہ کیا کہ بلوچستان کے ٹرانسپورٹرز کے ساتھ رویہ درست کیا جائے اور انہیں بلاوجہ ہراساں کرنے کا سلسلہ بند کیا جائے انہوں نے وزیر ریلوے کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کے کئی لنک راستے اکثر بند رہتے ہیں جبکہ صوبے میں ٹرین سروس بھی مؤثر انداز میں فعال نہیں جس کی وجہ سے بلوچستان کے عوام کو آمدورفت میں شدید مشکلات کا سامنا ہے انہوں نے کہا کہ عام شہری فضائی سفر کے اخراجات برداشت کرنے کی استطاعت نہیں رکھتے اس لئے بلوچستان کے عوام کے لئے سڑک اور ریلوے کے سفری ذرائع کو محفوظ، فعال اور قابل اعتماد بنانا ضروری ہے جمال شاہ کاکڑ نے مطالبہ کیا کہ بلوچستان کے عوام اور روزگار کیلئے سفر کرنے والے ٹرانسپورٹرز کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے اور بین الصوبائی راستوں پر انہیں درپیش مشکلات کا فوری ازالہ کیا جائے۔

**بقیہ 32 — پاک ترکیہ**

سرگرمیوں پر بھی بات چیت کی۔ دفتر خارجہ کا کہنا ہے کہ دونوں رہنماؤں نے ایک دوسرے سے قریبی رابطے میں رہنے پر اتفاق کیا۔

**بقیہ 33 — لشکری خان رئیسانی**

تحت کوئٹہ کے شہریوں کے ایک نمائندہ وفد سے ملاقات میں گفتگو کرتے ہوئے کیا، وفد میں خواتین بھی بڑی تعداد میں شریک تھیں جنہوں نے رابطہ مہم کی بھرپور تائید و حمایت کا اعلان کیا۔ نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی نے مزید کہا کہ قومی وطن کو درپیش سیاسی، سماجی اور انتظامی بحرانوں سے یہاں آباد اقوام اور برادریاں قومی یکجہتی اور حقیقی سیاسی عمل کے ذریعے ہی نکل سکتی ہیں، انہوں نے کہا کہ سیاسی عمل کو سہولت کاروں، ٹھیکیداروں اور کمیشن کے منصوبے کے تحت آلودہ کیا گیا اور غیر جمہوری لوگ نمائندگی کا دعویٰ کر رہے ہیں جس کے نتیجے میں ریاست اور بلوچستان کے لوگوں میں عدم اعتماد اور جعلی منتخب نمائندوں نے بلوچستان کی پسماندگی میں اپنا کردار ادا کیا ہے، انہوں نے کہا کہ عوام کو دہائیوں سے ان کے قومی حقوق اور سیاسی جمہوری عمل سے محروم رکھا گیا ہے اس محرومی کے خاتمے کیلئے بلوچستان میں قدیم سے آباد سٹیک ہولڈرز وفاق کی طرف دیکھنے کی بجائے اس سرزمین کی اکثریت میں شامل ہو کر بلوچستان کے معاملات کو بہتر بنانے، سرزمین کے قومی حقوق کا دفاع کرنے میں اپنا کردار ادا کرتے ہوئے اس مٹی کا حق ادا کریں، انہوں نے کہا کہ ہمارے وطن میں آج ایک بہت بڑا سیاسی و انتظامی بحران ہے جس کے نتیجے میں بلوچ، پشتون اقوام اور برادریاں تکلیف اور مصائب سے گزر رہے ہیں ان تکالیف اور مصائب کو ایک بہت بڑے قومی اتفاق اور سیاسی عمل سے ختم کیا جا سکتا ہے اور اس قومی اتفاق اور یکجہتی سے ہی ہم بلوچستان کے قومی، سیاسی، سماجی حقوق حاصل کر سکتے ہیں۔

**بقیہ 34 — سی پیک**

نے کی، جس میں مختلف وفاقی وزارتوں، ڈویژنز اور متعلقہ اداروں کے اعلیٰ حکام نے شرکت کی، جبکہ ڈائریکٹر جنرل گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی معین الرحمان خان اور ڈائریکٹر جنرل آپریشنز گوادر پورٹ اتھارٹی داؤد بلوچ نے ویڈیو لنک کے ذریعے شرکت کی۔ اجلاس میں گوادر میں سی پیک کے تحت مکمل ہونے والے منصوبوں کی پیشرفت، جاری منصوبوں کی موجودہ صورتحال اور مستقبل کیلئے تجویز کردہ منصوبوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا، تاکہ آئندہ ہفتے منعقد ہونے والے جوائنٹ ورکنگ گروپ کے نویں اجلاس میں ان منصوبوں کے حوالے سے اہم فیصلے اور آئندہ کا لائحہ عمل طے کیا جا سکے۔ اجلاس کو بریفنگ دیتے ہوئے ڈائریکٹر جنرل جی ڈی اے معین الرحمان خان نے گوادر سمارٹ پورٹ سٹی ماسٹر پلان 2017-2050، اس پر عملدرآمد کی پیشرفت اور گوادر کے مستقبل کی شہری و معاشی ترقی کے حوالے سے تفصیلی آگاہ کیا

**بقیہ 35 — (BRA)**

جامع اور میرٹ پر مبنی بھرتی کے فریم ورک کے تحت نئے افسران کی تعیناتی کا عمل مکمل کیا۔ مسابقتی اور شفاف عمل کو یقینی بنانے کیلئے امیدواروں کا تحریری امتحان ہائیر ایجوکیشن کمیشن (HEC) کے ذریعے آزادانہ طور پر منعقد کیا گیا۔ نئے باصلاحیت افسران کی شمولیت سے بلوچستان ریونیو اتھارٹی کی انتظامی، فیلڈ اور آپریشنل استعداد میں نمایاں بہتری متوقع ہے، جس سے صوبے کے اپنے ذرائع سے حاصل ہونے والے محصولات میں اضافے میں بھی مدد ملے گی۔ بلوچستان ریونیو اتھارٹی صوبے میں ٹیکس نیٹ کو مزید وسعت دینے، تمام قابل ٹیکس کاروباری سرگرمیوں اور خدمات کو ٹیکس نظام میں شامل کرنے اور مساوات، شفافیت اور معاشی ترقی کے درمیان توازن برقرار رکھتے ہوئے بلوچستان کی پائیدار ترقی کیلئے محصولات میں اضافہ یقینی بنانے کیلئے پرعزم ہے۔

**بقیہ 36 — قاری مہر اللہ**

مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی، مرکزی سیکرٹری مالیات حاجی حیات اللہ کاکڑ، صوبائی نائب امیر مفتی رحمت اللہ صوبائی محتسب مولانا نیاز محمد صوبائی سرپرست مولانا خدائے نظر، صوبائی سیکرٹری اطلاعات مولانا رحمت اللہ حقانی ودیگر صوبائی عہدیداران سے پشتونخوا ملی عوامی پارٹی مرکزی ڈپٹی چیئرمین عبدالرؤف لالا مرکزی سیکرٹری حاجی عبدالحق ابدال، صوبائی پارلیمانی سیکرٹری حضرت عمر اچکزئی صوبائی ڈپٹی سیکرٹری اقبال بنے زئی، صوبائی ڈپٹی سیکرٹری حفیظ ترین صوبائی ڈپٹی سیکرٹری حبیب الرحمان بازئی نے ملاقات میں مرکزی امیر مولانا عبدالقادر لونی کو امیر منتخب ہونے پر مبارکباد پیش کی اور پشتون قومی جرگہ کی دعوت دی اس موقع پر جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی قائم مقام امیر مولانا عبدالقادر لونی نے پشتون قومی جرگہ میں بھرپور شرکت اور ہر قسم کے تعاون کی یقین دہانی کراتے ہوئے کہا کہ بلوچستان میں اقوام کو درپیش حالات پر جرگہ کا انعقاد ناگزیر ہو چکا ہے

**بقیہ 37 — 13 افغان شہری**

دالبندین کے سرحدی علاقوں میں نگرانی کا عمل مزید مؤثر بناتے ہوئے غیر قانونی آمدورفت کی روک تھام کیلئے گشت اور چیکنگ کا سلسلہ تیز کر رکھا ہے۔ اسی دوران اہلکاروں نے ایسے افراد کی نقل و حرکت کو مشکوک قرار دیتے ہوئے کارروائی کی اور 13 افغان شہریوں کو گرفتار کر لیا، جو مبینہ طور پر غیر قانونی راستے سے سرحد عبور کرنے کی کوشش کر رہے تھے سیکورٹی حکام کا کہنا ہے کہ بلوچستان کے سرحدی اضلاع میں غیر قانونی سرحدی آمدورفت کی روک تھام کیلئے مؤثر اقدامات کئے جا رہے ہیں، جبکہ سرحدی علاقوں میں نگرانی کا نظام بھی مزید سخت کیا گیا ہے حکام کے مطابق غیر قانونی طور پر سرحد عبور کرنے کی کوشش کرنے والے افراد کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی یواین اے کے مطابق گرفتار افراد سے ان کے سفری دستاویزات، سرحد عبور کرنے کے مقصد اور سہولت کاری سے متعلق معلومات حاصل کی جا رہی ہیں۔

**بقیہ 38 — کوہیار خان ڈومکی**

بھائی چارے، امن اور اتحاد کو فروغ دیں سردار کوہیار خان ڈومکی نے کہا کہ 12 ربیع الاول ہمیں یہ عہد کرنے کا موقع فراہم کرتا ہے کہ ہم نبی کریم ﷺ کی سیرت و کردار کو اپنی عملی زندگی کا حصہ بنائیں گے اور ملک و صوبے کی ترقی، خوشحالی اور امن کیلئے اپنا کردار ادا کریں گے۔ انہوں نے اس بابرکت موقع پر ملت مسلمہ، پاکستان کی سلامتی، ترقی، خوشحالی اور امن و استحکام کیلئے خصوصی دعا بھی کی۔

**بقیہ 39 — بشیر احمد بڑیچ**

کوئٹہ کو ماہانہ 5 کروڑ روپے دیے جا رہے ہیں اگر شہر کے حوالے سے کوئی بھی مسئلہ ہو تو لوگ براہ راست مل سکتے ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز اپنے دفتر میں پریس کانفرنس کے دوران کیا اس موقع پر دیگر آفیسران بھی موجود تھے۔ بشیر احمد بڑیچ نے کہا ہے کہ کوئٹہ جس کو ماضی میں لٹل پیرس کے نام سے جانا اور پہچانا جاتا تھا اس کی صفائی، ستھرائی، بہتری اور عوام کو درپیش مسائل اور مشکلات کے حل کو یقینی بنانا ہمارے لئے بڑی اہمیت کا حامل ہے اس لئے شہریوں کے میٹرو پولیٹن کارپوریشن سے وابستہ مسائل کے حل کو یقینی بنانے کیلئے میں نے ذمہ داری سنبھالنے کے بعد تکمانہ بریفنگ حاصل کر کے جن چیزوں کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنا ہے اس میں شہر میں صفائی، روڈ کٹنگ، غیر قانونی تعمیرات اور پارکنگ بڑے مسائل ہیں جس سے ہر شہری کا واسطہ پڑتا ہے اور ہم نے عوام کو ان مشکلات اور رکاوٹوں سے چھٹکارا دلانا ہے غیر قانونی تعمیرات کے باعث شہریوں کو مشکلات کا سامنا ہے، اسی طرح بہتر بنایا جائے گا کیونکہ صفائی ہمارے ایمان کا حصہ ہے اور صفائی نصف ایمان ہے شہر میں صفائی کے نظام کو مزید بہتر بنانے کیلئے متعدد اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں تاکہ ماضی کے لٹل پیرس کوئٹہ کو صاف ستھرا بنایا جا سکے وزیر اعلیٰ بلوچستان کے وژن کے مطابق کوئٹہ کی بہتری کیلئے اقدامات جاری ہیں جس کی روشنی میں شہر کو 4 زونز میں تقسیم کر کے ہر زون میں ایریا سپروائزر تعینات کئے جائیں گے جس کا مقصد ان علاقوں میں صفائی کی بہتری اور دیگر غیر قانونی اقدامات کی روک تھام یقینی بنا کر قانونی اقدامات کو پروان چڑھانا ہے اس لئے ہر زون میں ابتدائی طور پر 20 سینٹری ورکرز تعینات کئے جائیں گے

**بقیہ 40 — ثمینہ ممتاز زہری**

شہریوں کے حقوق کا تحفظ یقینی بنایا جائے گا اور انصاف کو ہر قسم کی رسم، روایت، سماجی دباؤ اور نام نہاد غیرت سے بالاتر رکھا جائے گا سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری کی جانب سے پیش کئے گئے بلوں میں مسلم فیملی لاز (والدین کے نان و نفقہ) ترمیمی بل 2026، کریمنل لاز (ترمیمی) بل 2026 اور کریمنل لاز (ترمیمی) غیرت کے نام پر قتل کی روک تھام (بل 2026) شامل ہیں۔ سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے کہا کہ غیرت کے نام پر قتل کی روک تھام سے متعلق ترمیمی بل موجودہ حالات میں خصوصی اہمیت کا حامل ہے، بالخصوص بلوچستان میں پیش آنے والے اس افسوسناک واقعہ کے تناظر میں جہاں مبینہ طور پر ایک قبائلی جرگے کے فیصلے کے بعد ایک خاتون کو قتل کئے جانے کی اطلاع سامنے آئی۔ انہوں نے کہا کہ یہ واقعہ اس تلخ حقیقت کی یاد دہانی ہے کہ ریاستی نظام انصاف کے متوازی نام نہاد فیصلوں کی گنجائش اور خطرناک نتائج برآمد ہو سکتے ہیں کسی بھی شخص، جرگے، پنچایت، قبائلی کونسل یا بااثر فرد کو یہ اختیار حاصل نہیں کہ وہ کسی انسان کی زندگی اور موت کا فیصلہ کرے۔ سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے دوٹوک الفاظ میں کہا کہ قتل میں کسی قسم کی غیرت نہیں ہو سکتی انصاف صرف ریاست اور آئین کے تحت قائم عدالتوں کا اختیار ہے۔ کوئی جرگہ، پنچایت، قبائلی کونسل، بزرگ یا فرد قانون کو اپنے ہاتھ میں لے کر کسی شہری کی زندگی کا فیصلہ نہیں کر سکتا۔ انہوں نے کہا کہ مجوزہ قانون سازی کا مقصد ملک کے موجودہ قانونی ڈھانچے کو مزید مضبوط بنانا، قانونی خامیوں اور موجودہ خلاء کو دور کرنا اور ایسے جرائم میں ملوث تمام عناصر کو قانون کے کٹہرے میں لانا ہے۔

**بقیہ 41 — بے رقم حاصل**

ٹرمپ کو مبینہ طور پر نشانہ بنانے سے متعلق مواد دکھائے جانے کے بعد نئی تشویش پیدا ہو گئی ہے۔ تقریباً ایک منٹ کی اس رپورٹ کا محور بیرن ٹرمپ تھے جس میں گرافکس کے ذریعے ان تک رسائی حاصل کرنے کی مبینہ کوششوں، نگرانی، آن لائن سرگرمیوں اور ان کے اردگرد موجود افراد سے متعلق معلومات دکھائی گئیں۔ رپورٹ میں مبینہ طور پر بیرن ٹرمپ کے سوشل روابط کا پتا لگانے اور امریکی خفیہ سروس کی سیکیورٹی کے حصار تک پہنچنے کی کوششوں کا بھی ذکر کیا گیا۔ رپورٹ کے اختتام پر مبینہ طور پر ایک کروڑ ڈالر کے انعام کا ذکر بھی کیا گیا اور کہا گیا کہ بہت سے لوگ یہ رقم حاصل کرنے کے لیے تیار ہو سکتے ہیں۔ امریکی صدر اور ان کے اہل خانہ سے متعلق اس نوعیت کا مواد اس سے قبل بھی ایرانی میڈیا میں سامنے آ چکا ہے، مگر تازہ نشریات میں براہ راست ٹرمپ کے بیٹے کو موضوع بنائے جانے کو دھمکی آمیز رویہ ہے میں ایک نمایاں تبدیلی قرار دیا جا رہا ہے۔ امریکی حکام ماضی میں ایران سے منسلک افراد پر ڈونلڈ ٹرمپ اور دیگر سابق امریکی عہدیداروں کے قتل کی سازشوں کے الزامات بھی عائد کر چکے ہیں۔ امریکی پراسیکیوٹرز نے 2024 میں بھی دعویٰ کیا تھا کہ ایران کی جانب سے ایک شخص کو ٹرمپ کے قتل کا منصوبہ تیار کرنے کی ذمہ داری دی گئی تھی۔

**بقیہ 42 — بھاری ہتھیاروں**

مطابق چھتر کیچی کے علاقے میں دو قبائل کے درمیان گزشتہ چوبیس گھنٹوں سے شدید فائرنگ کا تبادلہ جاری ہے۔ جس میں دونوں قبائل کی طرف سے چھوٹے اور بھاری ہتھیاروں کا استعمال کیا جا رہا ہے فائرنگ کے نتیجے میں نصیرآباد کا مشہور ڈکیت و دہشت گرد گروپ کا سربراہ سید صابر شاہ عرف صابو شاہ کبیری ہلاک ہو گیا جو سندھ اور بلوچستان میں چوری، ڈکیتی، راہزنی، بھتہ خوری سمیت دیگر سنگین وارداتوں میں مطلوب تھا جس کی سر کی قیمت بھی مقرر کی گئی تھی۔ جبکہ فائرنگ سے 4 دیگر افراد زخمی ہوئے فائرنگ کی زد میں آ کر دو بیل، چھ بکریاں بھی ہلاک ہو گئیں اور فائرنگ سے گھروں، سولر پلیٹس اور دو زرعی ٹیوب ویلوں کو بھی نقصان پہنچا۔ فائرنگ کے بعد پولیس اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کی بھاری نفری موقع پر پہنچ گئی اور دونوں قبائل کی جانب سے مورچے خالی کرانے کا سلسلہ جاری ہے۔

**بقیہ 43 — میر ظہور بلیدی**

حضور اکرم ﷺ کی پوری زندگی ہمارے لئے محبت، امن، بھائی چارے، برداشت، عدل و انصاف اور انسانیت کی خدمت کا عملی نمونہ ہے آپ ﷺ نے انسانوں کو رنگ، نسل، زبان اور قبیلے کے امتیاز سے بالاتر ہو کر ایک دوسرے کے حقوق ادا کرنے اور امن و اخوت کے ساتھ زندگی گزارنے کا درس دیا۔ میر ظہور بلیدی نے کہا کہ 12 ربیع الاول ہمیں اس عہد کی تجدید کا موقع فراہم کرتا ہے کہ ہم اپنی انفرادی اور اجتماعی زندگی کو سیرت طیبہ کی تعلیمات کے مطابق ڈھالیں گے۔ معاشرے میں محبت، رواداری، اتحاد اور باہمی احترام کو فروغ دینا ہی نبی کریم ﷺ سے حقیقی محبت کا تقاضا ہے۔

**بقیہ 44 — آمنے سامنے**

وہ ایک قرارداد پیش کرنا چاہتے ہیں۔ انہوں نے حضرت علی کا قول بیان کرتے ہوئے کہا کہ معاشرہ کفر کے ساتھ قائم رہ سکتا ہے، ظلم کے ساتھ نہیں۔ انہوں نے کہا کہ آئین کا آرٹیکل 204 کہتا ہے کہ سپریم کورٹ کے حکم پر عمل نہ کرنے سے توہین عدالت لگ سکتی ہے۔ علی ظفر نے کہا کہ سپریم کورٹ نے 18 اگست کو حکم دیا تھا کہ بانی پی ٹی آئی کو شفا اسپتال لایا جائے اور میڈیکل بورڈ تشکیل دیا جائے جس میں ڈاکٹر فیصل بھی شامل ہوں، بانی پی ٹی آئی کو شفا اسپتال نہیں لے جایا گیا اور نہ ہی میڈیکل بورڈ بنایا گیا۔ سینیٹر علی ظفر نے کہا کہ سیکیورٹی ایشو ایک بہانہ ہے، حکومت نے سپریم کورٹ کے حکم پر عمل نہیں کیا، حکومت نے عدالت کے فیصلے کو خود ہی تبدیل کیا ہے، حکومتی وزراء نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی یا ان کی جماعت سے مخالفت ہے لیکن ان کی صحت سے نہ کھیلیں۔ انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کی صحت پر سیاست نہ کریں، کل کو ہم بھی حکومت میں آ سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اگر عدالت کا فیصلہ ٹھیک نہیں لگا تھا تو عدالت سے مزید ہدایت لی جا سکتی تھی، جب بھی حکومتوں نے عدالتوں کے حکم ماننا بند کیے، آمر آتے رہے۔ علی ظفر نے کہا کہ اگر عدالتوں کو کمزور کیا جائے گا تو انصاف کی حکمرانی نہیں ہوگی، عوام کا اداروں سے اعتماد اٹھ جائے گا، حکومت کو چاہیے کہ عدالت نہ بنے، اپنا کام کرے، عدالتی حکم پر عمل کرے۔ وہ اس معاملے پر قرارداد لانا چاہتے تھے۔ سینیٹر علی ظفر نے کہا کہ قرارداد میں کہا تھا کہ سینیٹ آئین کی بالادستی پر یقین رکھتی ہے، پیپلز پارٹی نے کہا کہ ہم قرارداد کی حمایت تو کرتے ہیں، اس پر دستخط نہیں کریں گے، قرارداد میں بانی پی ٹی آئی کو شفا میں علاج کروانے کی بات بھی کی گئی تھی۔ علی ظفر نے کہا کہ سائن نہ کر کے حکومت اور اس کے اتحادیوں نے ثابت کیا ہے کہ وہ آئین کی بالادستی نہیں چاہتے۔ اس موقع پر مشیر وزیر اعظم رانا ثناء اللہ نے کہا کہ گزشتہ روز طے ہو چکا ہے کہ عدالتوں میں زیر بحث معاملات پر قرارداد نہیں آ سکتی۔

**بقیہ 45 — خوشحال خان کاکڑ**

ہمیشہ باوقار کردار کے مالک رہے ہیں۔ سردار محمود خان جوگیزئی اور ان کے ساتھیوں کی پارٹی میں شمولیت ہم سب کے لئے قابل فخر اور قابل تحسین ہے۔ وکلاء تحریک جوگیزئی میں ارداشاہ سردار محمد عثمان خان جوگیزئی کی رہائش گاہ پر پارٹی میں شمولیت کی پروقار تقریب سے خطاب کر رہے تھے، جس سے پارٹی کے مرکزی سیکرٹری اللہ نور خان، صوبائی ڈپٹی سیکرٹری مالیات سید اکبر کاکڑ، ضلع قلعہ سیف اللہ اول کے ضلعی سیکرٹری شمس رودوال، مرکزی کمیٹی کے رکن حاجی اللہ یار جوگیزئی اور سردار محمود خان جوگیزئی نے بھی خطاب کیا۔ اس موقع پر 88 خاندانوں نے پارٹی میں شمولیت کا اعلان کیا۔ پارٹی چیئرمین خوشحال خان کاکڑ نے کہا کہ ہمارے تنظیم اکابرین اور مشران کی وطن دوست فکر و جدوجہد اور لازوال قربانیوں کا نتیجہ ہے کہ ہمارے غیور عوام مسلسل اپنی قومی نجات کے لئے پشتونخوا نیپ میں شامل ہو رہے ہیں۔ ہمارے غیور عوام کی محبت اور ہمدردی یہ ثابت کرتی ہے کہ پشتونخوا نیپ ہر پشتون کی دوسری پارٹی ہے اور پارٹی ہمارے عوام کی امیدیں برحق ہیں۔ پارٹی عوام کی حقیقی غمخوار اور چوکیدار کا کردار ادا کرتے ہوئے ان کی امیدوں پر پورا اترے گی۔ خوشحال خان کاکڑ نے کہا کہ آج کے حالات میں پشتون ملت ہر شعبہ زندگی میں بدترین بحرانوں اور اذیت ناک مشکلات کا سامنا کر رہی ہے۔ بے روزگاری، مہنگائی، مسلط جعلی دہشت گردی، معاشی قتل عام، نسل کشی، سرو مال اور عزت کے عدم تحفظ اور بدترین بدامنی و لاقانونیت پشتونخوا وطن اور پشتون قوم پر مسلط کی گئی ہے۔ پشتونوں کے ہر کاروبار و تجارت کو چھین لیا گیا ہے۔ ٹرانسپورٹ کے کاروبار میں گزشتہ تین ماہ کے دوران 12 ارب روپے کے قریب نقصانات ہوئے ہیں۔

**بقیہ 46 — انعام کی پیشکش**

پیغام میں لکھا کہ یہ افراد پاسداران انقلاب کی ان یونٹس کی کمان کرتے ہیں جنہوں نے مسلح حملوں کے ذریعے امریکی اہلکاروں کو نشانہ بنایا اور تباہ کن سائبر کارروائیوں کے ذریعے اہم تنصیبات کو ہدف بنایا۔ اس فہرست میں پاسداران انقلاب کے کمانڈر احمد وحیدی، خاتم الانبیاء ہیڈ کوارٹر کے کمانڈر علی عبداللہی اور پاسداران انقلاب کے سائبر شعبے کے کمانڈر حمید رضا لشکریان شامل ہیں۔ فہرست میں سعید آقاجانی اور مجید خادمی کے نام بھی شامل ہیں۔ سعید آقاجانی پاسداران انقلاب کی فضائی و خلائی فورس کے سابق کمانڈر رہتے جبکہ مجید خادمی پاسداران انقلاب کے انٹیلیجنس کمانڈر تھے۔ دونوں حالیہ جنگ کے دوران مارے گئے تھے۔

**بقیہ 47 — محسن نقوی**

انکلیو میں سائیکلنگ اور واکنگ ٹریکس کو جدید طرز پر تیار کرنے کی ہدایت کی۔ وفاقی وزیر داخلہ نے مزید ہدایت کی کہ ڈپلومیٹک انکلیو میں سڑکیں مزید کشادہ کی جائیں۔ وزیر داخلہ نے ڈی آئی جی سیکورٹی کو ڈپلومیٹک انکلیو کا جدید اور جامع سیکورٹی پلان ازسرنو مرتب کرنے کی ہدایت کی۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ ڈپلومیٹک انکلیو کے پارکس کو جدید طرز پر بحال کیا جائے گا۔ ڈپلومیٹک انکلیو کو جدید، محفوظ اور خوبصورت سفارتی زون بنائیں گے۔ ڈپلومیٹک انکلیو کے رہائشیوں کو عالمی معیار کی سہولیات فراہم کرنا ہماری اولین ترجیح ہے۔ چیئرمین سی ڈی اے نے ڈپلومیٹک انکلیو میں جاری ترقیاتی کاموں پر پیشرفت بارے بریفنگ دی ڈپٹی کمشنر اسلام آباد اور دیگر افسران بھی اس موقع پر موجود تھے۔

**بقیہ 48 — اہم پیش رفت**

پولیس ملزمان کو فرانزک لیب لاہور لے آئی جہاں ملزمان کے پولی گرافک اور ڈی این اے ٹیسٹ مکمل کر لیے گئے، پولیس ملزمان کو لیکر واپس راولپنڈی روانہ ہو گئی۔ پولی گرافک ٹیسٹ کی رپورٹ تین روز بعد جب کہ ڈی این اے کی رپورٹ 3 ہفتوں بعد پولیس کو ملے گی، فرانزک ٹیسٹ کے بعد تفتیش کو آگے بڑھایا جائے گا۔ حنا جاوید کو 20 اگست کو سسرال میں خاوند کے ساتھ گھریلو ناچاقی پر بے دردی سے قتل کر کے نعش کو باتھ روم میں تار کے ساتھ لٹکا دیا گیا تھا اور مقتولہ کی سسرکی جانب سے پولیس کو اطلاع دی گئی تھی کہ گھر میں چور گھس آئے ہیں

**بقیہ 49 — حج آپریشن**

18 اور 19 اگست کی درمیانی شب شروع ہوا تھا، جس کے بعد عازمین حج کی جانب سے غیر معمولی دلچسپی کا مظاہرہ کیا گیا۔ مختصر حج پیکیج کی نشستیں پہلے ہی 24 گھنٹوں میں مکمل ہونے کے بعد لانگ حج پیکیج کی نشستیں بھی مقررہ کوٹے کے مطابق آج دن 12 بجے مکمل ہوئیں۔ وزارت کے حکام کا کہنا ہے کہ سرکاری حج سکیم کی نشستیں چند ہی روز میں مکمل ہونا عازمین حج کے بھرپور اعتماد کا مظہر ہے جبکہ مختصر مدت میں سرکاری حج کوٹہ مکمل ہونا وزارت مذہبی امور پر عوام کے بڑھتے ہوئے اعتماد کی بھی عکاسی کرتا ہے۔ حج 2027 کے لیے نیشنل آئی ٹی بورڈ کے تعاون سے تیار کردہ جدید ڈیجیٹل حج پلیٹ فارم نے بکنگ اور واجبات کی ادائیگی کے پورے عمل کو آسان، تیز رفتار اور مؤثر بنانے میں کلیدی کردار ادا کیا۔ پاک حج ایپ اور حج پورٹل کے ذریعے عازمین کو گھر بیٹھے حج سے متعلق مختلف مراحل مکمل کرنے کی سہولت فراہم کی گئی، جس کے باعث حج درخواستوں اور واجبات کی وصولی کا عمل پہلے کے مقابلے میں زیادہ منظم، شفاف اور تیز رفتار رہا۔ وزارت مذہبی امور کے مطابق ڈیجیٹل نظام کے ذریعے عازمین کو حج پیکیج کے انتخاب، واجبات کی ادائیگی اور دیگر ضروری مراحل کی تکمیل میں سہولت میسر آئی۔

# صوبے کو ٹوٹنے کی بجائے انکے حقوق کا تحفظ کیا جائے، فضل الرحمن

اقتدار کا مقصد عدل و انصاف کا قائم ہونا چاہیے، قوم، سیاسی اور مذہبی جماعتوں کو تقسیم کرنے کی پالیسی ملکی مفاد میں نہیں ہے

آئین ٹوٹ گیا تو نئی آئین ساز اسمبلی بنانی پڑے گی، پھر انتشار پھیلے گا جسے سنبھالنا مشکل ہو جائے گا، سربراہ جے یو آئی

اسلام آباد (ویب ڈیسک) سربراہ جے یو آئی مولانا فضل الرحمان نے کہا ہے کہ اقتدار کا مقصد عدل و انصاف کا قائم ہونا ہے ...... بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر



وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی بلوچستان ریونیو اتھارٹی کے نوٹیفکیشن آفیسران تقرر نامے دے رہے ہیں

## نامساعد حالات کے باوجود منصوبوں کو تکمیل تک پہنچانا قابل تحسین ہے، سلیم کھوسہ

وفاقی منصوبوں پر کام کی رفتار کو مزید تیز کیا جائے، صوبائی وزیر مواصلات

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم کھوسہ کی زیر صدارت ... بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

## چاغی سے سالار سے 1 شخص کی لاش برآمد

چاغی (آن لائن) چاغی کے علاقے ... پولیس ذرائع کے مطابق ... لاش کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔

## کوئٹہ شہر میں قاتل اور راہزن دندناتے پھر رہے ہیں، مولانا عبدالرحمان رفیق

حکام کی خاموشی عوام میں بے چینی و اضطراب پیدا کر رہی ہے

کوئٹہ (آن لائن) ...... بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

## حضور اکرم ﷺ نے جہالت کے اندھیروں کا خاتمہ کیا، بابا غلام رسول عمرانی

آپ ﷺ نے انسانیت کو حقوق العباد اور مظلوموں کی مدد کا درس دیا

...... بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

## حضرت محمد ﷺ کی ولادت رحمت و ہدایت کا سرچشمہ ہے، اسرار زہری

مسائل سے نجات کا راستہ سیرت طیبہ اپنانے میں مضمر ہے، سربراہ بی این پی عوامی

ربیع الاول اپنے کردار کو نبی کریم کی سیرت کے مطابق ڈھالنے کا مہینہ ہے، سابق وفاقی وزیر

خضدار (بیورو رپورٹ) بلوچستان نیشنل پارٹی (عوامی) کے مرکزی صدر سابق وفاقی وزیر میر اسراراللہ خان زہری نے کہا ہے کہ حضرت محمد مصطفیٰ کی ولادت باسعادت پوری انسانیت کیلئے اللہ تعالیٰ کی سب سے بڑی رحمت اور ہدایت کا سرچشمہ ہے نبی کریم کی تعلیمات آج بھی ہمیں امن بھائی چارے اور عدل و انصاف کا درس دیتی ہیں میر ......... بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

## حکومت کا لیسکو، میپکو کو نجی شعبے پر فروخت کرنے کا فیصلہ

کمیٹی کو نجکاری سے قبل چھوٹی ڈسکوز میں تقسیم کرنے کی فزیبلٹی کا جائزہ لینے کی ہدایت

لاہور (بیورو رپورٹ) وزارت نجکاری نے رقبے کے لحاظ سے ملک کی دو بڑی بجلی کی ڈسٹری بیوشن کمپنیوں، لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی (لیسکو) اور ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) کو چھوٹی کمپنیوں میں تقسیم کرنے کے بجائے موجودہ شکل میں ہی نجکاری کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ باخبر ذرائع نے بزنس ریکارڈر کو بتایا کہ یہ فیصلہ نجکاری کمیشن (پی سی) کی جانب سے تشکیل دی گئی ٹیکنیکل کمیٹی کی سفارشات کے بعد کیا گیا، جسے لیسکو اور میپکو کو نجکاری سے ......... بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر



تہران فیلڈ مارشل سید عاصم منیر دورے کے دوران ایرانی حکام سے گفتگو کر رہے ہیں

# صفائی کا نظام بہتر بنانے کیلئے کوئٹہ شہر کو 4 زونز میں تقسیم کیا جائیگا، ایڈمنسٹریٹر

صفائی کا نظام بہتر بنانے کیلئے کوئٹہ کو ماہانہ 5 کروڑ دیئے جا رہے ہیں کسی بھی شہری کو شکایات ہوتو وہ براہ راست مل سکتا ہے، میجر (ر) بشیر احمد بڑیچ

غیر قانونی تعمیرات، صفائی، اسٹریٹ لائٹس اور پارکنگ کے مسائل حل کرکے شہریوں کو ان مشکلات سے نجات دلائیں گے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ کے ایڈمنسٹریٹر میجر (ر) بشیر احمد بڑیچ نے کہا ہے کہ ...... بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر



صوبائی وزیر زراعت میر محمد صادق عمرانی سائلین کے مسائل حل کرنے کے احکامات جاری کر رہے ہیں

## انسداد دہشت گردی عدالت میں ہنگامہ آرائی

راولپنڈی (مانیٹرنگ ڈیسک) انسداد دہشت گردی عدالت میں علیمہ خان کے خلاف 26 نومبر احتجاج کیس کی سماعت کے دوران ہنگامہ آرائی ہوئی ...

## ملکی قوانین کو مزید موثر بنایا جائے گا، ثمینہ ممتاز زہری

انصاف کو عام آدمی کی دہلیز تک پہنچانا ہوگا، روایات، سماجی دباؤ اور نام نہاد غیرت کے نام پر ظلم کا راستہ روکا جائیگا

جرگہ، پنچایت، یا کوئی فرد قانون ہاتھ میں لے کر کسی کی زندگی کا فیصلہ نہیں کرسکتا، سینیٹر

اسلام آباد (آن لائن) ...... بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

## نور محمد دمڑ کا سابق گورنر بلوچستان کے انتقال پر اظہار افسوس

کوئٹہ (خ ن) ...

## ٹرمپ کے بیٹے کو قتل کرنے والے کیلئے 2 ارب روپے انعام کا اعلان



ایران کے سرکاری ٹی وی پر ٹرمپ کے بیٹے کی سرگرمیوں کی معلومات نشر

تہران (ویب ڈیسک) ایران کے سرکاری ٹیلی ویژن پر ... امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے بیٹے ...... بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

## ڈیزل کی 15 روزہ قیمتوں کا نظام نافذ کیا جائے، گڈز ٹرانسپورٹرز

کراچی (بیورو رپورٹ) آل پاکستان گڈز ٹرانسپورٹرز ... حکومت ... عوام پر ...

## نصیر آباد ٹوکٹ گینگ کا سرغنہ پولیس کے ساتھ فائرنگ کے تبادلے کے بعد ہلاک

سید صابر شاہ عرف صابو چوری، ڈکیتی، راہزنی کی سنگین وارداتوں میں مطلوب تھا

...... بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

## حضور اکرم ﷺ کی پوری زندگی محبت و امن کا عملی نمونہ ہے، ظہور بلیدی

حضرت محمد ﷺ کی ولادت باسعادت پوری انسانیت کیلئے اللہ تعالیٰ کی عظیم نعمت ہے، صوبائی وزیر

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر ... میر ظہور احمد بلیدی نے ...... بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

# ایران پاکستان گیس پائپ لائن کا دوستانہ حل ڈھونڈ رہے ہیں، علی پرویز ملک

ایران پاک پائپ لائن میں ایران نے کافی کام کرلیا، اور اپنے علاقے پارس تک گیس فراہم کردی ہے، وفاقی وزیر

پابندیاں ختم ہونے پر پاکستان ایرانی گیس لینے کے لیے تیار ہے یا نہیں، سینیٹر طلحہ محمود کا اجلاس میں توجہ دلاؤ نوٹس

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ایران سے پاکستان کے لیے گیس لینے میں ... اس حوالے سے ... سینیٹ اجلاس میں تفصیلات بتادیں۔ سینیٹ کا اجلاس پریذائیڈنگ افسر شہادت اعوان کی زیر صدارت ہوا، جس میں پاک ایران گیس پائپ لائن کی عدم تکمیل اور ملک میں گیس کی کمی پر سینیٹر طلحہ محمود نے توجہ دلاؤ نوٹس پیش کیا۔ سینیٹر طلحہ محمود نے کہا کہ ایران پاکستان گیس پائپ لائن منصوبہ ......... بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر



عید میلاد النبی کے سلسلے میں لیاقت بازار میں جلوس کے استقبال کیلئے لگایا گیا گیٹ

# اگست میں مہنگائی بڑھنے کا امکان، خوردنی اشیاء کی قیمتوں میں اضافہ

رواں ماہ افراط زر کی شرح سالانہ 10.75 سے 11.3 فیصد رہنے کا امکان، جولائی کی 9.21 فیصد شرح سے زیادہ ہوگی

بنیادی وجہ بجلی کی قیمتوں میں 48 فیصد، انڈوں میں 10 فیصد، دال چنے میں 7 فیصد اور گندم کی قیمت میں 6 فیصد اضافہ ہے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ... افراط زر کی شرح 10.75 سے 11.3 فیصد ...... بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر



صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات میر ظہور احمد بلیدی سے مختلف وفود ملاقات کر رہے ہیں

## سندھ و پنجاب پولیس ٹرانسپورٹرز کو بلاوجہ تنگ کر رہی ہے، جمال شاہ کاکڑ

بلوچستان کے ٹرانسپورٹرز کے ساتھ رویہ درست کیا جائے، رکن قومی اسمبلی

بلوچستان میں ٹرین سروس بھی موثر انداز میں فعال نہیں، اسمبلی میں اظہار خیال

کوئٹہ (آن لائن) اسلام آباد بلوچستان کے مسائل پر قومی اسمبلی میں اظہار خیال کرتے ہوئے جمال ... شدید مشکلات کا سامنا ہے انہوں نے کہا کہ آئے روز بلوچستان سے تعلق رکھنے والے ٹرانسپورٹرز اور ...... بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

# سینیٹ میں عمران خان کی صحت پر گرما گرم بحث، حکومت اور اپوزیشن آمنے سامنے

صحت پر سیاست نہ کریں، کل کو ہم بھی حکومت میں آسکتے ہیں، اگر عدالتوں کو کمزور کیا جائے گا تو انصاف کی حکمرانی نہیں ہوگی، سینیٹر علی ظفر

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ...... بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

## پاک ترکیہ وزرائے خارجہ کا رابطے میں رہنے پر اتفاق

آرفور کے وزرائے خارجہ اجلاس و دیگر کثیر الجہتی سرگرمیوں پر بات چیت

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ... دفتر خارجہ سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ ... کثیر الجہتی ......... بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر



پشتونخوا میپ کے عبدالرؤف لالا کی قیادت میں وفد جمعیت نظریاتی کے دفتر میں مولانا عبدالقادر لونی سے ملاقات کر رہا ہے

# پشتونخوا وطن میں مسلط بدامنی ناقابل برداشت ہو چکی، عبدالقہار ودان

جب تک منظم ہو کر قومی اہداف کے حصول کیلئے جدوجہد نہیں کریں گے تب تک بدامنی سے نجات ممکن نہیں، پشتونخوامیپ

آج صورتحال یہ کہ بارڈر ٹریڈ بند، روزگار، تجارت، کاروبار کے مواقع چھین لئے گئے، شمولیتی اجتماع سے رہنماؤں کا خطاب

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی صدر عبدالقہار خان ودان کی زیر صدارت ضلع کوئٹہ تحصیل سٹی سے مربوط بند پشتون درہ علاقائی یونٹ میں شمولیتی پروگرام منعقد ہوا اس موقع پر سابق ناظم جانان اچکزئی اور ان کے ساتھیوں نے پشتونخوامیپ میں شمولیت کا اعلان کیا۔ شمولیتی تقریب سے صوبائی نائب صدر مجید خان اچکزئی، صوبائی رابطہ سیکرٹری گل خلجی، صوبائی ڈپٹی سیکرٹری ......... بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر



کوئٹہ میر لشکری خان رئیسانی رابطہ مہم کے تحت سراوان ہاؤس میں شہریوں سے ملاقات کر رہے ہیں

## فیلڈ مارشل عاصم منیر کے دورہ ایران کی عالمی میڈیا پر بھرپور کوریج

واشنگٹن (بیورو رپورٹ) امریکی جریدے بلومبرگ نے کہا ہے کہ فیلڈ مارشل عاصم منیر کے دورہ ایران کا بنیادی مقصد واشنگٹن اور تہران کے درمیان تعطل کے شکار مذاکرات کو دوبارہ پٹڑی پر لانا تھا۔ اپنی رپورٹ میں بلومبرگ نے کہا کہ فیلڈ مارشل عاصم منیر کے دورہ ایران کی عالمی میڈیا پر بھرپور کوریج کی گئی۔ دوسری طرف غیر ملکی خبر ایجنسی رائٹرز کے مطابق دورے سے قبل فیلڈ مارشل عاصم منیر کی امریکی صدر ٹرمپ اور اعلیٰ امریکی حکام سے بات چیت ہوئی تھی۔ ادھر ایران نے فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کے دورے کو انتہائی مثبت قرار دیا

## چمن پولیس کی کارروائی 55 نشے کے عادی افراد گرفتار

کوئٹہ (آن لائن) چمن پولیس نے نشے کے عادی افراد کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 55 افراد کو حراست میں لیکر علاج معالجے کے لئے ریہیبلیٹیشن سینٹر منتقل کردیا ایس پی چمن اعتزاز عارف کی خصوصی ہدایت پر منشیات فروشوں اور منشیات کے عادی افراد کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 55 نشے کے عادی افراد کو حراست میں لیکر علاج معالجے کیلئے ریہیبلیٹیشن سینٹر منتقل کردیا گیا مزید کارروائی پولیس کر رہی ہے۔

## سیرت طیبہ ہمارے لیے ایک مکمل ضابطہ حیات ہے، سرفراز بگٹی

نبی کریم ﷺ نے کمزور طبقات کے حقوق کے تحفظ پر خصوصی زور دیا، پیغام

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے عید میلاد النبی ﷺ کے بابرکت موقع پر پوری قوم اور بالخصوص اہل بلوچستان کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ نبی کریم حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی ولادت باسعادت پوری انسانیت کے لیے اللہ تعالیٰ کی عظیم نعمت ہے۔ آپ ﷺ کی سیرت طیبہ ہمارے لیے محبت، اخوت، برداشت، عدل، مساوات، رواداری اور انسانیت کی خدمت کا کامل نمونہ ہے اپنے پیغام میں وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ ......... بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

## بی آر اے میں تعیناتیاں میرٹ پر کی گئیں، شاہد رند

نوجوانوں کو ان کا حق صرف میرٹ کی بنیاد پر دیا جائے گا، معاون

کوئٹہ (خ ن) معاون وزیراعلیٰ بلوچستان برائے اطلاعات و سیاسی امور شاہد رند نے کہا ہے کہ حکومت بلوچستان نے سرکاری ملازمتوں میں شفافیت، میرٹ اور مساوی مواقع کو یقینی بنانے کے لیے عملی اقدامات اٹھائے ہیں، بلوچستان ریونیو اتھارٹی میں 19 افسران کی بھرتی خالصتاً میرٹ کی بنیاد پر کی گئی ہے اور اس عمل میں کسی قسم کی سفارش یا دباؤ کو قبول ......... بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

## 2 سے 3 ممالک ہی پاکستان دشمن ہیں، باقی نہیں، حنیف عباسی

سیاست میں سیاسی مخالفت کو جانے دیتا ہوں، ذاتی کو نہیں، وزیر ریلویز

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی نے کہا ہے کہ 2 سے 3 ممالک ہی پاکستان کے دشمن ہیں، باقی نہیں، جن میں بھارت سر فہرست ہے۔ پارلیمنٹ ہاؤس کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا ہے کہ دشمن ممالک میں اسرائیل اور افغانستان بھی شامل ہیں۔ حنیف عباسی کا کہنا ہے کہ مولانا فضل رحمٰن میرے لیے قابل احترام ہیں، ان سے کہوں گا کہ غصے میں غلط فیصلے کیے جاتے ہیں۔ انہوں نے کہا ہے کہ ......... بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر



پارلیمانی سیکرٹری میر برکت علی رند سے پارلیمانی سیکرٹری میر محمد خان لہڑی ملاقات کر رہے ہیں

# سیرت طیبہ پوری انسانیت کیلئے کامیاب زندگی کا مکمل نمونہ ہے، مولانا ہدایت الرحمن

تمام مسائل کا حل سیرت رسول اکرم ﷺ کی تعلیمات پر عمل، قرآن سے وابستگی و انفرادی و اجتماعی کردار کی اصلاح میں ہے، ایم پی اے

قرآن و سیرت سے دوری کے باعث آج ہم مشکلات کا شکار ہیں، گوادر یونیورسٹی میں سیرت النبی ﷺ کے حوالے سے تقریب سے خطاب

کوئٹہ (آن لائن) امیر جماعت اسلامی بلوچستان، ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا ہے کہ سیرت طیبہ ﷺ پوری انسانیت کیلئے ہدایت، رحمت، عدل، امن اور کامیاب زندگی کا مکمل نمونہ ہے موجودہ دور کے تمام مسائل کا حل سیرت رسول اکرم ﷺ کی تعلیمات پر عمل، قرآن سے وابستگی اور اپنے انفرادی و اجتماعی کردار کی اصلاح میں ہے طلباء، وطالبات اساتذہ سمیت ہر طبقہ فکر ......... بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

## سیٹلرز اکثریت میں شامل ہو کر بلوچستان کے معاملات بہتر بنائیں، لشکری رئیسانی

قومی اتفاق اور یکجہتی سے ہی ہم بلوچستان کے قومی، سیاسی، سماجی حقوق حاصل کر سکتے ہیں، سینئر سیاستدان

سیاسی عمل کو سہولت کاروں، ٹھیکیداروں نے آلودہ کیا، شہریوں کے وفد سے گفتگو

کوئٹہ (پ ر) سینئر سیاستدان و سابق سینیٹر نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی نے کہا ہے کہ بلوچستان میں قدیم سے آباد سیٹلرز وفاق کی طرف دیکھنے کی بجائے اس سرزمین کی اکثریت میں شامل ہو کر بلوچستان کے معاملات کو بہتر بنانے سرزمین کے قومی حقوق میں اپنا کردار ادا کرتے ہوئے اس مٹی کا حق ادا کریں قومی اتفاق اور یکجہتی سے ہی ہم بلوچستان کے قومی، سیاسی، سماجی حقوق حاصل کر سکتے ہیں یہ بات انہوں نے سراوان ہاؤس میں رابطہ مہم کے ......... بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

## انڈس ہسپتال عوام کیلئے قابل قدر تحفہ ہے، ڈی جی جی ڈی اے

آئندہ منصوبوں میں پاک چین فرینڈشپ ہسپتال کی توسیع کو شامل کیا جائے، معین الرحمان خان

اسلام آباد/گوادر (خ ن) پاک چین اقتصادی راہداری (سی پیک) کے تحت گوادر میں مکمل، زیر تکمیل اور مستقبل کے منصوبوں کو عملی شکل دینے کیلئے جوائنٹ ورکنگ گروپ (Gwadar on JWG) کے نویں اجلاس کی تیاریوں کے سلسلے میں آج اسلام آباد میں ایک اہم اجلاس منعقد ہوا اجلاس کی صدارت سیکرٹری پلاننگ کمیشن ڈاکٹر محمد طاہر نور ......... بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

## نئے افسران کی شمولیت سے آپریشنل استعداد میں نمایاں بہتری متوقع ہے، بی آر اے

ٹیکس انسپکٹرز، آڈیٹرز، سرویئرز اور آئی ٹی افسران کی بھرتی کا عمل شفاف انداز میں مکمل کرلیا، حکام

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی کے میرٹ پر مبنی تقرریوں کے وژن کے تحت بلوچستان ریونیو اتھارٹی (BRA) میں ٹیکس انسپکٹرز، ٹیکس آڈیٹرز، سرویئرز اور آئی ٹی افسران کی بھرتی کا عمل انتہائی شفاف انداز میں مکمل کر لیا گیا۔ اس عمل کو صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی اور چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی مکمل معاونت حاصل رہی چیئرمین بلوچستان ریونیو اتھارٹی عبداللہ خان اور ان کی ٹیم نے ایک ......... بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر



کوئٹہ میٹروپولیٹن کارپوریشن کے ایڈمنسٹریٹر بشیر احمد بڑیچ پریس کانفرنس کر رہے ہیں

# مذہبی وسیاسی پارٹیاں متحد ہو کر تحریک کا آغاز کریں، خوشحال خان کاکڑ

پشتونخوا میپ اس جدوجہد میں صف اول کا کردار ادا کرتے ہوئے کسی قربانی سے دریغ نہیں کرے گی، پارٹی چیئرمین

آج کے پرفتن دور میں پشتون ملت ہر شعبہ زندگی میں بدترین بحرانوں و مشکلات سے دوچار ہے، شمولیتی اجتماع سے خطاب

قلعہ سیف اللہ (آن لائن) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے چیئرمین خوشحال خان کاکڑ نے کہا ہے کہ پشتونخوا وطن کی تمام سیاسی، جمہوری اور مذہبی پارٹیاں اور ہر طبقہ فکر کے عوام باہم متحد ہو کر مشترکہ ایجنڈے کے تحت مشترکہ جدوجہد اور تحریک کا آغاز کریں پشتونخوانیپ اس جدوجہد اور تحریک میں صف اول کا کردار ادا کرتے ہوئے کسی قربانی سے دریغ نہیں کرے گی اور پشتونخوانیپ کی قیادت اور کارکن کسی قسم کے کریڈٹ کے امیدوار نہیں۔ ارواشاد سردار محمد عثمان خان جوگیزئی کا خاندان احمد شاہ بابا کے وقت سے ہمیشہ باثر خاندان کی حیثیت کا مالک ہوتے ہوئے وطن اور عوام کی خدمت میں ایماندارانہ کردار ادا کرتا آیا ہے اور اپنے غیور عوام کے ساتھ مثبت، بہترین تعلقات اور انسانی دوستی اعلیٰ اقدار کے تحت تعلقات رکھتے رہے ہیں اور سیاست میں ......... بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

## قلات، مسلح افراد کا ٹرکوں پر حملہ، 6 گاڑیوں کو نقصان

قلات (یو این اے) قلات کے قریب مسلح افراد نے ٹرکوں کے ایک قافلے پر فائرنگ کر دی، جس کے نتیجے میں 6 ٹرکوں کو شدید نقصان پہنچنے کی اطلاعات موصول ہوئی ہیں۔ ٹرانسپورٹرز ذرائع کے مطابق واقعے کی اطلاع ملتے ہی سکیورٹی فورسز کی بھاری نفری فوری طور پر موقع پر پہنچ گئی اور علاقے کا محاصرہ کر کے صورتحال کا جائزہ لینا شروع کر دیا۔ خوش قسمتی سے حملے کے نتیجے میں تاحال کسی قسم کے جانی نقصان کی اطلاع سامنے نہیں آئی ہے۔

## پاسداران انقلاب کے 5 افسران کی معلومات پر انعام کی پیشکش

معلومات فراہم کرنے پر 1 کروڑ ڈالر تک انعام دیا جائیگا، امریکی محکمہ خزانہ

واشنگٹن (م ڈ) امریکی محکمہ خزانہ نے پاسداران انقلاب کے پانچ سینئر عہدیداروں کے بارے میں معلومات فراہم کرنے پر ایک کروڑ ڈالر تک کے انعامات کی پیشکش کی ہے۔ امریکی محکمہ خارجہ سے وابستہ ریوارڈز فار جسٹس اکاؤنٹ نے ایکس پر جاری ایک ......... بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر



## نیٹ میٹرنگ درخواستوں کے حل کی جانب اہم پیشرفت

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) نیٹ میٹرنگ درخواستوں کے زیر التوا معاملات کو حل کرنے کی جانب ایک اہم پیش رفت کے طور پر پاور ڈویژن نے نیشنل الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی (نیپرا) کی حالیہ ہدایات پر عملی اقدامات کرتے ہوئے تمام بجلی تقسیم کار کمپنیوں اور پاکستان انفارمیشن ٹیکنالوجی کمپنی (پی آئی ٹی سی) کو ان ہدایات پر فوری عملدرآمد کی ہدایت کر دی ہے۔ ترجمان پاور ڈویژن کے مطابق نیپرا کی ہدایات خاص طور پر ان نیٹ میٹرنگ کنکشنز سے متعلق ہیں۔۔

## وفاقی وزیر داخلہ کا دورہ ڈپلومیٹک انکلیو

محسن نقوی کی ڈپلومیٹک انکلیو میں سائیکلنگ و واکنگ ٹریکس کو جدید طرز پر تیار کرنے کی ہدایت

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے ڈپلومیٹک انکلیو کا دورہ کیا۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے ڈپلومیٹک انکلیو میں جاری ترقیاتی کاموں کا جائزہ لیا۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے چار دیواری، چیک پوسٹ کی ری ماڈلنگ، سائیکلنگ ٹریک اور واکنگ ٹریک پر پیش رفت کا معائنہ کیا۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے ہدایت کی کہ چار دیواری پر ہمہ وقت کام جاری رہنا چاہئے اور کام کے دوران ایک بھی درخت نہ کاٹا جائے۔ وزیر داخلہ نے ڈپلومیٹک ......... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

## کوئٹہ، مستونگ روڈ پر نامعلوم افراد کی فائرنگ سے 2 افراد قتل

نعشیں ہسپتال منتقل مزید کارروائی پولیس کر رہی ہے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) کوئٹہ علاقے مستونگ روڈ پر شیخ زید ہسپتال کے قریب نامعلوم افراد نے فائرنگ کر کے 2 افراد کو قتل کر دیا نعشیں ہسپتال منتقل کر دی گئیں تفصیلات کے مطابق گزشتہ شب مستونگ روڈ شیخ زید ہسپتال کے قریب نامعلوم افراد نے فائرنگ کر کے 2 افراد کو قتل کر دیا اور فرار ہو گئے نعشیں ہسپتال منتقل کر دی گئیں جنہیں ضروری کارروائی کے بعد شناخت کے لئے مردہ خانے میں رکھ دیا گیا۔ مزید کارروائی پولیس کر رہی ہے۔

## پاکستانی بینکوں کا سالانہ کروڑوں ڈالر بیرون ملک بھیجنے کا انکشاف

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سینیٹ کی قائمہ کمیٹی کے اجلاس میں بیرون ملک سے پاکستان آنے والی ترسیلات زر کی وصولی کے نظام سے متعلق اہم انکشافات سامنے آئے ہیں۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ ترسیلات زر وصول کرنے کے لیے پاکستانی بینک سالانہ تقریباً 800 ملین ڈالر بیرون ملک موجود بینکوں کو بھیجتے ہیں۔ سینیٹر سلیم مانڈوی والا نے کہا کہ ترسیلات زر وصول کرنے کے لیے مقامی بینکوں کو بیرون ملک بینکوں کو بھاری چارجز ادا کرنا پڑتے ہیں۔

## بے دردی سے قتل ہونیوالی حنا جاوید کیس میں اہم پیش رفت

ملزمان کے پولی گرافک اور ڈی این اے ٹیسٹ مکمل کر لیے، پولیس



راولپنڈی (م ڈ) راولپنڈی کے تھانہ سول لائن کے علاقے عسکری اپارٹمنٹس اڈیالہ روڈ ... میں سسرال میں بے دردی سے قتل کی جانے والی قومی اسمبلی میں تعینات ڈیجیٹل میڈیا ایگزیکٹو حنا جاوید کے قتل کیس میں اہم پیشرفت سامنے آئی ہے۔ ذرائع کے مطابق راولپنڈی ......... بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

## یمنی فوج کا حوثی ملیشیا کے ٹھکانوں پر ڈرون حملوں کا دعویٰ

یمن (م ڈ) یمن کی حکومتی مسلح افواج نے حوثی فورسز کے خلاف ڈرون حملوں کا اعلان کیا ہے۔ یمنی مسلح افواج کی جانب سے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر ویڈیوز جاری کی گئی ہیں جن کے متعلق دعویٰ کیا گیا ہے کہ یہ چھٹے اور ساتویں فوجی ریجن کی جانب سے 'حوثی ملیشیا' کے جنگجوؤں اور 'حوثیوں کے زیر کنٹرول ٹھکانوں' پر کیے گئے حملوں کی ویڈیوز ہیں۔ یمنی فوج عالمی برادری کی جانب سے تسلیم کردہ حکومت کے تحت کام کرتی ہے۔

## حج آپریشن کو مکمل ڈیجیٹل بنانے کی حکومتی پالیسی کے مثبت نتائج

لانگ حج پیکج کی باقی نشستیں بھی 25 اگست کو دوپہر 12 بجے مکمل ہو گئیں

حج پلیٹ فارم نے بکنگ اور واجبات کی ادائیگی کے پورے عمل کو آسان بنا دیا

اسلام آباد (شاکر رحمان) حج آپریشن کو مکمل ڈیجیٹل بنانے کی حکومتی پالیسی کے مثبت نتائج سامنے آنا شروع ہو گئے، حج 2027 کے لیے سرکاری حج سکیم کی تمام مختلف نشستیں ریکارڈ مدت میں صرف سات روز کے اندر مکمل ہو گئیں۔ 20 تا 25 روزہ مختصر حج پیکج کی نشستیں واجبات کی وصولی شروع ہونے کے پہلے ہی 24 گھنٹوں کے دوران مکمل ہو گئی تھیں جبکہ لانگ حج پیکج کی باقی نشستیں بھی آج 25 اگست کو دوپہر 12 بجے مکمل ہو گئیں۔ وزارت مذہبی امور کے مطابق حج 2027 کے لیے سرکاری حج سکیم کے تحت واجبات کی وصولی کا عمل ......... بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

# بلوچستان کے مسائل پر جرگہ بلانا ناگزیر ہے، جمعیت نظریاتی

مسائل کے حل کیلئے تمام مذہبی و سیاسی قیادتیں اختلافات سے بالاتر ہو کر کردار ادا کریں، مولانا عبدالقادر لونی، قاری مہر اللہ

پشتونخوامیپ کے وفد کی عبدالرؤف لالا کی قیادت میں مرکزی امیر جمعیت نظریاتی سے ملاقات، جرگے میں شرکت کی دعوت دی

کوئٹہ (آئی این پی) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی مرکزی ڈپٹی چیئرمین عبدالرؤف لالا کی سربراہی میں وفد کی جمعیت نظریاتی سیکرٹریٹ آمد جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی امیر مولانا عبدالقادر لونی کو امیر منتخب ہونے پر مبارکباد پیش کی اور پشتون قومی جرگہ کی دعوت دی جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی امیر مولانا عبدالقادر لونی صوبائی امیر مولانا قاری مہر اللہ ......... بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

## جبل نمکی، گیس سلنڈر پھٹنے کے باعث 5 افراد زخمی

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) جبل نمکی کے علاقے میں گیس سلنڈر پھٹنے سے 5 افراد زخمی ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز جبل نمکی کے علاقے میں دکان پر گیس سلنڈر پھٹنے سے 5 افراد زخمی ہو گئے دھماکے سے دکان کو شدید نقصان پہنچا زخمیوں کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔

## دالبندین، سرحد عبور کرنے کی کوشش ناکام، 13 افغان شہری گرفتار

سرحدی علاقوں میں غیر قانونی آمدورفت برداشت نہیں، سیکیورٹی حکام

دالبندین (یو این اے) دالبندین غیر قانونی سرحد عبور کرنے کی کوشش ناکام، 13 افغان شہری گرفتار سرحدی نگرانی مزید سخت، سیکیورٹی فورسز کی کارروائی میں 13 افغان شہری حراست میں کوئٹہ سیکیورٹی فورسز نے بلوچستان کے ضلع چاغی کے علاقے دالبندین میں کارروائی کرتے ہوئے غیر قانونی طور پر سرحد عبور کرنے کی کوشش کرنے والے 13 افغان شہریوں کو گرفتار کر لیا۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق کارروائی کے دوران مشتبہ افراد کو حراست میں لے کر مزید تفتیش کیلئے متعلقہ حکام کے حوالے کر دیا گیا ہے ذرائع کے مطابق سیکیورٹی فورسز نے ......... بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

## آپ ﷺ نے انسانیت کی خدمت کا درس دیا، سردار کوہیار خان ڈومکی

ہمیں چاہیے اپنی زندگیوں میں نبی کریم ﷺ کی تعلیمات کو اپنائیں، صوبائی وزیر انڈسٹریز

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر انڈسٹریز اینڈ کامرس بلوچستان چیف سردار کوہیار خان ڈومکی نے 12 ربیع الاول، جشن میلاد النبی ﷺ کے موقع پر امت مسلمہ کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ نبی کریم حضرت محمد ﷺ کی ولادت باسعادت پوری انسانیت کیلئے عظیم نعمت اور رحمت کا پیغام ہے۔ انہوں نے کہا کہ حضور اکرم ﷺ کی سیرت طیبہ ہمارے لئے بہترین نمونہ ہے۔ آپ ﷺ نے محبت، اخوت، رواداری، عدل و انصاف اور انسانیت کی خدمت کا درس دیا ہمیں چاہیے کہ اپنی زندگیوں میں نبی کریم ﷺ کی تعلیمات کو اپنائیں اور معاشرے میں ......... بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر



ایم ڈی پی ٹیوٹا کیپٹن (ر) عبدالکبیر زرکون گورنمنٹ کالج آف ٹیکنالوجی دورہ کے موقع پر پرنسپل ملک داد ورئیسانی بریفنگ دے رہے ہیں

# عید میلاد النبی ﷺ امن و اخوت کا پیغام ہے، عبید گورگیج

**سیرت نبوی ﷺ پر عمل سے رواداری اور بھائی چارہ فروغ پائے گا**

کوئٹہ (این این آئی) رکن بلوچستان اسمبلی حلقہ پی بی 44 اور پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما سردار عبیداللہ گورگیج نے عید میلاد النبی ? کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں عالم اسلام بالخصوص اہل بلوچستان کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ نبی کریم حضرت محمد مصطفی ? کی ولادت باسعادت پوری انسانیت کیلئے اللہ تعالیٰ کی عظیم نعمت اور رحمت ہے۔ آپ ? کی سیرت طیبہ ہمارے لیے امن، محبت، برداشت، بھائی چارے، عدل و انصاف اور انسانیت کی خدمت کا عملی نمونہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ عید میلاد النبی ? ہمیں اس عہد کی تجدید کا موقع فراہم کرتی ہے کہ ہم اپنی زندگیوں کو حضور اکرم ? کی تعلیمات کے مطابق ڈھالیں اور معاشرے میں محبت، اخوت اور رواداری کو فروغ دیں۔ نبی کریم ? نے انسانوں کے درمیان رنگ، نسل، زبان اور طبقے کی تفریق ختم کر کے مساوات اور بھائی چارے کا درس دیا۔ سردار عبیداللہ گورگیج نے کہا کہ آج امت مسلمہ کو درپیش چیلنجز کا مقابلہ اتحاد و اتفاق اور سیرت نبوی ? پر عمل کے ذریعے کیا جا سکتا ہے۔ ہمیں ضرورت مندوں، غریبوں اور محروم طبقات کا خیال رکھتے ہوئے معاشرے میں امن و خوشحالی کیلئے اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ عید میلاد النبی ? کی بابرکت ساعتوں کے صدقے ملک پاکستان بالخصوص بلوچستان میں امن و استحکام قائم فرمائے، عوام کو خوشحالی عطا کرے اور ہمیں نبی کریم ? کی تعلیمات پر حقیقی معنوں میں عمل کرنے کی توفیق دے۔

# ڈیرہ مراد جمالی، گلی محلوں میں مچھر مار اسپرے مہم کا آغاز

**شرقی اور غربی دونوں جانب گنجان آباد علاقوں اسپرے کیا گیا**

نصیر آباد (نامہ نگار) ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر نصیر آباد ڈاکٹر ایاز احمد جمالی کے خصوصی احکامات پر شہر ڈیرہ ...

ٹیم نے شہر کی شرقی اور غربی دونوں جانب گنجان آباد علاقوں، مختلف محلوں اور گلیوں سمیت نالیوں اور پانی کھڑا ہونے والے مقامات پر تارگٹڈ اسپرے کیا۔ ٹیم کی جانب سے معیاری مچھر مار دوا کا چھڑکاؤ کر کے مچھروں کی افزائش گاہوں کے خاتمے کے لیے مؤثر اقدامات کیے گئے، تاکہ شہریوں کو ملیریا، ڈینگی اور دیگر موسمی بیماریوں سے محفوظ رکھا جا سکے۔ محکمہ صحت کے مطابق مچھر مار اسپرے مہم پورے شہر ڈیرہ مراد جمالی میں مرحلہ وار جاری رہے ... نے کہا کہ ہمارا مقصد عوام کو صحت مند اور مچھروں سے پاک ماحول فراہم کرنا ہے، جس کے لیے محکمہ صحت کی جانب سے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ انہوں نے شہریوں سے اپیل کی کہ وہ اپنے گھروں اور اردگرد کے علاقوں میں صفائی کا خصوصی خیال رکھیں، پانی کھڑا نہ ہونے دیں اور اسپرے ٹیموں کے ساتھ بھرپور تعاون کریں۔

# انسپکٹریٹ آف مائنز مچھ کے زیر اہتمام تربیتی ورکشاپ کا انعقاد

**مائن سیفٹی قوانین سے متعلق قانونی تقاضوں کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ**

مچھ (خ ن) انسپکٹریٹ آف مائنز مچھ میں آج مورخہ 25 اگست 2026 کو مچھ کول فیلڈ میں مائن سیفٹی قوانین کے مؤثر نفاذ، کان کنوں کے تحفظ اور حفاظتی معیار میں مزید بہتری کے حوالے سے مائن مالکان، مائن منیجرز، مائن سرداروں، ریزنگ کنٹریکٹرز اور دیگر متعلقہ اسٹیک ہولڈرز کے لیے ایک اہم تربیتی ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا۔ ورکشاپ کے دوران انسپکٹر آف مائنز مچھ قربان علی عمرانی، الیکٹرک انسپکٹر آف مائنز مچھ عارف حسین عمرانی اور جونیئر انسپکٹر آف مائنز مچھ محمد اسامہ نے شرکاء کو مائن سیفٹی قوانین، حفاظتی انتظامات، برقی تحفظ اور کان کنوں کے تحفظ سے متعلق قانونی تقاضوں کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ اور تربیت فراہم کی۔ اس موقع پر مچھ کول فیلڈ میں مائن سیفٹی کے مختلف امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا، بالخصوص حفاظتی انتظامات، کان کنوں کی حاضری اور ریکارڈ، صحت و طبی سہولیات کے مؤثر انتظامات، مناسب وینٹیلیشن، برقی نظام کی حفاظت، ریسکیو سہولیات، فرسٹ ایڈ، حفاظتی آلات کی دستیابی، مائن انسپکشن، تربیت یافتہ افرادی قوت اور دیگر متعلقہ قانونی تقاضوں پر خصوصی توجہ دی گئی۔ ورکشاپ میں اس امر پر زور دیا گیا کہ مائن مالکان، مائن منیجرز اور دیگر ذمہ داران مائنز میں حفاظتی قوانین اور محکمہ مائنز کی جانب سے وضع کردہ قواعد و ضوابط پر مکمل اور مؤثر عملدرآمد یقینی بنائیں۔ اس سلسلے میں کارکنوں کی باقاعدہ سیفٹی ٹریننگ، حاضری و ریکارڈ کی درستگی، صحت و صفائی کے مؤثر انتظامات، مناسب حفاظتی آلات کی فراہمی اور ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے ضروری ریسکیو سہولیات کو یقینی بنانے کی اہمیت اجاگر کی گئی۔ شرکاء کو آگاہ کیا گیا کہ مؤثر حفاظتی انتظامات اور قوانین پر عملدرآمد کے ذریعے کان کنی کے دوران حادثات کی روک تھام، قیمتی انسانی جانوں کا تحفظ اور کان کنوں کے لیے محفوظ، صحت مند اور بہتر کام کا ماحول فراہم کیا جا سکتا ہے۔ ورکشاپ کا مقصد مائنز میں حفاظتی کلچر کو مزید فروغ دینا، قوانین پر عملدرآمد کو مؤثر بنانا اور کان کنوں کے تحفظ کے معیار کو بہتر بنانا تھا۔

**بلوچستان کا مسئلہ مذاکرات سے حل ہو سکتا ہے، اسلم اچکزئی**

کوئٹہ (یو این اے) مظلوم عوامی تحریک پاکستان کے صوبائی صدر اسلم اچکزئی نے کہا ہے کہ بلوچستان کا مسئلہ طاقت کے ذریعے نہیں بلکہ گفت و شنید اور سیاسی مذاکرات کے ذریعے حل کیا جا سکتا ہے۔ بلوچستان کے عوام تمام بڑی سیاسی جماعتوں کی کارکردگی سے مایوس ہو چکے ہیں، جبکہ باشعور عوام مظلوم عوامی تحریک پاکستان کو امید کی کرن سمجھتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اوستہ محمد کے سیاسی، سماجی و قوم پرست رہنما محمد حنیف بلوچ کی قیادت میں آنے والے وفد سے ملاقات کے دوران یو این اے سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر بلوچستان کی مجموعی سیاسی صورتحال، عوامی مسائل اور صوبے میں پائیدار امن کے قیام سمیت مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اسلم اچکزئی نے کہا کہ بلوچستان کے عوام کو درپیش مسائل کا حل طاقت اور سخت پالیسیوں میں نہیں بلکہ سیاسی بصیرت، باہمی اعتماد اور بامقصد مذاکرات میں ہے۔ عوام کو بنیادی حقوق، روزگار، تعلیم، صحت اور دیگر بنیادی سہولیات کی فراہمی یقینی بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیاسی جماعتوں کو ذاتی و گروہی مفادات سے بالاتر ہو کر بلوچستان کے اجتماعی مفاد کیلئے اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ مظلوم عوامی تحریک پاکستان عوام کے حقوق کے حصول اور ان کے مسائل کے حل کیلئے ہر جمہوری و آئینی فورم پر آواز بلند کرتی رہے گی۔ اسلم اچکزئی نے مزید کہا کہ بارڈروں کی بندش کی وجہ سے بلوچستان میں بے روزگاری میں بے تحاشا اضافہ ہوا ہے، جس کی وجہ سے صوبے میں بدامنی اور دہشت گردی میں دن بدن اضافہ ہو رہا ہے، جس کیلئے حکمرانوں کو ہوش کے ناخن لینا ہوں گے۔

**معذور ملازمین کا کنونشن قائم**

... اسپیشل کنوینس الاؤنس میں عدم اضافے کے حوالے سے ایک اہم ورچوئل اجلاس منعقد ہوا، جس میں صوبہ بھر سے درجنوں باہم معذور ملازمین نے شرکت کی۔ اجلاس کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا، جس کی سعادت محروم بصارت ملازم بلوچستان یونیورسٹی نصراللہ شاہوانی نے حاصل کی۔ اجلاس کی میزبانی نادر شاہ، ملازم محکمہ خزانہ، اور نادر خان، ملازم ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ، نے انجام دی۔ اجلاس میں سب سے پہلے ملازمین باہم معذوری کے اسپیشل کنوینس الاؤنس کی عدم فراہمی اور بجٹ 2026-27 میں اس میں اضافہ نہ کیے جانے کا معاملہ زیر بحث آیا۔ شرکاء نے حکومت بلوچستان کی جانب سے سال 2023 کے بعد سے اب تک اس الاؤنس میں کوئی اضافہ نہ کیے جانے پر شدید تشویش کا اظہار کیا۔ اجلاس میں متفقہ طور پر فیصلہ کیا گیا کہ الاؤنس کی سمری کی حتمی منظوری کیلئے وزیر اعلیٰ سیکریٹریٹ سے رجوع کیا جائے گا۔

**صوبے میں جنگل کا قانون، امن ناپید ہے، عنایت اللہ بازئی**

کوئٹہ (آئی این پی) جمعیت علمائے اسلام تحصیل بوستان کے امیر حاجی عنایت اللہ بازئی، جنرل سیکرٹری حافظ نعمت اللہ اور کابینہ کے دیگر اراکین نے اپنے مشترکہ بیان میں صوبے میں بڑھتی ہوئی بدامنی پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ صوبے میں جنگل کا قانون ہے اور امن نام کی کوئی چیز نہیں۔ انہوں نے کہا کہ صوبے میں بدامنی عروج پر پہنچ چکی ہے، آئے روز قتل و غارت، ڈکیتی اور دیگر جرائم کے واقعات میں اضافہ ہو رہا ہے، جس کے باعث عوام میں شدید خوف و ہراس پایا جاتا ہے۔ جے یو آئی تحصیل بوستان کے رہنماؤں نے کہا کہ شہری اپنے آپ کو غیر محفوظ سمجھ رہے ہیں جبکہ حکومت عوام کو تحفظ فراہم کرنے میں بری طرح ناکام ہو چکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ امن و امان کی بگڑتی ہوئی صورتحال پر قابو پانے کیلئے مؤثر اور فوری اقدامات کی ضرورت ہے۔

# غیر حاضر اساتذہ کے ساتھ نرمی نہیں برتی جائے گی، ڈی سی

**تمام سرکاری سکولوں کی روزانہ کی بنیاد پر مؤثر نگرانی یقینی بنائی جائے**

بارکھان (خ ن) ڈپٹی کمشنر بارکھان سعید الرحمن کاکڑ کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ (DEG) کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر بارکھان، خزانہ آفیسر، انچارج آر ٹی ایس ایم، ڈپٹی ڈی ای اوز اور یونین کے نمائندگان نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران ڈپٹی کمشنر بارکھان کو ضلع بھر کے سرکاری سکولوں کی صورتحال، اساتذہ کی حاضری اور تعلیمی امور سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر سعید الرحمن کاکڑ نے مسلسل غیر حاضر رہنے والے بعض اساتذہ کے خلاف قواعد و ضوابط کے مطابق سخت محکمانہ کارروائی، تنخواہوں میں کٹوتی اور دیگر ضروری اقدامات کے احکامات جاری کیے۔ انہوں نے ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر کو ہدایت کی کہ ضلع بھر کے تمام سرکاری سکولوں کی روزانہ کی بنیاد پر مؤثر نگرانی یقینی بنائی جائے اور اساتذہ کی حاضری ہر صورت یقینی بنائی جائے۔ ڈپٹی کمشنر نے واضح کیا کہ غیر حاضر اساتذہ کے ساتھ کسی قسم کی نرمی نہیں برتی جائے گی۔ انہوں نے تمام اساتذہ کو اپنی حاضری یقینی بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ خلاف ورزی کی صورت میں قواعد و ضوابط کے مطابق سخت محکمانہ و قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

# ڈسٹرکٹ منیجر پی پی ایچ آئی کا بی ایچ یوز اور بی ایچ یو ڈام کا دورہ

**عملے کی حاضری اور عوام کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کا جائزہ لیا**

حب (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے مطابق شہریوں کو صحت کی سہولیات ان کی دہلیز تک پہنچانے کے سلسلے میں ڈسٹرکٹ منیجر پی پی ایچ آئی ڈاکٹر مرشد دشتی نے بی ایچ یو بیرا اور بی ایچ یو ڈام کا مانیٹرنگ دورہ کیا، جہاں انہوں نے بنیادی مراکز صحت کی معمول کی سرگرمیوں، عملے کی حاضری اور عوام کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر انہوں نے ادویات کے اسٹاک، کولڈ چین، سروس ڈیلیوری، ڈیٹا کے معیار اور عملے کی کارکردگی کا معائنہ کیا، جبکہ طبی عملے کو مؤثر خدمات کی فراہمی مزید بہتر بنانے کے لیے ضروری رہنمائی بھی فراہم کی۔ ڈاکٹر مرشد دشتی نے مراکز صحت میں درپیش مسائل کی نشاندہی کرتے ہوئے موقع پر ہی متعلقہ امور کے حل کے لیے ضروری ہدایات جاری کیں۔ انہوں نے کہا کہ عوام کو معیاری اور بروقت طبی سہولیات کی فراہمی، بنیادی مراکز صحت کی مؤثر فعالیت اور سروس ڈیلیوری میں بہتری اولین ترجیحات میں شامل ہیں۔



کوہلو: ڈپٹی کمشنر کے دفتر میں ایکسین تعمیرات و مواصلات محبت مری کے ساتھ ٹھیکیداران محو گفتگو ہیں

# عوام کے جان و مال کا تحفظ انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے، ڈی سی

**علاقے میں امن و امان کی صورتحال کو ہر صورت برقرار رکھا جائے گا**

ڈیرہ بگٹی (خ ن) ڈپٹی کمشنر سوئی/ڈیرہ بگٹی زوہیب الحق کی زیر صدارت تحصیل سوئی میں ڈسٹرکٹ انٹیلی جنس کوآرڈینیشن کمیٹی (DICC) کا اجلاس منعقد ہوا، جبکہ ساتھ ہی ڈیرہ بگٹی میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر کی زیر صدارت DICC اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاسوں میں ماہ ربیع الاول کے بابرکت مہینے اور 26 اگست کے حوالے سے علاقے میں امن و امان اور سیکیورٹی کی مجموعی صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں سیکیورٹی اداروں اور متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران 26 اگست کے موقع پر فول پروف سیکیورٹی انتظامات کو یقینی بنانے کے لیے جامع لائحہ عمل پر غور کیا گیا۔ اس موقع پر اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ علاقے میں امن و امان کی صورتحال کو ہر صورت برقرار رکھا جائے گا۔ ماہ ربیع الاول کے دوران ڈیرہ بگٹی اور سوئی میں منعقد ہونے والی محافل اور نکالے جانے والے جلوسوں کے روٹس سمیت دیگر اہم مقامات کی سیکیورٹی کا بھی تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں جلوسوں اور محافل کے لیے فول پروف سیکیورٹی انتظامات کو یقینی بنانے کے حوالے سے اہم فیصلے کیے گئے۔ ڈپٹی کمشنر سوئی/ڈیرہ بگٹی زوہیب الحق نے کہا کہ ماہ ربیع الاول کے دوران تمام جلوسوں اور محافل کے لیے جامع اور مربوط سیکیورٹی پلان تشکیل دیا گیا ہے، جس پر مؤثر عملدرآمد یقینی بنایا جائے گا۔ انہوں نے متعلقہ محکموں کو ہدایت کی کہ باہمی رابطہ کاری کو مزید مؤثر بنایا جائے اور جلوسوں کے روٹس پر سیکیورٹی، صفائی ستھرائی سمیت دیگر بنیادی سہولیات کی بروقت فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ امن و امان کا قیام اور عوام کے جان و مال کا تحفظ ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے۔

# ون وے ٹریفک نظام کے احکامات کی خلاف ورزی جاری

**پولیس اہلکار، افسران بااثر شخصیات خلاف ورزی کرتے گزر جاتے ہیں**

**ڈیوٹی پر موجود ٹریفک پولیس اہلکار بے بسی سے انہیں دیکھتے رہ جاتے ہیں**

اوستہ محمد (نامہ نگار) اوستہ محمد جناح روڈ پر نافذ ون وے ٹریفک نظام کے احکامات کی کھلم کھلا خلاف ورزی کا سلسلہ جاری ہے، جہاں پولیس اہلکاروں اور مقامی افسران سمیت بعض بااثر شخصیات بھی ون وے کی خلاف ورزی کرتے ہوئے گزر جاتی ہیں، جبکہ ڈیوٹی پر موجود ٹریفک پولیس اہلکار بے بسی سے انہیں دیکھتے رہ جاتے ہیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ ون وے نظام شاید صرف عام شہریوں کے لیے نافذ کیا گیا ہے، بااثر افراد کے لیے اس قانون کی کوئی حیثیت نظر نہیں آتی۔ شدید گرمی کے باوجود ٹریفک پولیس اہلکار جناح روڈ پر ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے اور شہریوں کو بہتر سفری سہولیات فراہم کرنے کے لیے فرائض انجام دے رہے ہیں، تاہم بااثر افراد کی جانب سے قوانین کی خلاف ورزی سے ٹریفک انتظامات متاثر ہو رہے ہیں۔ عوامی حلقوں نے حکام بالا سے مطالبہ کیا ہے کہ جناح روڈ کے ون وے نظام پر بلاامتیاز عملدرآمد یقینی بنایا جائے اور خلاف ورزی کرنے والے ہر شخص کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کی جائے۔

**صحبت پور سکول میں سیرت النبی ﷺ کانفرنس کا انعقاد**

کوئٹہ (آن لائن) گورنمنٹ بوائز پرائمری سکول عمر خان کھوسہ، تحصیل حیر الدین، ضلع صحبت پور بلوچستان میں کمیونٹی، اساتذہ اور والدین کے زیر اہتمام سیرت النبی ﷺ کانفرنس منعقد ہوئی، جس میں سپروائزر ایجوکیشن آفیسر امید علی کنرانی، انعام اللہ خان کھوسہ، مولانا عبدالحمید بہرانی، حافظ محمد رحیم کھوسہ قادری، احسان اللہ اثر، قادر محمد رمضان بہرانی اور سومر خان بروہی نے شرکت کی اور اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ جلسے کا آغاز طلبہ کے "رہبرو رہنما مصطفی ﷺ، آقا کی آمد مرحبا" کے فلک شگاف نعروں سے ہوا، جس سے پورا میدان گونج اٹھا۔ تلاوت قرآن پاک کی سعادت حافظ محمد رحیم نے حاصل کی، جبکہ نعت رسول مقبول ﷺ کا ہدیہ قادر محمد رمضان اور قادری احسان اللہ اثر نے پیش کیا۔ مہمان خصوصی رئیس اللہ ڈنہ منگریو اور امید علی کنرانی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آپ ﷺ کی آمد سے قبل ملک عرب میں جہالت عام تھی، شراب نوشی، جوا، چوری، یہاں تک کہ زندہ بچیوں کو قبر میں دفن کرنا، خواتین کی بے حرمتی، بڑوں کے ساتھ بدتمیزی اور بتوں کی پوجا عام تھی۔ تمام برائیوں کے خاتمے کیلئے اللہ رب العالمین نے انبیائے کرام علیہم السلام کو باری باری بھیجا۔ جب آپ ﷺ تشریف لائے تو عرب کی کایا پلٹ گئی۔ ہمیں آپ ﷺ کی سنتوں کو اجاگر کرنا اور اسوہ حسنہ پر عمل پیرا ہو کر زندگی گزارنی چاہیے۔

**جمعیت آئینی جدوجہد سے اسلامی نظام لائیگی، صدیق مدنی**

کوئٹہ (اے این این) جمعیت علماء اسلام نظریاتی بلوچستان کے رہنماؤں حافظ محمد صدیق مدنی، مولوی فضل الباری، حافظ محمد ادریس فاروقی، حافظ حضرت علی، ملا نصر الدین اور حافظ سیف الرحمان صدیق نے کہا ہے کہ جمعیت علماء اسلام کی سیاسی جدوجہد کا بنیادی مقصد پاکستان میں قرآن و سنت کی تعلیمات کی روشنی میں ایسا نظام قائم کرنا ہے جس میں عدل و انصاف، مساوات، دیانت، انسانی حقوق اور قانون کی بالادستی کو یقینی بنایا جائے۔ جماعت کا موقف ہے کہ پاکستان ایک اسلامی جمہوری ریاست ہے اور اس کے آئین میں اسلام کی بنیادی تعلیمات کو ریاستی نظام کیلئے رہنما اصول قرار دیا گیا ہے۔ جمعیت علماء اسلام اسلامی نظام کے نفاذ کو طاقت، تشدد یا غیر آئینی طریقوں کے ذریعے نافذ کرنے کے بجائے پارلیمانی، آئینی اور جمہوری جدوجہد کا راستہ اختیار کرتی ہے۔ جماعت سمجھتی ہے کہ معاشرے میں اسلامی اقدار کا فروغ عوام کی سیاسی و اخلاقی تربیت، قانون سازی، تعلیم اور پرامن عوامی جدوجہد کے ذریعے ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام کے نزدیک اسلامی نظام کا مطلب صرف چند ظاہری قوانین کا نفاذ نہیں بلکہ ایسا معاشرہ قائم کرنا ہے جہاں غریب کو انصاف ملے، کمزور کے حقوق محفوظ ہوں، حکمران خود کو عوام کا خادم سمجھیں، کرپشن اور ظلم کا خاتمہ ہو، جان و مال اور عزت و آبرو محفوظ ہو اور ریاست ہر شہری کے ساتھ انصاف کرے۔

**اسکولوں اور مدارس میں پولیو مہم کیلئے جامع پلان تیار**

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ ایسٹ مہر اللہ بادینی کی زیر صدارت ایف آئی پی ڈی/ اوپی ڈی پولیو کمپین کے حوالے سے اہم ڈسٹرکٹ ایجوکیشن کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں 31 اگست سے شروع ہونے والی پولیو مہم کے دوران اسکولوں اور مدارس میں بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے اور ویکسین پلانے کے حوالے سے انتظامات اور حکمت عملی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں سرکاری و نجی اسکولوں اور مدارس میں پولیو مہم کے مؤثر انعقاد کیلئے جامع پلان مرتب کیا گیا، جبکہ پولیو ٹیموں کے ساتھ محکمہ تعلیم، مدارس اور نجی تعلیمی اداروں کے نمائندوں کے درمیان مؤثر رابطہ اور باہمی تعاون یقینی بنانے پر اتفاق کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی نے کہا کہ پولیو کا مکمل خاتمہ مشترکہ ذمہ داری ہے، اس لیے تمام متعلقہ ادارے مہم کو کامیاب بنانے کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کریں۔ انہوں نے ہدایت کی کہ اسکولوں اور مدارس میں پولیو ٹیموں کو مکمل تعاون فراہم کیا جائے اور والدین، اساتذہ اور طلبہ میں پولیو ویکسین کی اہمیت کے حوالے سے آگاہی پیدا کی جائے۔



کوئٹہ: صوبائی مشیر بلدیات نوابزادہ امیر حمزہ زہری سے نیشنل پارٹی کی رکن اسمبلی کلثوم نیاز ملاقات کر رہی ہیں

# سرانان میں مزدوروں کا قتل انسانیت سوز عمل ہے، بی ایل ایف

**لیبر فیڈریشن کا شفاف تحقیقات اور ملوث عناصر کی گرفتاری کا مطالبہ**

**حکومت مزدوروں اور شہریوں کے جان و مال کا تحفظ یقینی بنائے**

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان لیبر فیڈریشن کے رہنماؤں نے پشین تحصیل سرانان کے کلی سلیمانزئی روڈ پر نامعلوم مسلح افراد کی جانب سے پانچ مزدوروں کو فائرنگ کر کے شہید کیے جانے کے افسوسناک واقعے پر گہرے رنج و غم اور شدید تشویش کا اظہار کیا ہے۔ فیڈریشن کے رہنماؤں نے اپنے مشترکہ تعزیتی بیان میں کہا ہے کہ محنت مزدوری کر کے اپنے خاندانوں کا پیٹ پالنے والے پانچ بے گناہ مزدوروں کا قتل انتہائی انسانیت سوز اور قابل مذمت واقعہ ہے۔ اس اندوہناک واقعے سے شہداء کے خاندانوں کو ناقابل تلافی نقصان پہنچا ہے۔ رہنماؤں نے شہید مزدوروں کے لواحقین سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے حکومت اور قانون نافذ کرنے والے اداروں سے مطالبہ کیا کہ واقعے کی فوری اور شفاف تحقیقات کر کے ملوث عناصر کو گرفتار کیا جائے اور انہیں قانون کے مطابق سخت سزا دی جائے۔ انہوں نے کہا کہ مزدوروں اور عام شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے تاکہ ایسے افسوسناک واقعات کا سدباب ہو سکے۔

# مزدوروں کو نشانہ بنانا بزدلانہ عمل ہے، علی رضا یوسفزئی

**سماجی و قبائلی رہنما کا خاندانوں سے تعزیت، زخمیوں کیلئے طبی سہولیات کا مطالبہ**

**حکومت ملوث عناصر گرفتار کر کے متاثرہ خاندانوں کی مالی معاونت کرے**

کوئٹہ (آن لائن) سماجی و قبائلی رہنما سردار علی رضا یوسفزئی نے سرانان بازار میں مزدوروں پر فائرنگ کے افسوسناک واقعے کی شدید الفاظ میں مذمت ... بزدلانہ اور انسانیت سوز عمل ہے۔ انہوں نے واقعے میں جاں بحق ہونے والے مزدوروں کے لواحقین سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ غم کی اس گھڑی میں وہ متاثرہ خاندانوں کے ساتھ برابر کے شریک ہیں، جبکہ زخمیوں کی جلد صحتیابی کیلئے دعا گو ہیں۔ سردار علی رضا یوسفزئی نے کہا کہ بلوچستان میں امن و امان کو سبوتاژ کرنے اور معصوم شہریوں کو نشانہ بنانے والے عناصر کسی رعایت کے مستحق نہیں۔ حکومت واقعے میں ملوث عناصر کو فوری گرفتار کر کے قانون ... بہترین طبی سہولیات فراہم کی جائیں اور مزدوروں سمیت تمام شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کیلئے مؤثر اقدامات مزید یقینی بنائے جائیں۔ سردار علی رضا یوسفزئی نے کہا کہ ایسے بزدلانہ حملوں سے بلوچستان کے عوام کے حوصلے پست نہیں کیے جا سکتے۔ قوم دہشت گردی کے خلاف متحد ہے اور امن دشمن عناصر اپنے مذموم عزائم میں کبھی کامیاب نہیں ہوں گے۔

# گورنمنٹ کالج ٹیکنالوجی کو ماڈل ادارہ بنائیں گے

**جدید مشینری اور ٹیکنالوجی سے نوجوانوں کو روزگار کے مواقع ملیں گے**

کوئٹہ (آئی این پی) کیپٹن (ریٹائرڈ) عبدالکبیر زرکون نے بلوچستان ٹیکنیکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل ٹریننگ اتھارٹی (TEVTA-B) کے منیجنگ ڈائریکٹر (ایم ڈی) کا عہدہ سنبھالنے کے بعد باقاعدہ کام کا آغاز کر دیا ہے۔ اپنے عہدے کا چارج لیتے ہی انہوں نے دیگر افسران کے ہمراہ گورنمنٹ کالج آف ٹیکنالوجی کوئٹہ کا تفصیلی دورہ کیا۔ دورے کے دوران پرنسپل گورنمنٹ کالج آف ٹیکنالوجی ملک داد رئیسانی نے ایم ڈی بی ٹیوٹا کو ادارے کی کارکردگی، تعلیمی شعبہ جات اور درپیش مسائل سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی۔ بعد ازاں ایم ڈی بی ٹیوٹا نے کالج کی تمام لیبز اور مختلف ٹریڈز کا معائنہ کیا اور وہاں موجود اسٹاف، انسٹرکٹرز اور دیگر افسران سے ملاقات کر کے ان کے مسائل دریافت کیے۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے ایم ڈی بی ٹیوٹا کیپٹن (ر) عبدالکبیر زرکون نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے تحت بی ٹیوٹا بہت جلد گورنمنٹ کالج آف ٹیکنالوجی کو جدید ترین مشینری اور وقت کے تقاضوں کے مطابق ٹیکنالوجی سے لیس کر کے ایک ماڈل انسٹیٹیوٹ میں ڈھالے گا، تاکہ یہاں سے تربیت حاصل کرنے والے نوجوان فوری طور پر باعزت روزگار حاصل کر سکیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ صنعتی شعبے کی جدید ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے جامع اور بہتر حکمت عملی اپنائی جائے گی تاکہ مقامی نوجوانوں کیلئے روزگار کے وسیع اور بہتر مواقع میسر آ سکیں۔ واضح رہے کہ بی ٹیوٹا ترمیمی ایکٹ 2026 کی منظوری کے بعد صوبے کے تمام فنی، تکنیکی اور پیشہ ورانہ ترجیحی ادارے اب بی ٹیوٹا کی چھتری تلے کام کریں گے، جس کا مقصد فنی تعلیم کے معیار کو یکساں اور مؤثر بنانا ہے۔ دورے کے اختتام پر کالج انتظامیہ اور اسٹاف نے ایم ڈی بی ٹیوٹا کو اپنے مکمل تعاون کا یقین دلایا اور عزم ظاہر کیا کہ ادارے کی بہتری اور اس کا تعلیمی و فنی مقام بلند کرنے کیلئے مشترکہ کوششیں جاری رکھی جائیں گی۔

# سیرت النبی ﷺ پوری انسانیت کیلئے روشن راہ ہے

**ربیع الاول سیرت نبوی ﷺ اور تعلیمات پر عمل کا پیغام ہے**

**توحید، عدل، اخوت، سیرت نبوی ﷺ کے بنیادی اسباق ہیں**

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما میر فرید خان رئیسانی نے کہا ہے کہ نبی کریم ﷺ کی ولادت باسعادت تاریخ انسانیت کا ایک عظیم روشن باب ہے۔ آپ ﷺ کی آمد نے انسانیت کو جہالت، ظلم اور اخلاقی پستی کے اندھیروں سے نکال کر توحید، عدل، رحمت اور حسن اخلاق کی روشن راہ دکھائی۔ انہوں نے کہا کہ آپ ﷺ نے اپنی پوری زندگی انسانوں کو اللہ تعالیٰ کی بندگی، باہمی محبت، عدل و انصاف، اخوت اور امن کا درس دیا۔ آپ ﷺ کا اسوہ حسنہ آج بھی پوری انسانیت کیلئے بہترین نمونہ اور ہدایت کا سرچشمہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ آپ ﷺ کی ولادت باعث ہے، ربیع الاول مسلمانوں کو نبی کریم ﷺ کی سیرت طیبہ اور تعلیمات نبوی کو یاد کرنا ہی زندگی کی اصل روشنی ہے، آج ہمارا قلم، ہماری کتاب اور ہمارا میڈیا اسی روشنی کا سفیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ نبی کریم ? کی ولادت باسعادت کا ایک نہایت اہم پہلو یہ ہے کہ آپ ﷺ نے انسان کی قدر و منزلت کا معیار تبدیل کر دیا۔ آپ ﷺ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک سب سے عزت والا وہ ہے جو سب سے زیادہ متقی ہے۔ یہ اعلان انسانی مساوات، اخلاقی ذمہ داری اور تقویٰ پر مبنی معاشرے کی بنیاد ہے۔ اس کے ساتھ آپ ﷺ نے اندھیرے میں ڈوبی دنیا کو توحید اور اخلاق کا نور عطا کیا اور آپ ﷺ نے عورت کو وہ عزت دی جو پہلے سوچی بھی نہ تھی۔ انہوں نے کہا کہ نبی کریم ﷺ کی ولادت باسعادت تاریخ انسانیت کا ایک عظیم روشن باب اور سیرت النبی ﷺ پوری انسانیت کیلئے مکمل ضابطہ حیات ہے۔ نبی کریم ﷺ نے اندھیرے میں ڈوبی دنیا کو توحید اور اخلاق کا نور عطا کیا۔

**بعدالت جناب سینئر سول جج 4 شاءاللہ کاکڑ صاحب کوئٹہ**

مثل نمبر 26/148، آئندہ تاریخ سماعت 11-09-2026۔

(ا) رضیہ نصیب (۲) مروہ نصیب (۳) لاریب بی بی (مائنر) (۴) سردار حفیظ اللہ (مائنر) (۵) سردار سمیع اللہ (مائنر) پسران و دختران سردار نصیب اللہ خان تمام درخواست گزاران بذریعہ درخواست گزار (ا) اتارنی ساکنان محلہ رحمت کالونی سرکی روڈ کوئٹہ۔ درخواست برائے جانشینی / لیٹر آف ایڈمنسٹریشن

عنوان: اشتہار بنام عوام الناس۔ ہرگاہ مقدمہ درج بالا عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے جسکی آئندہ تاریخ سماعت 11-09-2026 کو مقرر ہو چکی ہے۔ درج بالا مقدمہ ہذا میں سائلین نے درخواست جانشینی / لیٹر آف ایڈمنسٹریشن عدالت ہذا میں گزاری ہے۔ لہٰذا بذریعہ اشتہار عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ درج بالا درخواست کے بابت کسی کو بھی کسی قسم کا کوئی عذر ہو تو مقررہ تاریخ پر اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہو کر مقدمہ کی پیروی کریں، بصورت دیگر یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائیگی۔ سینئر سول جج IV کوئٹہ۔


## TENDER NOTICE

The Beef Production Research Center Sibi invites bids from eligible Bidders for supply of following items. **TSE-2627081175331 Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB.** Tender Fee 2,000 PKR

| S.No | Class of Object | Bid Security |
|---|---|---|
| 1 | Animal Food & Medicine (Total Item(s) Count: 2) | 340,000 PKR |

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** 2 Assignments of Similar Nature and Complexity 5,000,000 in Previous 2 Years Turn over of at least 5,000,000 PKR in 2 Subsequent Previous Years Presence in Active Tax Payer List Sales Tax Certificate The bidding firm must not be currently blacklisted by any procuring agency of Pakistan JV is not permissible Submission of the required Bid Security In case Bid Security is not found as required during financial evaluation the bidding firm shall be declared as in-eligible and non-responsive Submission of the required Bidding document Fee **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Deposit at Call of amount 340,000 PKR specified above in the name of undersigned from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by 09 September, 2026till 12:00 PM through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at 01:00 PM on EPPS System Address: Sibi Phone no: 8339230023 Email: drfareedullahlivestock@gmail.com

**Superintendent Beef Production Research Center Sibi**

DPRQ/PRQ No.1013/25-8-2026

## TENDER NOTICE

The Deputy Conservator of Forest Quetta City has invites the sealed tender from eligible bidder for execution of following works on composite schedule of Govt of Balochistan. **BID SECURITY 2%**

| S.NO | NAME OF WORK | E/COST |
|---|---|---|
| 1. | Establishment of breeding farm at Quetta TSE-2627081177253 | 5,000,000 |

